مُعلّمُ الانشاء
عربی تحریر و ترجمہ سکھانے کی ایک فنّی کتاب
www.KitaboSunnat.com
حصہ اوّل
از
مولانا عبدالماجد ندوی
سابق اُستاد ادب دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ
مجلس نشریاتِ اسلام
۱۔ کے۔۳ ناظم آباد مینشن۔ ناظم آباد، کراچی ۷۴۶۰۰

(حصّہ اوّل)

عربی ترجمہ و انشاء کا سلسلۂ نصاب، مع ضروری قواعد صرف ونحو

از

مولانا عبدالماجد ندوی
اُستادِ ادب دارالعلوم ندوۃ العلما لکھنؤ

مجلس نشریات اسلام
ا-کے-۳، ناظم آباد مینشن، ناظم آباد نمبر ا، کراچی-۷۴۶۰۰
فون نمبر: ۶۶۰۰۸۹۶-۶۶۰۱۸۱۷

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مُقدمہ

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

امابعد۔ عربی زبان کی دو حیثیتیں ہیں، ایک تو وہ قرآن و حدیث کی زبان ہے اور اس میں ہماری دینی اصطلاحات و الفاظ ہیں۔ اس سے واقفیت کے بغیر ہمیں اسلام کے نظام و احکام سے براہ راست واقفیت اور اس کے عظیم الشان علمی ذخیرہ سے جو اپنے تاریخی مساحت میں ساڑھے تیرہ سو برس کی طویل مدت اور اپنے جغرافی وسعت میں عالم اسلام کے وسیع رقبہ پر پھیلا ہوا ہے صحیح تعلق نہیں پیدا ہو سکتا اور ہم اس سے کوئی استفادہ نہیں کر سکتے۔

یہ حیثیت عربی زبان کی اوّلین اور اہم ترین حیثیت ہے اور ہماری وابستگی اور دلچسپی کی اصل وجہ ہے۔ اس حیثیت سے ہماری اصل ذمہ داری یہ ہے کہ ہم اس کو بے تکلف اور صحیح طور پر سمجھتے اور پڑھ سکتے ہوں اور جن علوم و مقدمات پر اس مقصد کا حصول موقوف ہے ان سے ہم واقف ہوں۔

دوسری حیثیت یہ ہے جو اگرچہ ثانوی ہے مگر نظر انداز کرنے کے قابل نہیں کہ یہ عربی زبان عہد رسالت اور ابتدائے اسلام میں بھی ایک زندہ زبان تھی۔ اسلامی تاریخ کے ہر دور میں ایک زندہ زبان رہی ہے اور اس زمانے میں بھی ایک زندہ اور ترقی یافتہ زبان ہے جو تمام لسانی ضرورتوں کو پورا کرنے اور اظہار خیال کا ذریعہ بننے کی پوری صلاحیت رکھتی ہے اور جو قرآن کی بدولت اپنی اصلی شکلوں میں محفوظ ہے۔ اس حیثیت کا فطری تقاضا ہے کہ ہمارا اس سے تعلق بھی ایک زندہ اور عملی تعلق ہو۔ ہم اس کو ایک وسیع انسانی زبان کی طرح جانتے ہوں، اس میں بے تکلف اظہار خیال کر سکتے

جوں، اس کو تقریر و تحریر میں استعمال کر سکتے ہوں۔ وہ ہماری تصنیفات، خطوکتابت اور مجالس کی زبان بن سکتی ہو، یہ ایک بڑی تعجب خیز اور ناقابل فہم بات ہے کہ کوئی فرد یا جماعت اپنی زندگی کا ایک معتدبہ حصہ اور اپنی ذہنی صلاحیتیں ان علوم و تصنیفات کے درس و مطالعہ میں صرف کرے جو عربی زبان میں لکھی گئی ہیں، لیکن اس زبان میں اظہار خیال سے بالکل معذور و قاصر ہو، زبانوں کے سلسلے کا یہ بالکل انوکھا تجربہ ہے جو صرف ہندوستان کے عربی مدارس اور علمی مجالس کی خصوصیت ہے۔

اس معذوری کی بڑی وجہ یہ ہے کہ عربی زبان کو جس کی بدولت ہم اسلام سے علمی تعلق پیدا کرتے ہیں، کبھی زبان کی حیثیت سے پڑھنے پڑھانے کی کوشش نہیں کی گئی۔ اس کو بھی ایک نظری علم اور ایک کتابی فن کی حیثیت سے دیکھا گیا اور صرف کتابوں کے سمجھنے کا ذریعہ سمجھا گیا، اس ذہنیت اور نقطۂ نظر کا نتیجہ یہ ہے کہ کبھی اس کی عملی مشق تحریر و انشاء کی طرف توجہ نہیں دی گئی اور اس کا انجام یہ ہے کہ ہمارے بہت سے فضلاء مدارس اپنی دوسری صلاحیتوں کے ساتھ عربی زبان میں چند سطریں لکھ لینے یا چند منٹ گفتگو کر لینے پر قادر نہیں، خصوصاً جب کہ یہ تحریر یا گفتگو عام زندگی یا روزمرہ کی ضرورت سے متعلق ہو اور خالص دینی یا علمی بحث میں محدود نہ ہو، یہ کمی اہل نظر کو پہلے بھی محسوس ہوتی تھی لیکن اب جبکہ عربی ممالک کے فضلاء سے اختلاط و اجتماع کے زیادہ مواقع پیدا ہو گئے ہیں، اور دینی خدمت کا میدان زیادہ وسیع ہو گیا ہے یہ کمی زیادہ شدت سے محسوس کی جانے لگی ہے۔

دارالعلوم ندوۃ العلماء نے عربی زبان کی تعلیم اور اس کے نصاب کی ترتیب کی طرف توجہ کی اور ایک حد تک اس نے مفید خدمت انجام دی، جہاں تک عربی زبان و ادب کے نصاب کا تعلق ہے اس نے ایک بہت بڑی کمی پوری کر دی اور ایک مرتب نصاب پیش کیا جس میں ادبی خوبیوں اور جدید تعلیمی تجربوں کے ساتھ اسلامیت اور دینی روح پورے طور پر موجود ہے اور ہندوستانی مسلمانوں کے لئے ان دونوں کا لحاظ ضروری تھا۔ لیکن انشاء کے سلسلے میں ابھی تک

---

[1] اس سلسلے کی مندرجہ ذیل کتابیں شائع ہو چکی ہیں:۔ "قصص النبیین للاطفال" حصہ اول تا پنجم "القراءۃ الراشدۃ" حصہ اول، دوم و سوم۔ "مختارات" حصہ اول و دوم

اس نے کوئی مکمل چیز نہیں پیش کی تھی، یہ کام اساتذہ کے سپرد تھا اور اپنی صوابدید کے مطابق درجوں میں کام لیا کرتے تھے۔ لیکن اس میں تنظیم و توازن کی کمی بالکل قدرتی تھی، درجوں کا تعلیمی کام کچھ ناہموار سا رہتا تھا اور اس میں بہت سے پہلو تشنہ اور بہت سے خلا باقی رہ جاتے تھے۔

اس نقص کو دور کرنے کے لئے یہ ضروری معلوم ہوا کہ انشاء کا بھی ایک مکمل و مرتب نصاب ہو جس کی مدد سے استاد منظم طریقہ پر طالب علموں سے کام لے سکے اور توازن کے ساتھ مدرسہ میں انشاء کی تعلیم ہو سکے، اس کام کا وسیع خاکہ اور پورا سلسلہ پیش نظر ہے، ہم کو خوشی ہے کہ ہمارے مدرسہ کے ایک استاد مولوی عبدالماجد صاحب ندوی نے بڑے سلیقہ اور خوبی سے اس سلسلہ کا پہلا حصہ مرتب کیا ہے اور ہم کو پوری توقع ہے کہ انشاء اللہ وہ عربی مدارس کے لئے مفید و موزوں ثابت ہوگا۔

اس کتاب میں انشاء و ترجمہ کی تمرینات سے پہلے صرف و نحو کے ضروری قواعد بیان کر دیئے گئے ہیں جن پر انشاء و ترجمہ کی بنیاد ہے۔ پھر مختلف قسم کی مشقیں دی گئی ہیں جن سے ایک طرف یہ قواعد ذہن نشین اور راسخ ہو جاتے ہیں دوسری طرف طلبہ کو صحیح جملے اور عربی عبارت لکھنے کی مشق ہوتی ہے۔ در اصل قواعد کی تعلیم کا بھی یہی فطری طریقہ ہے کہ ان کو مجرد قواعد و مسائل کی صورت میں صرف طلبہ کو سمجھا اور رٹا نہ دیا جائے، بلکہ جملوں اور عملی مثالوں کے ساتھ ان کو ذہن نشین کیا جائے اور طلبہ سے عملی طور پر ان کا اجراء کرایا جائے۔ قواعد کو زبان سے الگ کر کے نظری طور پر سکھانا صرف متاخرین اہل عجم کی خصوصیت ہے، اہل زبان اس سے ناآشنا ہیں۔

مشقوں میں یکسانی اور یک رنگی نہیں اور جملے خشک اور بے جان نہیں بلکہ ان میں تنوع، زندگی اور دلچسپی ہے، ان کا تعلق عموماً روزمرہ زندگی اور طلبہ کی دنیا سے ہے جو اگرچہ محدود و مختصر ہے مگر متنوع اور دلچسپ ہے۔ ان جملوں میں ان کی ضرورت کے الفاظ اور گرد و پیش کی دنیا کے ضروریات موجود ہیں اور وہ ان کی مدد سے اپنے ماحول کا اظہار کر سکتے ہیں۔

پھر جملوں اور الفاظ کے انتخاب میں بھی اسلامی ذہنیت اور دینی خیال نمایاں ہے، بکثرت جملے قرآن و حدیث سے ماخوذ ہیں، ان جملوں اور مشقوں کے ذریعہ بھی عربی مدارس کے نوخیز طلبہ کے دینی احساسات کو ابھارنے کی کوشش کی گئی ہے، اور صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ ان مسلمان

[illegible]ی درسی کتاب ہے جن کو مستقبل میں دین کا داعی اور اسلام کا سپاہی بننا ہے اور زبان [illegible]حصول سے ان کو دین کی خدمت کا کام لینا ہے۔

امید ہے کہ اپنی ان خصوصیات کے لحاظ سے یہ کتاب عربی مدارس کے حلقہ میں پسندیدگی کی نظر سے دیکھی جائے گی اور وہ اپنی حد تک اس کمی کو پورا کرے گی جو ہمارے نصاب تعلیم میں عرصہ سے محسوس کی جا رہی تھی، اللہ تبارک وتعالیٰ اس کتاب سے نفع پہنچائے اور اس کے بعد کے حصوں کی تکمیل واشاعت کی توفیق عطا فرمائے۔ واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین

ابوالحسن علی

۶ر شوال ۱۳۷۲ھ   تھینٹ لاج، مسوری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مفرد (۱)

کلمہ اور اُس کی قسمیں

جس لفظ سے کوئی معنی سمجھ میں آتا ہو "نحو" کی اصطلاح میں اُسے "کلمہ" کہا جاتا ہے۔

کلمہ کی تین قسمیں ہیں:- اسم، فعل، حرف۔

اسم اُس کلمہ کو کہتے ہیں جس سے کسی آدمی یا جانور یا جگہ یا چیز یا کسی کا نام سمجھ میں آئے اور اس کے اندر ماضی، حال اور مستقبل میں سے کوئی زمانہ نہ پایا جائے۔

جیسے:- خَالِدٌ - القرآن - الفرس - لکنؤ - الشجر - الابریق - القراۃ (پڑھنا) الجری (دوڑنا) وغیرہ

(۱) انسان کے منہ سے جو بات نکلتی ہے وہ چند مفرد الفاظ کا مجموعہ ہوتی ہے۔ اگر ان الفاظ کو ہم ایک دوسرے سے الگ کر دیں تو ہر لفظ مفرد کہلائے گا جیسے ترکیب خَالِدٌ فِی الحِصَانِ۔ یہ ایک جملہ ہے جو چار لفظوں سے مرکب ہے، اگر ان میں سے کسی ایک کو یا ہر ایک کو الگ الگ کر دیں تو الگ کیا ہوا لفظ مفرد کہلائے گا اور مجموعہ کو مرکب کہیں گے۔

فعل ۔ اُس کلمہ کو کہتے ہیں جس سے کسی کام کا "ہونا" یا "کرنا" سمجھا جائے اور ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہو کہ وہ کام ماضی، حال، مستقبل تینوں زمانوں میں سے کس زمانے میں ہوا یا ہوگا۔ جیسے:۔ قَرَأَ (اس نے پڑھا) یَقْرَأُ (وہ پڑھتا ہے، یا وہ پڑھے گا) قَرَأَ میں زمانہ ماضی اور یَقْرَأُ میں زمانہ حال اور استقبال دونوں پائے جاتے ہیں۔

حرف ۔ ایک ایسا کلمہ ہے جو اپنے پورے معنی کے بتانے میں دوسرے کلمہ کا محتاج ہو۔ یعنی جب تک اس کے ساتھ کوئی دوسرا کلمہ نہ ملے اس کے معنی پورے طور پر سمجھ میں نہ آئیں جیسے:۔ مِنْ (سے) اِلٰی (تک) فِیْ (میں)

نوٹ :۔ "ال" تنوین (ــٌ ــٍ ــً) اضافۃ اور جر۔ زیر (ــِ) اسم کی علامت ہیں۔ فعل پر "ال" جر اور تنوین نہیں آتی اور نہ فعل مضاف ہی ہوتا ہے۔ فعل میں زمانہ کا پایا جانا ضروری ہے حرف کی علامت اس کی تعریف سے ظاہر ہے۔

مندرجہ ذیل جملوں میں اسم، فعل اور حرف کی تمیز کرو:۔

(۱) اَلطَّیْرُ یَطِیْرُ فِی الْهَوَاءِ (۲) اَلسَّمَكُ یَعِیْشُ فِی الْمَاءِ

(۳) اَلْعُصْفُوْرُ یَتَغَرَّدُ عَلَی الشَّجَرَةِ (۴) اِنَّ السَّفِیْنَةَ تَجْرِیْ عَلَی الْمَاءِ

(۵) یَنْزِلُ الْمَطَرُ مِنَ السَّمَاءِ (۶) سَافَرَ عَلِیٌّ اِلٰی دِهْلِیْ۔

(۷) تَوَضَّأْتُ بِالْمَاءِ الْبَارِدِ (۸) صِدْتُ الطُّیُوْرَ بِالْبُنْدُقِیَّةِ

(۹) حَفِظَ التِّلْمِیْذُ الدَّرْسَ (۱۰) اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

نکرہ و معرفہ

اسم کی دو قسمیں ہیں نکرہ اور معرفہ۔

نکرہ ۔ ایک ہی قسم کی کئی چیزوں کے مشترک نام کو "اسم نکرہ" کہا جاتا ہے یہ کسی معیّن اور مخصوص چیز پر دلالت نہیں کرتا جیسے کِتَابٌ (کوئی کتاب)، رَجُلٌ (کوئی آدمی۔مرد)، فَرَسٌ (کوئی گھوڑا)، مَاءٌ (کچھ پانی یا کسی قسم کا پانی)۔ بَلَدٌ (کوئی شہر وغیرہ)۔

معرفہ ۔ وہ اسم ہے جو کسی معیّن و مخصوص چیز کو بتائے جیسے: اَلْکِتَابُ (کوئی خاص کتاب) الفرسُ (کوئی مخصوص گھوڑا) دِھْلِیْ (مخصوص شہر کا نام) خَالِدٌ (ایک مخصوص شخص کا نام)۔

نوٹ : نکرہ کا ترجمہ عام طور پر لفظ "کوئی" "کوئی ایک" "چند" اور "کچھ" سے کیا جاتا ہے۔ اور معرفہ کا ترجمہ مطلقاً یعنی اس کے ترجمہ میں لفظ "خاص" یا "مخصوص" لگانے کی ضرورت نہیں ہوتی، بلکہ یہ بات ذہن میں ہوتی ہے اور سننے والا اس کو سمجھتا ہے۔

اسم معرفہ کی سات قسمیں ہیں اور وہ یہ ہیں:۔

(۱) **عَلَم** ۔ افراد واشخاص اور شہر وغیرہ کے خصوصی نام جو مخصوص طریقہ پر رکھ لیے جائیں جیسے: خَالِدٌ ۔ مَحْمُوْدٌ ۔ دِھْلِیْ ۔ مَکَّۃُ ۔ اَلْمَدِیْنَۃُ ۔ مِصْرُ

العراقُ وغیرہ۔

(۲) معرف باللام۔ یعنی ہر وہ اسم جو "ال" کے ذریعہ معرفہ بنالیا گیا ہو جیسے البَیْتُ، الکِتَابُ، الوَلَدُ، الرَّسُوْلُ وغیرہ۔

"ال" کو حرف تعریف کہا جاتا ہے (یعنی معرفہ بنانے والا حرف) جب کسی نکرہ کو معرفہ بنانا مقصود ہو تو اس پر "ال" داخل کرکے معرفہ بنا لیتے ہیں، جیسے رَجُلٌ سے الرَّجُلُ۔ وَلَدٌ سے اَلْوَلَدُ وغیرہ۔

جس لفظ پر "ال" داخل ہو اس پر تنوین نہیں آتی۔ علم یعنی ناموں پر "ال" داخل نہیں ہوتا، ہاں البتہ جن ناموں پر شروع ہی سے الف لام ہو وہ باقی رہے گا جیسے المدینة اور العراق اور البصرة پر شروع ہی سے داخل ہے۔

(۳) اسم ضمیر جیسے هُوَ، هُمَا، هُمْ، اَنْتَ، اَنَا، نَحْنُ وغیرہ۔

(۴) اسم اشارہ: هٰذَا۔ هٰذِهٖ (یہ) ذٰلِكَ، تِلْكَ (وہ) هٰؤُلَاءِ (یہ سب) اُولٰئِكَ (وہ سب)۔

(۵) اسم موصول: جیسے: اَلَّذِیْ، اَلَّتِیْ (جو) اَلَّذِیْنَ، اَلَّاتِیْ (جو جمع)

(۶) مُنَادٰی: جیسے یَا رَجُلُ، یَا وَلَدُ وغیرہ۔

(۷) مضاف الی المعرفة یعنی ہر وہ اسم جو معرفہ کی پہلی پانچ قسموں میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو جیسے کِتَابُ مَحْمُوْدٍ (محمود کی کتاب) فَرَسُ الرَّجُلِ (معلوم ومخصوص آدمی کا گھوڑا)، قَلَمُهٗ (اس کا قلم) کِتَابُ الَّذِیْ جَاءَ (اس کی کتاب جو آیا)۔

اردو میں ترجمہ کرو:۔

(١) اَلْقَلَمُ (٢) اَلْكِتَابُ (٣) كُرَّاسَةٌ (٤) حِبْرٌ

(٥) مِرْسَمٌ (٦) اَلْمِحْبَرَ (٧) اَلسَّبُّوْرَةُ (٨) اَلْبُسْتَانُ

(٩) اَلشَّجَرَةُ (١٠) غُصْنٌ (١١) اَلْوَرَقُ (١٢) اَلزَّهْرُ

(١٣) اَلثَّمَرُ (١٤) فَاكِهَةٌ (١٥) بَيْتٌ (١٦) اَلسَّقْفُ

(١٧) اَلْبَابُ (١٨) جِدَارٌ (١٩) اَلْمِفْتَاحُ (٢٠) قُفْلٌ

(٢١) اَلشُّبَّاكُ (٢٢) اَلْاَبُ (٢٣) اَلْاَخُ (٢٤) اَلْاُسْتَاذُ

(٢٥) تِلْمِيْذٌ (٢٦) اَلْوَلَدُ (٢٧) اَلْخَادِمُ (٢٨) اَلْبِنْتُ

عربی میں ترجمہ کرو:۔

(١) چاند (٢) ستارہ (٣) سورج (٤) آسمان

(٥) زمین (٦) بادل (٧) ہوا (٨) دریا

(٩) پہاڑ (١٠) جنگل (١١) آگ (١٢) پانی

(١٣) دھواں (١٤) روشنی اور تاریکی (١٥) بارش اور شبنم (١٦) میز

(١٧) ایک تپائی (١٨) کوئی کرسی (١٩) ایک ڈیسک (٢٠) جاذب

(٢١) قمیص (٢٢) ایک رومال (٢٣) کوئی تولیہ (٢٤) جوتا

(٢٥) ایک ٹوپی (٢٦) پاجامہ (٢٧) تکیہ (٢٨) چادر

مُرَکّب

دو یا دو سے زیادہ الفاظ کے مجموعے کو مرکّب کہتے ہیں۔

مرکب کی دو قسمیں ہیں: مرکّب تام اور مرکّب ناقص۔

مرکب تام۔ ایسے مرکب کو کہتے ہیں جس سے کوئی بات پوری سمجھی جائے، یعنی اس سے کوئی خبر، کوئی حکم یا کوئی خواہش معلوم ہو جیسے اَلْبُسْتَانُ جَمِیْلٌ (باغ خوبصورت ہے) یَلْعَبُ الْوَلَدُ (لڑکا کھیلتا ہے) نَظِّفْ ثِیَابَكَ (اپنے کپڑے صاف کرو) قُمْ یَا سَعِیْدُ (کھڑے ہوائے سعید) اِجْلِسْ (بیٹھ)

"مرکب تام" کو "جملہ مفیدہ" اور "کلام" بھی کہتے ہیں۔

مرکب ناقص۔ اس مرکب کو کہتے ہیں جس سے کوئی پوری بات سمجھ میں نہ آتی ہو جیسے اَلثَّوْبُ النَّظِیْفُ (صتھرا کپڑا) مَاءُ الْبَحْرِ (سمندر کا پانی) حِذَاءُ خَالِدٍ (خالد کا جوتا) خَمْسَةَ عَشَرَ (پندرہ)۔

مرکب ناقص کی کئی قسمیں ہیں، ان کی مشہور قسمیں "مرکب توصیفی" اور "مرکب اضافی" ہیں جو بیان کی جاتی ہیں۔

نوٹ:۔ مرکب تام میں لفظ قُمْ، اِجْلِسْ وغیرہ بظاہر ایک ہی لفظ معلوم ہوتے ہیں، اسلیئے شاید تمہیں "مفرد" کا شبہ ہو مگر حقیقت میں ایسا نہیں ہے بلکہ اس میں ایک اور لفظ پوشیدہ ہے جو اگرچہ بولا نہیں جاتا مگر سمجھا جاتا

ہے کہ ایک لفظ یہاں پوشیدہ ہے۔ یہ لفظ أَنْتَ کا ہے۔ جب اِجْلِسْ کہا جائے گا، اس سے مفہوم اِجْلِسْ أَنْتَ ہی ہوگا، اور بات پوری سمجھی جائے گی، اس لئے یہ مرکب تام ہے بخلاف مرکب ناقص کے کہ اس میں مَاءُ الْبَحرِ، الثوب النظیف، خمسة عشر، وغیرہ اگرچہ دو لفظوں سے مرکب ہیں مگر ان سے کوئی پوری بات نہیں سمجھی جاتی، اس لئے یہ مرکب ناقص کہلاتے ہیں۔

مرکب تام اور مرکب ناقص میں تمیز کرو:۔

(۱) اَلْمَاءُ بَارِدٌ (۲) اَلثَّوْبُ نَظِيفٌ
(۳) اَلْبَيْتُ النَّظِيفُ (۴) لَيْسَ الْوَلَدُ
(۵) لَيْتَ الْفَاكِهَةَ (۶) اَكَلَ فَرِيدٌ الْفَاكِهَةَ
(۷) اَلْقَلَمُ الَّذِیْ (۸) لَعَلَّ الْخَادِمَ
(۹) لَعَلَّ التِّلْمِيذَ يَنْجَحُ (۱۰) إِنْ جِئْتَ
(۱۱) كَأَنَّ الْكِتَابَ (۱۲) اَلنَّجْمُ لَامِعٌ
(۱۳) اَلْفَاكِهَةُ نَاضِجَةٌ (۱۴) نَامَتِ الصَّبِيَّةُ

مرکب توصیفی

مرکب توصیفی۔ ایسے مرکب کو کہتے ہیں جس میں کسی اسم (اسم ذات[۱]) کی کوئی صفت یا حالت یا کیفیت وغیرہ بیان کی گئی ہو جیسے اَلْمَاءُ الْعَذْبُ (میٹھا پانی) اَلْهَوَاءُ الْبَارِدُ (ٹھنڈی ہوا) اَلْوَلَدُ الْمُجْتَهِدُ (محنتی لڑکا) مَحْمُوْدُ نِ الْخَطِیْبُ (مقرر محمود) وغیرہ۔

(۱) مرکب توصیفی کا پہلا جز "موصوف" اور دوسرا "صفت" کہلاتا ہے۔

(۲) موصوف ہمیشہ "اسم ذات" اور صفت عموماً "اسم صفت[۲]" ہوا کرتا ہے۔

(۳) مرکب توصیفی یعنی موصوف وصفت کے درمیان حسب ذیل باتوں میں پائی

---

(۱) اسم ذات سے مراد وہ لفظ ہے جو کسی شے کے محض وجود کو بتائے جیسے اوپر کی مثالوں میں الماءُ، الهواءُ، الولدُ، محمودٌ کہ یہ پانی، ہوا، لڑکا، محمود کے محض وجود اور ان کی ذات پر دلالت کرتے ہیں۔

(۲) اسم صفت کسی چیز کی اچھائی، برائی، حالت وکیفیت اور صفت پر دلالت کرتا ہے جیسے: العذبُ، البارِدُ، المجتهدُ اور الخطیبُ یہ چاروں الفاظ حالت وکیفیت کو بتا رہے ہیں۔

اسم صفت کی پانچ قسمیں ہیں۔ اسم فاعل جیسے عَالِمٌ، اسم مفعول جیسے مَعْلُوْمٌ، صفت مشبہ جیسے عَلِیْمٌ (جاننے والا) اسم تفضیل جیسے اَعْلَمُ (زیادہ جاننے والا) اسم مبالغہ جیسے عَلَّامٌ اور عَلَّامَةٌ (بہت بڑا جاننے والا)۔

صفت عموماً انہی اسماء صفات سے لائی جاتی ہے۔ مگر کبھی صفت کے لئے جملہ یا شبہ جملہ بھی آتا ہے۔ اس کی تفصیل حصہ دوم میں آئے گی۔

مطابقت ہوتی ہے۔ اور وہ یہ ہیں (۱) اعراب[1] (۲) تعریف وتنکیر (۳) تذکیر و تانیث (۴) واحد تثنیہ اور جمع۔ البتہ موصوف اگر کسی غیر عاقل کی جمع ہو تو صفت عموماً واحد مونث ہی آتی ہے جیسے الشجراتُ الطویلۃُ اور کبھی مطابقت کے لئے الطویلاتُ بھی کہتے ہیں۔

(تعریف وتنکیر میں موصوف وصفت کی مطابقت)

اُردو میں ترجمہ کرو:۔

(۱)	اَلْبُسْتَانُ الْجَمِیْلُ	(۲)	اَلْغُصْنُ الْاَخْضَرُ
(۳)	اَلْوَرَقُ النَّاعِمُ	(۴)	ثَوْبٌ رَخِیْصٌ
(۵)	قَلَمٌ ثَمِیْنٌ	(۶)	الرِّدَاءُ الْخَشِنُ

---

(۱) اعراب: لفظ کی آخری حالت کو کہتے ہیں اور یہ چار ہیں: رفع، نصب، جر اور جزم۔ جر اسم کے ساتھ مختص ہے اور جزم فعل کے ساتھ۔

رفع کی علامت ضمہ (ـُ ـٌ) اور نصب کی علامت فتحہ (ـَ ـً) اور جر کی علامت کسرہ (ـِ ـٍ) ہے۔ جزم حرکت کے نہ ہونے کو کہتے ہیں۔ رفع والے اسم کو مرفوع اور نصب والے اسم کو منصوب اور جر والے اسم کو مجرور کہتے ہیں۔

ضمہ، فتحہ، کسرہ اعراب بالحرکت کہے جاتے ہیں۔ اعراب کی ایک دوسری قسم اعراب بالحروف ہے اور یہ الف، واؤ اور ی ہیں۔ اسماء ستہ (اَبٌ اَخٌ وغیرہ) میں رفع کے لئے واؤ اور نصب کے لئے الف اور جر کے لئے ی کا استعمال ہوتا ہے مگر تثنیہ میں الف رفع کی علامت سمجھا جاتا ہے اور نصب وجر دونوں کے لئے ی ماقبل مفتوح اور نا بعد مکسور جیسے خَالِدَیْنِ جمع مذکر سالم میں رفع کے لئے واؤ اور نصب و جر کیلئے ی ماقبل مکسور اور نا بعد مفتوح یعنی بالکل تثنیہ کے برعکس آتا ہے جیسے خالِدِیْنَ

(۷) اَلْمَطَرُ الْغَزِيْرُ (۸) اَلسَّحَابُ الْكَثِيْفُ
(۹) تِلْمِيْذٌ مُجْتَهِدٌ (۱۰) اَلْفَلَّاحُ الْكَسْلَانُ
(۱۱) اَلْقِطَارُ السَّرِيْعُ (۱۲) فَرَسٌ بَطِيْءٌ
(۱۳) اَلتُّفَّاحُ الْحُلْوُ (۱۴) اَللَّيْمُوْنُ الْحَامِضُ
(۱۵) اِقْبَالُ الشَّاعِرُ (۱۶) اَلدِّيْنُ الْقَيِّمُ

مندرجہ ذیل الفاظ سے مرکب توصیفی کے جملے لکھو:-

طَائِرٌ	اَلْبَابُ	اَلْجَدِيْدُ	وَلَدٌ
اَلسَّرِيْعُ	اَلنَّاعِمُ	اَلْكَبِيْرُ	شُبَّاكٌ
اَلْكِتَاب	اَلْمَسْجِدُ	جَمِيْلٌ	صَغِيْرٌ
اَلْفِرَاش	اَلثَّوْبُ	مَفْتُوْحٌ	اَلْمُغْلَقُ
صَالِحٌ	اَلْحِصَانُ	بَيْتٌ	اَلْخَلَقُ (پرانا)

عربی میں ترجمہ کرو:-

(۱) ٹھنڈا پانی (۲) صاف ہوا (۳) میٹھا پھل
(۴) سُرخ روشنائی (۵) سیاہ پنسل (۶) ایک خوبصورت پرندہ
(۷) ایک قیمتی ہار (۸) موٹا بیل (۹) ایک تیز رفتار گھوڑا
(۱۰) چوڑی سڑک (۱۱) ایک نیک لڑکا (۱۲) ایک اچھی کتاب

(۱۳) محنتی طالب علم (۱۴) مہربان استاد (۱۵) شاہد ادیب
(۱۶) آخری نبی (۱۷) محمدؐ رسول (۱۸) سچا رسول

التمرین (۸)

تذکیر[1] وتانیث میں موصوف وصفت کی مطابقت

اُردو میں ترجمہ کرو:۔

(۱) اَلْحَدِيْقَةُ الْجَمِيْلَةُ (۲) اَلشَّجَرَةُ الْمُثْمِرَةُ
(۳) وَرْدَةٌ حَمْرَاءُ (۴) اَلطَّعَامُ الشَّهِيُّ
(۵) لَحْمٌ طَرِيٌّ (۶) خُبْزٌ بَائِتٌ

---

(۱) تذکیر وتانیث: جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں مذکر اور مونث۔

اسم مونث دو طرح کے ہیں قیاسی اور سماعی۔ پھر قیاسی کی دو قسمیں ہیں لفظی اور معنوی۔

(۱) مونث لفظی کی تین علامتیں ہیں جو اسم کے آخر میں ہوتی ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں:۔

(۱) تائے تانیث "ۃ" جیسے اِمْرَأَةٌ۔ بَقَرَةٌ۔ عَالِمَةٌ۔ مَفْتُوحَةٌ۔ اَلْفِضَّةُ وغیرہ۔

(۲) الف مقصورہ جیسے سَلْمٰی۔ اَلصُّغْرٰی۔ اَلْحُسْنٰی وغیرہ۔

(۳) الف ممدودہ جیسے اَسْمَاءُ (عورت کا نام)۔ حَسْنَاءُ (خوبصورت عورت) وغیرہ۔

صفتِ مشبہ جو اَفْعَلُ کے وزن پر آئے اس کا اسم مونث اسی فَعْلَاءُ کے وزن پر آتا ہے جیسے اَحْمَرُ سے حَمْرَاءُ۔ اَسْوَدُ سے سَوْدَاءُ۔ اَصْفَرُ سے صَفْرَاءُ۔ اَزْرَقُ سے زَرْقَاءُ۔ اَحْسَنُ حَسْنَاءُ وغیرہ۔

(۲) مونث معنوی یعنی جس میں علامت تانیث ظاہر نہ ہو مگر وہ مونث پر دلالت کرتے ہوں۔ اور یہ چار طرح کے ہیں۔

(۱) عورتوں کے نام جیسے مَرْيَمُ۔ زَيْنَبُ۔ هِنْدُ وغیرہ (باقی صفحہ ۲۳ پر)

(۷) اَلْفِضَّةُ الْبَيْضَاءُ (۸) اَلْفَاكِهَةُ الْفِجَّةُ
(۹) زَهْرَةٌ مُفَتَّحَةٌ (۱۰) ثَمَرٌ نَاضِجٌ
(۱۱) اَلسَّمَاءُ الصَّافِيَةُ (۱۲) بِنْتٌ جَمِيْلَةٌ
(۱۳) خَدِيْجَةُ الْعَالِمَةُ (۱۴) حَمِيْدَةُ الْخَرْقَاءُ

(بقیہ حاشیہ صـ ۲۲) (۳) ملکوں، شہروں، قبیلوں اور جماعتوں کے نام جیسے مصر، پاکستان، الھند، دھلی، لکنؤ، قریش۔

(۴) جسم کے وہ اعضاء جو جفت جفت (جوڑے جوڑے) ہوں جیسے یَدٌ، رِجْلٌ، عَیْنٌ وغیرہ مگر یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے کیونکہ مِرْفَق، خَدٌّ، اَلْحَاجِب، صُدْغ اور اللحی جیسے الفاظ مذکر ہی مستعمل ہیں۔

یہ سب مونث قیاسی کی مثالیں ہیں، اب ان کے علاوہ کچھ اسماء ایسے ہیں جن میں نہ تو علامت تانیث ہوتی ہے اور نہ مونث معنوی ہی کے قاعدے میں آتے ہیں مگر اہل زبان (عرب) ان کو مؤنث استعمال کرتے آئے ہیں۔ چونکہ ان کا مونث ہونا محض سماع (سننے) پر موقوف ہے اسی لئے انھیں مونث سماعی کہتے ہیں۔ ذیل میں مونث سماعی کے کچھ الفاظ درج کیے جاتے ہیں:۔

أُذُنٌ، أَرْضٌ، أَرْنَبٌ، إِصْبَعٌ، أَفْعى، بِئْرٌ، جَحِيْمٌ، جَهَنَّم، حَرْبٌ، دَارٌ، ذِرَاعٌ رِجْلٌ، رَحِمٌ، رَحًى، رِيْحٌ، سَقَرٌ (جہنم)، سِنٌّ، سَاقٌ، شَمْسٌ، شِمَالٌ، ضَبُعٌ، عَرُوْضٌ، عَصَا، عَقِبٌ، عَيْنٌ، فَأْسٌ، فَخِذٌ، فُلْكٌ، قَدَمٌ، كَأْسٌ كَتِفٌ، كَرِشٌ، كَفٌّ، نَارٌ، نَعْلٌ، نَابٌ، وَرِكٌ، يَدٌ، يَمِيْنٌ

ہواؤں کے نام جیسے صَبَا، قَبُوْل، دَبُوْر، جَنُوْب، شَمَال، هَيْف، حَرُوْر، سَمُوْم وغیرہ۔

خالی جگہیں پُر کرو:۔

(۱) اَللَّيْلُ ________ (۲) اَلْبُسْتَانُ ________

(۳) اَلسَّاعَةُ ________ (۴) طَاوِلَةٌ ________

(۵) كُرْسِيٌّ ________ (۶) اَلسَّبُّوْرَةُ ________

(۷) سَعِيْدٌ ________ (۸) اَلْعَقْلُ ________

(۹) اَلْمِصْبَاحُ ________ (۱۰) سَيَّارَةٌ ________

(۱۱) اَلْمَنَارَةُ ________ (۱۲) اَلْبَقَرَةُ ________

(۱۳) شَاةٌ ________ (۱۴) فَاطِمَةُ ________

خالی جگہیں پُر کرو:۔

(۱) ________ اَللَّامِعُ (۲) ________ اَلْعَذْبُ

(۳) ________ اَلتَّقِيُّ (۴) ________ اَلسَّمِيْنَةُ

(۵) ________ اَلْمُرُّ (۶) ________ اَلْهِنْدِي

(۷) ________ مُقْمِرَةٌ (۸) ________ بَيْضَاءُ

(۹) ________ اَلْمُظْلِمُ (۱۰) ________ نَشِيْطٌ

(۱۱) ________ اَلْمُثْمِرُ (۱۲) ________ اَلْمُظِلَّةُ

—✽✽✽✽✽—

عربی میں ترجمہ کرو:۔

(۱) نیلا آسمان (۲) روشن سورج (۳) بلند پہاڑ

(۴) گہرا کنواں (۵) پھلدار درخت (۶) میٹھا انار

(۷) ٹھنڈی رات (۸) ایک تاریک کمرہ (۹) کوئی اونچی میز

(۱۰) ایک قیمتی گھڑی (۱۱) سفید کرتا (۱۲) سیاہ ٹوپی

(۱۳) تعلیم یافتہ عائشہ (۱۴) مجاہد خالد (۱۵) ایک خونریز لڑائی

تثنیہ[۱] و جمع میں موصوف و صفت کی مطابقت

اردو میں ترجمہ کرو:۔

(۱) اَلْمَاءُ الرَّائِقُ (۲) اَلْهَوَاءُ النَّقِيُّ

(۳) اَلْأَنْهَارُ الْجَارِيَةُ (الْجَارِيَاتُ) (۴) نَجْمَانِ لَامِعَانِ

(۵) اَلْجِبَالُ الشَّامِخَةُ (الشَّامِخَاتُ) (۶) اَلْمُسْلِمُوْنَ الصَّادِقُوْنَ

---

(۱) تثنیہ و جمع۔ اسم کی باعتبار عدد کے تین قسمیں ہیں، واحد، تثنیہ، جمع۔
واحد ایک کو، تثنیہ دو کو اور جمع دو سے زیادہ کو کہتے ہیں۔
تثنیہ بنانے کا قاعدہ:۔ اسم مفرد (واحد) کے آخر میں الف و نون بڑھانے سے تثنیہ بن جاتا ہے مگر یہ صرف اس وقت جب کہ تثنیہ مرفوع ہو جیسے کِتَابٌ سے کِتَابَانِ اور کُرَّاسَةٌ سے کُرَّاسَتَانِ وغیرہ۔ اگر تثنیہ مرفوع (حالت رفعی میں) ہونے کے بجائے منصوب یا مجرور (حالت نصبی یا جری میں) ہو تو الف و نون کے بجائے ی ما قبل مفتوح اور نون مکسور (یْنِ) بڑھاتے ہیں جیسے کِتَابَیْنِ اور کُرَّاسَتَیْنِ وغیرہ۔
جمع اور اس کی قسمیں:۔ جمع جو دو سے زیادہ چیزوں پر دلالت کرتی ہے اس کی تین قسمیں ہیں۔ جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم اور جمع مکسر (باقی صفحہ ۳۱ پر)

(۷) رِجَالٌ صَالِحُوْنَ (۸) وَرْدَةٌ مُّفَتَّحَةٌ

(۹) تِلْمِيْذَانِ مُجْتَهِدَانِ (۱۰) اَلْبَنَاتُ الصَّالِحَاتُ

(۱۱) اَقْلَامٌ ثَمِيْنَةٌ (او ثَمِيْنَاتٌ) (۱۲) اَلْمَنَارَتَانِ الطَّوِيْلَتَانِ

(۱۳) اَلدَّوَاةُ الْمَمْلُوْءَةُ (۱۴) اَلْاُمَّهَاتُ الْمُؤْمِنَاتُ

خالی جگہیں مناسب صفات سے پُر کرو:۔

(۱) اَلْاَنْهَارُ ________ (۲) اَلْمَلَابِسُ ________

(۳) عَمُوْدَانِ ________ (۴) اَلْمَنْظَرُ ________

(۵) اَللَّيَالِي ________ (۶) اَلْبَقَرَاتُ ________

(۷) اَلْحَدَائِقُ ________ (۸) كُرْسِيَّانِ ________

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۵) ۔ (۱) جمع مذکر سالم اس جمع کو کہتے ہیں جس میں واحد کا وزن باقی اور سالم رہے۔ یہ اسم مفرد (واحد) کے آخر میں واؤ اور نون مفتوح (وْنَ) بڑھانے سے بنتی ہے۔ یہ قاعدہ صرف اس کی حالتِ رفعی کے لئے ہے۔
حالت نصبی میں "ی" ماقبل مکسور اور نون مفتوح (يْنَ) بڑھا کر جمع بناتے ہیں جیسے مُحَمَّدٌ سے مُحَمَّدِيْنَ اور صَالِحٌ سے صَالِحِيْنَ (حالت نصبی و جری میں) مُحَمَّدُوْنَ اور صَالِحُوْنَ حالت رفعی میں)
نوٹ:۔ جمع مذکر سالم صرف رجال (مرد) کے نام اور ان کی صفات کے لئے آتی ہے۔
(۲) تثنیہ اور جمع مذکر سالم کا اعراب در حالت نصبی و جری میں "ی" سے آتا ہے اور لکھنے میں دونوں کی صورت ایک سی ہوتی ہے۔ مگر فرق یہ ہے کہ تثنیہ میں جو "ی" ہوتی ہے اس سے پہلے فتحہ اور بعد کے نون کو کسرہ ہوتا ہے اور جمع مذکر سالم "کی ی" سے پہلے کسرہ اور بعد کے نون کو فتحہ ہوتا ہے یعنی تثنیہ میں "ی" ماقبل مفتوح مابعد مکسور اور جمع میں "ی" ماقبل مکسور اور مابعد مفتوح۔
(۳) جمع مؤنث سالم:۔ یہ وہ جمع جو کسی واحد مونث کے آخر میں الف اور تائے مبسوط (ا۔ت) بڑھا کر بنائی جائے اور واحد کا وزن باقی رہے جیسے مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ، صَالِحَةٌ سے صَالِحَاتٌ، فَاطِمَةُ سے فَاطِمَاتٌ، بَقَرَةٌ سے بَقَرَاتٌ، شَجَرَةٌ سے شَجَرَاتٌ، كَلِمَةٌ سے كَلِمَاتٌ وغیرہ۔
نوٹ: یہ عاقل و غیر عاقل سب کے لئے آتی ہے، بخلاف جمع مذکر سالم کے صرف رجال کا نام اور ان کی صفات ہی کے لئے آتی ہے۔ (باقی صفحہ ۲۷ پر)

(۹) اَلْفَلَّاحُوْنَ ________ (۱۰) اَلتِّلْمِيْذَاتُ ________

(۱۱) تُفَّاحَتَانِ ________ (۱۲) سَلْمَانُ ________

التمرین (۱۴)

خالی جگہیں پُر کرو:-

(۱) ________ اَلْمِمْطَرَةُ (۲) ________ اَلضَّئِيْلُ

(۳) ________ اللَّعُوْبَانِ (۴) ________ اَلْبَارِدُوْنَ

(۵) ________ مُتَلَألِئٌ (۶) ________ اَلْفَائِزَتَانِ

(۷) ________ اَلْمُوْرِقَةُ (۸) ________ اَلْقَوِيَّانِ

(۹) ________ النَّاجِحُوْنَ (۱۰) ________ عَفِيْفَتَانِ

(۱۱) ________ اَلْعَابِدَاتُ (۱۲) ________ مُجْتَهِدَاتٌ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۶) (۲) جمع مونث سالم کا اعراب حالت رفعی میں ضمہ کے ساتھ اور حالت نصبی وجری دونوں میں کسرہ کے ساتھ ہوتا ہے۔

(۳) جمع مکسّر:- جمع مکسّر اس جمع کو کہتے ہیں جس میں مفرد (واحد) کا وزن باقی نہ رہے بلکہ جمع میں آکر ٹوٹ جائے۔ اسی وجہ سے اس کو مکسّر (ٹوٹا ہوا) کہتے ہیں، جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ، شَاةٌ سے شِيَاهٌ اور حَدِيْقَةٌ سے حَدَائِقُ وغیرہ

جمع مکسّر کے بنانے کا کوئی خاص قاعدہ نہیں ہے کبھی محض حرکات (ضمہ، فتحہ، کسرہ) کے تغیر و تبدل سے جیسے أَسَدٌ سے أُسُدٌ، اور کبھی کسی حرف کو حذف کرکے جیسے رَسُوْلٌ سے رُسُلٌ اور کبھی بعض حروف کے اضافہ سے جمع بنا لیتے ہیں جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ وغیرہ۔

ذیل میں جمع مکسّر کے کچھ اوزان لکھے جاتے ہیں انھیں یاد کرلو:-

أَفْعَالٌ، مَفَاعِلُ، مَفَاعِيْلُ، فُعُلٌ، فُعُوْلٌ، فِعَالٌ، أَفْعُلٌ، فُعَلَاءُ، أَفْعِلَاءُ، فَوَاعِلُ، فَعَالِلُ، فَعَالِيْلُ، فَعَالِلَةٌ۔

(خط کشیدہ الفاظ غیر منصرف ہیں ان پر تنوین نہیں آئے گی)

عربی میں ترجمہ کرو :۔

(۱) عربی مدرسے (۲) تعلیم یافتہ لڑکیاں (۳) مومن عورتیں
(۴) نیک مائیں (۵) ایک خوبصورت آئینہ (۶) دگلاب کا سُرخ پھول
(۷) خوشگوار موسم (۸) دو خوبصورت پارک (۹) بہتی نہریں
(۱۰) دو چمکدار ستارے (۱۱) چاندنی راتیں (۱۲) دلفریب منظر
(۱۳) کچھ پھل دار درخت (۱۴) ہری ٹہنیاں (۱۵) خائن وزراء
(۱۶) مغربی تہذیب و تمدن (۱۷) عدل و انصاف کرنے والے قاضی
(۱۸) بے پردہ عورتیں (۱۹) قومی ترانہ (۲۰) میٹھے گیت

(فی الانشاء)

(۱) اپنی درسگاہ سے متعلق چیزوں پر موصوف و صفت کے چھ ایسے جملے لکھو کہ واحد، تثنیہ و جمع اور تذکیر و تانیث آجائے

(۲) اپنی تعلیم سے متعلق چیزوں پر موصوف و صفت کے چھ ایسے جملے لکھو کہ واحد، تثنیہ و جمع اور تذکیر و تانیث آجائے۔

(۳) اپنے دارالاقامہ سے متعلق چیزوں پر موصوف و صفت کے چھ ایسے جملے لکھو کہ واحد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث آجائے۔

مرکب اضافی

مرکب اضافی: دو اسموں کے ایسے مرکب کو کہتے ہیں جس میں پہلے اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی گئی ہو جیسے کِتَابُ سَعِیْدٍ۔ بَیْتُ خَالِدٍ۔

مرکب اضافی کے پہلے اسم کو جس کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی جا رہی ہو، مُضَاف اور دوسرے اسم کو جس کی طرف نسبت کی گئی ہو، مُضَافٌ اِلَیْہ کہتے ہیں۔

(۱) مضاف اور مضاف الیہ دونوں اسم ہوا کرتے ہیں[۱]۔

(۲) مضاف اسم نکرہ اور مضاف الیہ اکثر اسم معرفہ اور کبھی نکرہ بھی ہوا کرتا ہے۔

(۳) مضاف پر "ال" اور تنوین (ـٌ ـٍ ـً) نہیں آتی، لیکن مضاف الیہ پر "ال" اور تنوین دونوں ہی آسکتے ہیں۔

(۴) مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوا کرتا ہے۔

(۵) اضافت میں مضاف سے تنوین کی طرح اس کے نونِ جمع اور نونِ تثنیہ بھی گر جاتے ہیں

---

(۱) کبھی مضاف الیہ جملہ بھی ہوا کرتا ہے (جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ دونوں)

نوٹ:۔ (۱) اضافت سے اسم میں تخصیص و تعیین کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں مثلاً بَیْتُ خَالِدٍ میں اگر تم صرف لفظ بیت کہو تو اس سے کوئی ایک غیر متعین سا گھر مراد ہوگا، لیکن جب بیت کو مضاف بنا کر اس کی اضافت خالد کی طرف کر دو تو پھر بیت کی تعیین ہو جائے گی اور اس سے ایک مخصوص گھر (خالد کا گھر) سمجھا جائے گا نہ کہ کوئی سا گھر۔

نوٹ (۱) اردو میں مضاف الیہ پہلے ہوتا ہے اور مضاف بعد میں لیکن عربی میں اس کے برعکس پہلے مضاف اور مضاف الیہ بعد میں جیسے کِتَابُ خَالِدٍ (خالد کی کتاب)، اِبْنُ مَحْمُوْدٍ (محمود کا بیٹا) وغیرہ۔

نوٹ (۲) اردو میں اضافت کا ترجمہ "کا" "کے" "کی" سے کیا جاتا ہے اور جب (باقی حاشیہ صفحہ پر

جیسے مُسْلِمُوْنَ الْهِنْدِ سے مُسْلِمُوْا الْهِنْدِ اور کِتَابَانِ خَالِدٍ سے کِتَابَا خَالِدٍ وغیرہ۔

(۶) کبھی ایک ہی ترکیب میں کئی مضاف الیہ ہوتے ہیں جیسے بَابُ بَيْتِ صَدِيْقِكَ لَوْنُ قَلَنْسُوَةِ مَحْمُوْدٍ ایسی صورت میں درمیانی مضاف الیہ چونکہ مابعد کی طرف مضاف ہوتا ہے اس لئے اس کو جر (کسرہ) تو ہوگا مگر اس پر تنوین اور "ال" نہیں آئیگا۔

اُردو میں ترجمہ کرو:۔

(۱) ضَوْءُ الْقَمَرِ (۲) ظَلَامُ اللَّيْلِ (۳) فَصْلُ الْمَطَرِ
(۴) شَاطِئُ النَّهْرِ (۵) جَمَالُ الطَّبِيْعَةِ (۶) اٰيَةُ اللهِ
(۷) نَبَاتُ الْأَرْضِ (۸) سَنَامُ الْجَبَلِ (۹) غُصْنُ الشَّجَرِ
(۱۰) تَغْرِيْدُ الطُّيُوْرِ (۱۱) حَدِيْقَةُ مَحْمُوْدٍ (۱۲) دَارُ غَنِيٍّ
(۱۳) اِكْرَامُ الضُّيُوْفِ (۱۴) خِدْمَةُ الدِّيْنِ

مندرجہ ذیل الفاظ سے مرکب اضافی کے جملے بناؤ:۔

اَلْبَرْق اَلْبَيْتُ اَلْفِيْلُ رَمَضَان

(بقیہ حاشیہ ص ۲۹) ضمائر کی طرف اضافت ہو تو ضمیر غائب کے لئے "اس کا" ضمیر مخاطب کے لئے "تیرا" اور ضمیر متکلم کے لئے "میرا" اور "اپنا" سے ترجمہ کیا جاتا ہے۔ مبتدی طلبہ ضمائر کے ترجمہ میں خصوصاً "اپنا" وغیرہ میں غلطیاں کرتے ہیں، مثلاً جب کہنا ہو کہ خالد اپنے گھوڑے پر سوار ہوا تو (رکب خالد فرسہ) کہا جائے گا، لیکن اس کے بجائے میں اس کے گھوڑے پر سوار ہوا تو (رکبت

اَلْفَرَسُ	اَلْحُجْرَةُ	اَلْكَأْسُ	اَلْعَذْبُ
اَلسَّقْفُ	اَللَّمْعَانُ	اَلسَّيْرُ	اَلْجَنَاحُ
اَلْخُرْطُوْمُ	اَلزُّجَاجُ	اَلْعِنَانُ	اَلْمَاءُ
اَلْقِطَارُ	اَلصَّوْمُ	اَلْبَابُ	اَلطَّيْرُ

عربی میں ترجمہ کرو:۔

(۱) تاروں کی چمک (۲) سورج کی گرمی (۳) آسمان کا رنگ
(۴) باغ کا منظر (۵) پھولوں کی مہک (۶) ہرن کا شکار
(۷) پرند کا گوشت (۸) محمود کی بندوق (۹) چاندی کی گھڑی
(۱۰) لوہے کا صندوق (۱۱) رسولؐ کی تعلیم (۱۲) اخلاق کی پاکیزگی
(۱۳) مومن کے ارادے (۱۴) دین کا غلبہ (۱۵) رب کی خوشنودی

(تثنیہ و جمع کی اضافت)

اردو میں ترجمہ کرو:۔

(۱) يَدُ الطِّفْلِ (۲) عَيْنَا الظَّبْيِ
(۳) جَنَاحَا الطَّيْرِ (۴) شَاطِئَا النَّهْرِ
(۵) رَاكِبُو السَّفِيْنَةِ (۶) قَاطِنُو الْجِبَالِ
(۷) صَادِقُو الْوَعْدِ (۸) مُعَلِّمُو الْمَدْرَسَةِ

(۹) مِصْرَاعَا الْبَابِ   (۱۰) عَجَلَتَا الدَّرَّاجَةِ

(۱۱) مُحْسِنُو الْأُمَّةِ   (۱۲) خَادِمُو الْوَالِدَيْنِ

التمرین (۲۰)

مندرجہ ذیل الفاظ کی اضافت مناسب اسماء کی طرف کرو:۔

(۱) عَيْنَانِ   (۲) الْعَقْرَبَانِ

(۳) مَنَارَتَانِ   (۴) لَابِسُوْنَ

(۵) بَائِعُوْنَ   (۶) اَلْمَدَارِسُ

(۷) اَلْمُهَاجِرُوْنَ   (۸) سَائِقُوْنَ

(۹) الْأُذُنَانِ   (۱۰) لَمْعَانِ

(۱۱) السِّنَانُ   (۱۲) اَلْمُسَافِرُوْنَ

التمرین (۲۱)

عربی میں ترجمہ کرو:۔

(۱) مومن کی فراست   (۲) ایمان کی روشنی

(۳) کفر کی تاریکی   (۴) چیونٹی کی سمجھ

(۵) اونٹ کی گردن   (۶) ہاتھی کے دو دانت

(۷) شتر مرغ کی دو ٹانگیں   (۸) ابراہیم (علیہ السلام) کے دونوں بیٹے

(۹) باپ کے اطاعت گزار (جمع)   (۱۰) خانہ کعبہ کے معمار (جمع)

(۱۱) مکہ کے دو مسافر   (۱۲) مسجد نبوی کے زائرین

(۱۳) رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اصحاب   (۱۴) عہد کے پکے (پورا کرنے والے)

(۱۵) بات کے سچے (جمع) — (۱۶) مہمانوں کی تعظیم کرنے والے "

(۱۷) اللہ کے رسول (جمع) — (۱۸) اخلاق کے معلّم (جمع)

(۱۹) وطن کے پرستار (جمع) — (۲۰) دین کے دشمن (جمع)

(مضاف الیہ جب کہ متعدد ہوں)

اُردو میں ترجمہ کرو:-

(۱) خِصْبُ اَرْضِ الْهِنْدِ — (۲) ثَرْوَةُ بِلَادِ اَمْرِيْكَا

(۳) لَوْنُ قَلَنْسُوَةِ مَحْمُوْدٍ — (۴) ثَمَنُ عِقْدِ فَاطِمَةَ

(۵) طُوْلُ مِنْشَفَةِ اَحْمَدَ — (۶) نَسْجُ جَوْرَبِ حَامِدٍ

(۷) صُوْفُ قُفَّازَيْ هِشَامٍ — (۸) خَشْخَشَةُ قُبْقَابِ مَسْعُوْدٍ

(۹) حَفْحَفَةُ جَنَاحِ الطَّيْرِ — (۱۰) فَخْفَخَةُ اَغْنِيَاءِ اَوْدَهْ

(۱۱) خَشَبَةُ مِصْرَاعَيِ الْبَابِ — (۱۲) سَعْيُ مُحِبِّي الدِّيْنِ

(۱۳) طَاعَةُ اَحْكَامِ الرَّسُوْلِ — (۱۴) سِرُّ غَلَبَةِ الْاِسْلَامِ

عربی میں ترجمہ کرو:-

(۱) اللہ کے گھر کی عظمت — (۲) نوح علیہ السلام کی کشتی کے سوار

(۳) دیہات کے باشندوں کی زندگی — (۴) ہندوستان کے کارخانوں کے مزدور

(۵) انڈونیشیا کے مسلمانوں کی زبان — (۶) عمر بن عبدالعزیز کا عدل

(۷) گلاب کے پھول کی سُرخی — (۸) شعیب کے قلم کا رنگ

(۹) کاریگر کے ہاتھ کی صفائی (تیزی) — (۱۰) حسن کی گھڑی کا ڈائل

(۱۱) دیوار کی گھڑی کی (دو) سوئیاں — (۱۲) گھنٹے کے بجنے کی آواز

(ضمیر[1] کی طرف اضافت)

اُردو میں ترجمہ کرو:-

(۱) رِیْشَةُ قَلَمِیْ — (۲) قَوَائِمُ مِنْضَدَتِهٖ

(۳) صُفْرَةُ وَجْهِكَ — (۴) صِدْقُ مَقَالَتِهِمْ

(۵) مُعَلِّمُوْ اَبْنَاءِنَا — (۶) شُعَرَاءُ بِلَادِكُمْ

(۷) مُصَارَعَةُ اِبْنَيْكُمَا — (۸) دُمْيَةُ بِنْتِهَا

(۹) لَوْنُ خِمَارِكِ — (۱۰) ثَمَنُ اَسْوِرَتِهِمَا

(۱۱) حَذَاقُ بَنَاتِكُنَّ — (۱۲) سِيَاحَةُ زَوْجَيْكُمَا

(۱۳) رِقَّةُ قُلُوْبِهِنَّ — (۱۴) زُعَمَاءُ بِلَادِنَا

---

(۱) ضمیر۔ ایک اسم معرفہ ہے جو غائب یا مخاطب یا متکلم کی طرح استعمال ہوتا ہے جیسے هُوَ (وہ)، اَنْتَ (تم)، اَنَا (میں)، نَحْنُ (ہم)

ضمیر کی دو قسمیں ہیں متصل اور منفصل

ضمیر متصل اس ضمیر کو کہتے ہیں جو دوسرے کلمہ کے ساتھ ملے بغیر استعمال نہ ہوتی ہو (بخلاف ضمیر منفصل کے)

یہ ضمیر کبھی فعل کے ساتھ آتی ہے جیسے ضَرَبَهٗ اور ضَرَبْتُهٗ (میں نے اس کو مارا) ــــ ضَرَبْتُهُمَا (میں نے ان دونوں کو مارا) اور کبھی اسم کے ساتھ جیسے كِتَابُهٗ (اس کی کتاب) اور کبھی حرف کے ساتھ جیسے بِهٖ، لَهٗ اور عَلَيْهِ وغیرہ

فعل کے ساتھ جب آتی ہے تو منصوب ہوتی ہے اور اسم یا حرف کے ساتھ ملتی ہے تو ہمیشہ مجرور رہتا

(باقی ص۳۵ پر)

عربی میں ترجمہ کرو:-

(۱) میرے باغ کا منظر
(۲) تیرے گھر کی دیوار
(۳) اس لڑکے کا گیند
(۴) تم مردوں کی تیر اندازی
(۵) ان دو مردوں کی بہادری کا چرچا
(۶) ہمارے ملک کی آب وہوا
(۷) تمہارے ملک کے سیاح
(۸) اس کے پازیب کی قیمت
(۹) تیرے کان کی بالی
(۱۰) تمہارے شوہروں کی شہادت
(۱۱) ان عورتوں کے رونے کا اثر
(۱۲) ان دو عورتوں کے بچوں کی تعلیم
(۱۳) ان لوگوں کے علم کی شہرت
(۱۴) ہمارے اسلاف کے کارنامے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۴) کرتی ہے۔ پہلی صورت میں ضمیر منصوب متصل کہلاتی ہے اور دوسری اور تیسری صورت میں ضمیر مجرور متصل۔

اسم کے ساتھ ملنے کی صورت میں اسم مضاف اور ضمیر مضاف الیہ ہوگی، اسی لئے اس کو ضمیر اضافی بھی کہتے ہیں۔ ذیل میں ضمیر اضافی کا نقشہ دیا جاتا ہے:-

ضمیر اضافی یا ضمیر مجرور متصل

	غائب			مخاطب			متکلم	
	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ وجمع
مذکر	كِتَابُهُ	كِتَابُهُمَا	كِتَابُهُمْ	كِتَابُكَ	كِتَابُكُمَا	كِتَابُكُمْ	كِتَابِي	كِتَابُنَا
مؤنث	كِتَابُهَا	كِتَابُهُمَا	كِتَابُهُنَّ	كِتَابُكِ	كِتَابُكُمَا	كِتَابُكُنَّ		

اور حروف کے ساتھ جیسے لَهُ، لَهُمَا، لَهُمْ۔ لَهَا، لَهُمَا، لَهُنَّ۔ لَكَ، لَكُمَا، لَكُمْ، لَكِ، لَكُمَا، لَكُنَّ، لِي، لَنَا۔

اور ضمیر منصوب متصل کی صورت حسب ذیل ہوگی:-
ضَرَبْتُهُ۔ ضَرَبْتُهُمَا۔ ضَرَبْتُهُمْ۔ ضَرَبْتُهَا۔ ضَرَبْتُهُمَا۔ ضَرَبْتُهُنَّ، ضَرَبْتُكَ، ضَرَبْتُكُمَا، ضَرَبْتُكُمْ۔ ضَرَبْتُكِ۔ ضَرَبْتُكُمَا۔ ضَرَبْتُكُنَّ۔ ضَرَبْتَنِي (میں نے اپنے کو مارا) ضَرَبْتَنَا۔

(باقی صفحہ ۳۶ پر)

اُردو میں ترجمہ کرو:۔

(۱) اَلصُّبْحُ الْمُسْفِرُ (۲) اَلشَّعْرُ الْفَاحِمُ

(۳) بَيَاضُ الصُّبْحِ (۴) سَوَادُ الشَّعْرِ

(۵) فَقْرُ الْوَلَدَيْنِ وَهَزْوَلَتُهُمَا (۶) سَاكِنُو الْبَادِيَةِ وَسَذَاجَتُهُمْ

(۷) اَلْفَتَيَاتُ الْاَفْرَنْجِيَّاتُ وَسُفُوْرُهُنَّ (۸) زَئِيْرُ الْاَسَدِ

(۹) اَلْحِمَارُ النَّاهِقُ (۱۰) اَلْكَلْبُ الْعَضُوْضُ وَنُبَاحُهُ

(۱۱) اَلْقِطُّ الْجَائِعُ وَمُوَاءُهُ (۱۲) اَلْقَلَمُ الْمُحَبَّرُ وَرِيْشَتُهُ

(۱۳) عَقْرَبَا السَّاعَةِ وَمِيْنَاءُهَا (۱۴) اَلْفَرَسُ الْجَامِحُ وَصَهِيْلُهُ

(بقیہ حاشیہ ص ۳۵)

ضمیر منفصل:۔ اس ضمیر کو کہتے ہیں جس کا استعمال دوسرے کلمہ کے ساتھ ملائے بغیر ہوتا ہے جیسے هُوَ۔ هِيَ (وہ) هُمَا (وہ دونوں) هُمْ (وہ سب) یا اِيَّاكَ (تجھ کو) اِيَّاكُمَا (تم دونوں کو) اِيَّاكُمْ (تم سب کو)

ضمیر منفصل کی صرف دو قسمیں ہیں:۔

(۱) ایک وہ جو رفع کے ساتھ مختص ہیں اور ہمیشہ وہ مرفوع ہوتے ہیں۔ انھیں ضمیر فاعلی بھی کہا جاتا ہے۔

(۲) دوسرے وہ جو نصب کے ساتھ مختص ہیں اور ہمیشہ منصوب ہی ہوا کرتے ہیں۔ ان کو ضمیر مفعولی بھی کہتے ہیں۔

ضمیر مرفوع منفصل یا ضمیر فاعلی حسب ذیل ہیں:۔

مذکر	هُوَ	هُمَا	هُمْ	أَنْتَ	أَنْتُمَا	أَنْتُمْ	أَنَا، نَحْنُ
مؤنث	هِيَ	هُمَا	هُنَّ	أَنْتِ	أَنْتُمَا	أَنْتُنَّ	

ضمیر منصوب منفصل یا ضمیر مفعولی یہ ہیں:۔

مذکر	إِيَّاهُ	إِيَّاهُمَا	إِيَّاهُمْ	إِيَّاكَ	إِيَّاكُمَا	إِيَّاكُمْ	إِيَّايَ، إِيَّانَا
مؤنث	إِيَّاهَا	إِيَّاهُمَا	إِيَّاهُنَّ	إِيَّاكِ	إِيَّاكُمَا	إِيَّاكُنَّ	

عربی میں ترجمہ کرو:-

(۱) زمزم کا کنواں اور اس کا پانی (۲) چاندی کی انگوٹھی اور اس کا نگینہ

(۳) مسجد کے دو منارے اور ان کی بلندی (۴) عرب کے باشندے اور ان کی زبان

(۵) رسول اللہ کے اصحاب اور ان کی سیرت (۶) انبیاء کی بعثت اور ان کے پیغامات

(۷) اسلامی نظام اور اس کے محاسن (۸) مغربی تہذیب اور اس کے نقصانات

(۹) انگریزوں کی سیاست اور انکی چالبازی (بھیلۃ) (۱۰) عربوں کی مہمان نوازی اور انکی سخاوت

(۱۱) میری تلوار کی چمک اور اس کی دھار (۱۲) تیری تلوار کا دستہ اور اس کا نیام

(۱۳) فاطمہ کی گڑیا اور اسکے کھلونے (۱۴) احمد کا گیند اور اس کا لٹو

(۱۵) محمود کی سائیکل اور اسکے دونوں پہیئے (۱۶) دو موٹے بیل اور ان کا ڈکارنا

(۱۷) ایک خوبصورت گائے اور اسکی دونوں سینگیں (۱۸) اونٹ کی گردن اور اس کے پائے

(۱۹) تیرے گھوڑے کی زین اور اس کی لگام (۲۰) ہمارا دارالاقامہ اور اس کے کمرے

(۲۱) تیرے گھر کی چھت اور اس کی دیواریں

مرکب تام کی تعریف صفحہ ۹ میں گزر چکی ہے۔ اسی کو جملہ مفیدہ اور کلام بھی کہتے ہیں۔

جملہ مفیدہ کا اگر پہلا جز اسم ہو تو جملہ اسمیہ کہلاتا ہے اور اگر پہلا جز فعل ہو تو

جملہ فعلیہ۔ مثالیں حسب ذیل ہیں :-

جملہ اسمیہ جیسے اَلوَلَدُ قَائِمٌ (لڑکا کھڑا ہے) یا اَلوَلَدُ یَقُوْمُ (لڑکا کھڑا ہوتا ہے) فَاطِمَۃُ جَالِسَۃٌ (فاطمہ بیٹھی ہے) یا فَاطِمَۃُ تَجْلِسُ (فاطمہ بیٹھتی ہے) یہ سب جملہ اسمیہ ہیں، کیونکہ ان کا پہلا جزا اسم ہے۔

جملہ فعلیہ جیسے: قَامَ الْوَلَدُ (لڑکا کھڑا ہے) یا یَقُوْمُ الْوَلَدُ (لڑکا کھڑا ہوتا ہے) یہ سب جملہ فعلیہ ہیں کیونکہ ان کا پہلا جز فعل ہے۔ جملہ فعلیہ کا بیان درس ۶ میں آئے گا۔

جملہ اسمیہ مبتدا و خبر کہلاتا ہے۔ اس کے پہلے جز کو مبتدا اور دوسرے کو خبر کہتے ہیں۔ اَلْوَلَدُ قَائِمٌ میں اَلْوَلَدُ مبتدا اور قَائِمٌ خبر ہے اور اسی طرح اَلْوَلَدُ یَقُوْمُ میں اَلْوَلَدُ مبتدا اور یَقُوْمُ[1] اس کی خبر ہے۔

(۱) مبتدا عموماً معرفہ اور خبر عموماً نکرہ ہوا کرتی ہے۔ بخلاف موصوف وصفت کے اس میں دونوں جز معرفہ یا دونوں جز نکرہ ہوا کرتے ہیں۔

---

(۱) اَلْوَلَدُ یَقُوْمُ میں اَلْوَلَدُ، یَقُوْمُ کا فاعل نہیں ہے کیونکہ عربی میں فاعل فعل سے پہلے نہیں آتا بلکہ ہمیشہ فعل کے بعد ہی آتا ہے، اس لیے یہاں یَقُوْمُ کا فاعل خود اسی کی ضمیر ہوگی جو اَلْوَلَدُ کی طرف لوٹتی ہے اور اَلْوَلَدُ کو مبتدا کہا جائے گا۔ اس کی ترکیب اس طرح ہوگی کہ اَلْوَلَدُ مبتدا اور یَقُوْمُ فعل اپنے ضمیر (فاعل) سے مل کر جملہ فعلیہ ہوا اور جملہ فعلیہ ہو کر پھر اَلْوَلَدُ مبتدا کی خبر ہوا۔ اسے اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہیے۔ مبتدی طلبہ کو اکثر اس میں غلط فہمی ہوتی ہے۔

(۲) اس عموم کے برعکس مبتدا کبھی نکرہ بھی ہوتا ہے مگر اس کے لئے شرط یہ ہے کہ :-

(۱) اس سے پہلے کوئی حرف نفی ہو جیسے مَا اَحَدٌ حَاضِرٌ

(۲) اس سے پہلے کوئی حرف استفہام ہو جیسے هَلْ كَرِيْمٌ يَبْخَلُ بِمَالِهِ ؟

(۳) یا وہ کسی نکرہ کی طرف مضاف ہو جیسے تَاجِرُ ثَوْبٍ مُسْلِمٌ

(۴) یا موصوف ہو جیسے :- وَرْدَةٌ حَمْرَاءُ تَتَفَتَّحُ

(۵) یا مجرور ہو جیسے :- فِيْكَ شَجَاعَةٌ

(۶) یا ظرف کی صورت میں خبر مقدم ہو جیسے عِنْدِیْ حِصَانٌ (باقی صفحہ ۳۹ پر)

(۲) مبتدا اور خبر دونوں ہمیشہ مرفوع ہوا کرتے ہیں۔

(۳) واحد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں صفت ہی کی طرح خبر بھی اپنے پہلے جز (مبتدا) کے مطابق ہوا کرتی ہے۔

(۴) ایسے ہی مبتدا جب کسی غیر عاقل کی جمع ہو تو خبر (صفت ہی کی طرح) عموماً واحد مؤنث لائی جاتی ہے اور کبھی جمع مؤنث بھی جیسے اَلْاَقْلَامُ ثَمِیْنَۃٌ اور اَلْاَقْلَامُ ثَمِیْنَاتٌ (قلم قیمتی ہیں)

نوٹ :- موصوف و صفت اور (مبتدا و خبر میں ظاہری فرق اس قدر ہے کہ مبتدا معرفہ ہوا کرتا ہے اور خبر نکرہ ہوتی ہے اور موصوف و صفت (مرکب توصیفی) دونوں ہی معرفہ یا دونوں ہی نکرہ ہوتے ہیں۔ اَلْاَقْلَامُ ثَمِیْنَۃٌ (قلم قیمتی ہیں) مبتدا و خبر ہیں۔ اور اَلْاَقْلَامُ الثَّمِیْنَۃُ یا اَقْلَامٌ ثَمِیْنَۃٌ (قیمتی قلم) موصوف و صفت ہیں۔ ظاہری فرق کے علاوہ معنوی فرق یہ ہے کہ پہلا مرکب تام (جملہ مفیدہ) اور دوسرا مرکب ناقص (جملہ غیر مفیدہ) ہے جس سے کوئی پوری بات سمجھ میں نہیں آتی۔

اُردو میں ترجمہ کرو:۔

(۱) اَلْوَلَدُ بَاسِمٌ (۲) اَلشَّمْسُ مُشْرِقَۃٌ

(۳) اَلْمَاءُ رَائِقٌ (۴) اَلْھَوَاءُ نَقِیٌّ

(۵) اَلْمِنْضَدَتَانِ جَمِیْلَتَانِ (۶) فَاطِمَۃُ نَظِیْفَۃٌ

(باقی حاشیہ صفحہ ۳۸ کا) اسی طرح خبر بھی کبھی معرفہ آتی ہے اور اس کی شرط یہ ہے کہ :-

(۱) خبر کسی موصوف کی صفت نہ بن سکتی ہو جیسے اَنَا یُوْسُفُ

(۲) یا جب کہ مبتدا اور خبر کے درمیان ضمیر فصل لایا جائے جیسے اَلْوَلَدُ ھُوَ الْقَائِمُ

(۷) اَلْجُنْدِیَانِ قَوِیَّانِ (۸) اَلْقُضَاۃُ عَادِلُوْنَ

(۹) اَلْوَرْدَۃُ مُفَتَّحَۃٌ (۱۰) اَلْاَنْھَارُ نَاضِرَۃٌ

(۱۱) اَلْوَرَقُ نَاعِمٌ (۱۲) اَلْحَدِیْقَتَانِ مُثْمِرَتَانِ

(۱۳) اَلْغُرُفَاتُ مُضِیْئَۃٌ (۱۴) اَلْاُمَّھَاتُ مُشْفِقَاتٌ

(۱۵) اَلْمُعَلِّمُوْنَ جَالِسُوْنَ (۱۶) اَلرُّسُلُ صَادِقُوْنَ

خالی جگہیں پُر کرو:۔

(۱) اَلْقَمَرُ .. .. (۲) النُّجُوْمُ .. ..

(۳) اَلْحَدِیْقَۃُ .. .. (۴) اَلشَّجَرَتَانِ .. ..

(۵) اَلْاَبْوَابُ .. .. (۶) النَّوَافِذُ .. ..

(۷) اَلسَّمَاءُ .. .. (۸) اَلضَّیْفَانِ .. ..

(۹) اَلْبِنْتَانِ .. .. (۱۰) اَلتِّلْمِیْذَاتُ .. ..

(۱۱) اَلصَّبِیَّۃُ .. .. (۱۲) اَلْمُسَافِرُوْنَ .. ..

خالی جگہیں پُر کرو:۔

(۱) .... نَاعِمٌ (۲) .... بَاسِمَۃٌ

(۳) .... طَوِیْلَانِ (۴) .... مَمْلُوْءَتَانِ

(۵) .... مَسْرُوْرُوْنَ (۶) .... شَامِخَاتٌ

(۷) .... مُثَلَّثَةٌ (۸) .... خَضْرَاءُ

(۹) .... نَائِمَةٌ (۱۰) .... مُضِيْئَتَانِ

(۱۱) .... مُسَافِرَاتٌ (۱۲) .... مُكَرَّمُوْنَ

عربی میں ترجمہ کرو:-

(۱) موسم خوشگوار ہے (۲) پھول کھلے ہیں-

(۳) کھیتیاں سبز و شاداب ہیں (۴) پتیاں ہری ہیں

(۵) رات ٹھنڈی ہے (۶) سردی سخت ہے

(۷) ہوا تیز ہے (۸) دروازے بند ہیں-

(۹) دونوں کھڑکیاں کھلی ہیں (۱۰) بچے سو رہے ہیں

(۱۱) دونوں پہرے دار جاگ رہے ہیں (۱۲) زینب بھوکی ہے

(۱۳) بلی پیاسی ہے (۱۴) دونوں گھڑیاں بند ہیں

(۱۵) لڑکیاں تعلیم یافتہ ہیں (۱۶) مزدور مسلمان ہیں

(۱۷) سڑکیں کشادہ ہیں (۱۸) باغات گھنے ہیں

(۱۹) آسمان ابر آلود ہے (۲۰) اسٹیشن قریب ہے

(۲۱) طلبہ محنتی ہیں (۲۲) اساتذہ رحم دل ہیں

(مبتدا جب کہ ضمیر ہو)

اردو میں ترجمہ کرو:

(۱) أَنَا تِلْمِيْذٌ (۲) أَنْتَ خَطِيْبٌ

(۳) هُوَ شَاعِرٌ (۴) أَنْتُمَا صَدِيْقَانِ

(۵) هُمَا عَالِمَتَانِ (۶) أَنْتُمَا مُسْلِمَتَانِ

(۷) هُنَّ صَادِقَاتٌ (۸) هِيَ بَاكِيَةٌ

(۹) هُمَا أَخَوَانِ (۱۰) أَنْتِ حَزِيْنَةٌ

(۱۱) هُمْ مُسَافِرُوْنَ (۱۲) أَنْتُنَّ صَائِمَاتٌ

(۱۳) أَنْتُمْ ضُيُوْفٌ (۱۴) نَحْنُ مَسْرُوْرُوْنَ

عربی میں ترجمہ کرو:۔

(۱) آپ دونوں مہمان ہیں (۲) میں میزبان ہوں

(۳) آپ لوگ نیکوکار ہیں۔ (۴) ہم دونوں دوست ہیں

(۵) ہم لوگ مسلمان ہیں (۶) تو سچا ہے

(۷) وہ جھوٹی ہے (۸) آپ دونوں بیٹھی ہیں

(۹) میں کھڑی ہوں (۱۰) وہ دونوں سوئی ہوئی ہیں

(۱۱) آپ استانیاں ہیں (۱۲) وہ سب طالبات ہیں

(۱۳) تم دونوں کھاڑی ہو (۱۴) وہ دونوں پڑھتی ہیں

التمرین (۳۵)

(مبتدا جب کہ اسم اشارہ ہو)[1]

اُردو میں ترجمہ کرو :-

(۱) هٰذَا مَطْبَخٌ وَهٰذِهٖ اَدْوَاتُهٗ

---

(۱) عربی میں اسم اشارہ کے دس صیغے آتے ہیں۔ پانچ اشارہ قریب کے لئے اور پانچ اشارہ بعید کے لئے ذیل کے نقشے میں دیکھو :-

	اشارہ قریب			اشارہ بعید		
	واحد	تثنیہ	جمع	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	هٰذَا	هٰذَانِ	هٰؤُلَاءِ	ذٰلِكَ	ذَانِكَ	اُولٰئِكَ
مؤنث	هٰذِهٖ	هَاتَانِ		تِلْكَ	تَانِكَ	

اسمائے اشارہ جیسا کہ تم نے درس ۳۵ میں پڑھا ہے سب ہی معرفہ ہوتے ہیں، اس لئے ان کا استعمال بطور مبتدا کے بھی ہوتا ہے جس طرح کہ یہ فاعل اور مفعول کے طور پر لائے جاتے ہیں۔
کبھی اسم اشارہ تنہا مبتدا ہوتا ہے اور کبھی اپنے مشارٌ الیہ کے ساتھ مل کر مبتدا بنتا ہے۔ اس صورت میں اسم اشارہ موصوف اور مشارٌ الیہ صفت واقع ہوگا۔ پھر یہ دونوں مل کر مرکب توصیفی کی صورت میں مبتدا ہوں گے۔
مندرجہ ذیل جملوں کے فرق پر غور کرو :-
(۱) هٰذَا قَلَمٌ (یہ ایک قلم ہے)
(۲) هٰذَا قَلَمٌ جَمِيْلٌ (یہ) ایک خوبصورت قلم ہے۔
(۳) هٰذَا الْقَلَمُ جَمِيْلٌ (یہ قلم) خوبصورت ہے
(۴) هٰذَا الْقَلَمُ، قَلَمٌ جَمِيْلٌ (یہ قلم) ایک خوبصورت قلم ہے۔
پہلے اور دوسرے جملہ میں هٰذَا اسم اشارہ تنہا مبتدا ہے اور دوسرے اور تیسرے جملے میں هٰذَا الْقَلَمُ اشارہ اور مشارٌ الیہ مل کر مبتدا ہیں
اسی طرح خبر بھی پہلے اور تیسرے جملے میں خبر مفرد ہے اور دوسرے اور چوتھے میں مرکب توصیفی قَلَمٌ جَمِيْلٌ) خبر ہے۔ (باقی حاشیہ صفحہ ۴۳ پر)

(۲) ذٰلِكَ مَوْقِدٌ وَهٰذَا تَنُّوْرٌ

(۳) هٰذِهٖ قِدْرٌ وَهٰذَا غِطَاءُهَا

(۴) تِلْكَ مِخْبَزَةٌ وَهٰذِهٖ مِقْلَاةٌ

(۵) هٰذَانِ اِبْرِيْقَانِ وَتِلْكَ جَرَّةٌ

(۶) هَاتَانِ مِلْعَقَتَانِ وَتِلْكَ مِغْرَفَةٌ

(۷) ذَانِكَ قِدْحَانِ وَهٰذِهٖ قَصْعَةٌ

(۸) تَانِكَ قَصْعَتَانِ وَهٰذِهٖ صُحُوْنٌ

(۹) هٰذِهٖ فَنَاجِيْنُ وَتِلْكَ كُئُوْسٌ

(۱۰) هٰؤُلَاءِ طُهَاةُ الْمَطْعَمِ وَاُولٰئِكَ خَبَّازُوْنَ

(۱۱) اُولٰئِكَ خَادِمُوْا الْمَقْهٰى وَهٰذَا طَبَّاخٌ

(۱۲) هٰذِهٖ اٰنِيَةُ الْمَطْبَخِ وَاَدَوَاتُهٗ

عربی میں ترجمہ کرو:۔

(۱) یہ قلم ہے اور یہ اس کا نب ہے

(۲) یہ دوات ہے اور وہ اس کا ڈھکنا ہے

(۳) وہ کتاب ہے اور یہ کاپی ہے

(۴) وہ تختہ سیاہ ہے اور یہ سلیٹ ہے

(۵) یہ دونوں استاد ہیں۔

(۶) یہ دونوں طالبات ہیں

(۷) وہ دونوں طالب علم ہیں اور یہ ان کے والد ہیں۔

(بقیہ حاشیہ ص۴۲) اس قسم کے جملے عربی میں بہت آئیں گے۔ اگر قلم کو مثلاً تم مبتدا بنانا چاہتے ہو تو اس کو معرفہ بنالو اور اگر خبر بنانا چاہتے ہو تو نکرہ کی صورت میں لکھو

غیر ذوی العقول کی جمع کیلئے اسم اشارہ واحد مؤنث استعمال کیا جاتا ہے اسلئے کہ غیر ذوی العقول کی جمع واحد مؤنث کے حکم میں ہوتی ہے۔

(۸) وہ لڑکیوں کا مدرسہ ہے　　(۹) یہ سب درجہ سوم کے طلبہ ہیں

(۱۰) وہ لوگ دارالعلوم کے اساتذہ ہیں　　(۱۱) وہ سب مسلمان لڑکیاں ہیں

(۱۲) یہ سب لڑکیوں کے مدرسے کی اُستانیاں ہیں۔

التمرین (۳۷)

(مبتدا ترکیب توصیفی وترکیب اضافی کی صورت میں)

اردو میں ترجمہ کرو:۔

(۱) اَلتِّلْمِیْذُ الْمُجْتَهِدُ نَاجِحٌ　　(۲) اَلْوَلَدُ اللَّعُوْبُ غَائِبٌ

(۳) مَسْجِدُ دَارِ الْعُلُوْمِ جَمِیْلٌ　　(۴) منارتا الْمَسْجِدِ عَالِیَتَانِ

(۵) هٰذِهِ السَّاعَةُ وَاقِفَةٌ　　(۶) عَقْرَبَا السَّاعَةِ لَامِعَانِ

(۷) سِبَابُ الْمُؤْمِنِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ

(۸) إِمَاطَةُ الْأَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ، صَدَقَةٌ

(۹) تِلْكَ الْبَقَرَةُ السوداءُ، حَلُوْبٌ

(۱۰) هَاتَانِ الشَّجَرَتَانِ، مثمرتان

(۱۱) ذانك التلميذان مجتهدان

(۱۲) أُولٰئِكَ الاساتذة، عطوفون

عربی میں ترجمہ کرو:۔

(۱) سچا لڑکا پیارا ہے　　(۲) محنتی لڑکے کامیاب ہیں

(۳) انسان کی زندگی ڈھلتی چھاؤں ہے   (۴) مغربی تہذیب لعنت ہے

(۵) اسلامی نظام رحمت ہے   (۶) مصر کے مسلمان مالدار ہیں

(۷) چاندنی راتیں دلکش ہیں   (۸) فریدہ کے ماموں ڈاکٹر ہیں

(۹) تمھارے دونوں بھائی تاجر ہیں   (۱۰) خالد کا دوست وکیل ہے

(۱۱) یہ کمرہ تاریک ہے   (۱۲) دونوں روشندان بند ہیں

(۱۳) تیری ٹوپی سیاہ اور قمیص سفید ہے   (۱۴) یہ لڑکیاں مسلمان ہیں

(خبر ترکیب توصیفی و ترکیب اضافی میں)

اردو میں ترجمہ کردو۔

(۱) اَلْاِسْلَامُ دِیْنٌ قَیِّمٌ   (۲) القرآن کتابُ اللّٰه

(۳) اَحْسَنُ الْھَدْیِ، ھَدْیُ الْاَنْبِیَاءِ

(۴) خَیْرُ السُّنَنِ، سُنَّةُ مُحَمَّدٍ (صلی اللہ علیہ وسلم)

(۵) رَاْسُ الْحِکْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ   (۶) اَلْھِنْدُ بِلَادٌ خَصِیْبَةٌ

(۷) اَلْیَدُ الْعُلْیَا، خَیْرٌ مِنَ الْیَدِ السُّفْلٰی

(۸) رَشَادٌ، تِلْمِیْذٌ مُجْتَھِدٌ   (۹) اِقْبَالٌ، شَاعِرٌ اِسْلَامِیٌّ

(۱۰) ھٰذِہٖ سَاعَةٌ ثَمِیْنَةٌ   (۱۱) ذٰلِكَ، قَصْرٌ مُشَیَّدٌ

(۱۲) اُولٰٓئِكَ نِسْوَةٌ مُؤْمِنَاتٌ   (۱۳) ھٰذِہٖ تَرْنِیْمَةُ الْاَطْفَالِ

عربی میں ترجمہ کرو:۔

(۱) جھوٹ بری عادت ہے (۲) فاطمہ اچھی لڑکی ہے

(۳) اکبر دلچسپ آدمی ہے (۴) حامد اور ہشام محنتی لڑکے ہیں

(۵) یہ لوگ شرارت پسند ہیں (۶) تم لوگ اخبار بیچنے والے ہو

(۷) کُتّا وفادار جانور ہے (۸) موٹر تیز رفتار سواری ہے

(۹) بلی چوہوں کی شکاری ہے (۱۰) یہ دونوں میرے ماموں زاد بھائی ہیں

(۱۱) وہ میری خالہ زاد بہن ہے (۱۲) یہ تیرا چچا زاد بھائی ہے

(۱۳) وہ پاکستانی سفیر ہے (۱۴) یہ لوگ مصری نمائندے ہیں

(۱۵) یہ ایک عربی رسالہ ہے (۱۶) وہ آدمی ایک اخبار کا ایڈیٹر ہے

(۱۷) یہ تحریک ایک دینی تحریک ہے (۱۸) یہ لوگ ہمارے مدرسے کے معلّم ہیں

جملہ فعلیہ

جملہ فعلیہ جیسا کہ درس ۱ میں بتایا جاچکا ہے، اس مرکب تام (جملہ مفیدہ) کو کہتے ہیں جس کی ابتدا فعل سے ہو، جیسے جَاءَ الْأَمِيْرُ، يَأْكُلُ الْوَلَدُ الْخُبْزَ

(۱) جملہ فعلیہ (۱) فعل، فاعل اور مفعول سے مل کر بنتا ہے۔

---

(۱) فعل کام کو کہتے ہیں اور فاعل کام کرنے والے کو اور مفعول اس اسم کو کہتے ہیں جس پر فاعل کا فعل (کام) واقع ہو۔ جیسے ضَرَبَ مَحْمُوْدٌ الْحِمَارَ، مارا محمود نے گدھے کو، اس میں ضَرَبَ فعل محمود فاعل اور الحمار مفعول ہے۔ اسی طرح يَأْكُلُ الْوَلَدُ الْخُبْزَ يَأْكُلُ فعل (باقی ص۴۷ پر)

(۲) فاعل اور مفعول دونوں ہی اسم ہوا کرتے ہیں۔

(۳) فاعل ہمیشہ مرفوع اور مفعول ہمیشہ منصوب ہوا کرتا ہے۔

(۴) جملہ فعلیہ میں پہلے فعل، پھر فاعل اور سب سے آخر میں مفعول لایا جاتا ہے لیکن مفعول کبھی فاعل سے پہلے اور ضرورۃً فعل سے بھی پہلے آتا ہے، البتہ فاعل اپنے فعل سے پہلے نہیں آتا۔

فاعل کے اعتبار سے فعل کی تذکیر و تانیث اور وحدت و جمع کا قاعدہ

(۵) فعل کا فاعل جب کوئی اسم ظاہر ہو (یعنی ضمیر نہ ہو) تو ہر حال میں فعل واحد ہی آئے گا، خواہ فاعل واحد ہو یا تثنیہ ہو یا جمع ہو۔ جیسے :-

جَاءَ رَجُلٌ　　جَاءَ رَجُلَانِ　　جَاءَ رِجَالٌ

جَاءَتْ اِمْرَأَةٌ　　جَاءَتْ اِمْرَأَتَانِ　　جَاءَتْ نِسَاءٌ

(۶) جب فعل کا فاعل کوئی اسم ظاہر نہ ہو بلکہ فاعل ضمیر ہی ہو تو پھر فعل اپنے ضمیر کے مطابق ہی آئے گا یعنی واحد کے لئے واحد اور تثنیہ و جمع کے لئے تثنیہ و جمع، جیسے :-

اَلْوَلَدُ قَامَ　　اَلْوَلَدَانِ قَامَا　　اَلْاَوْلَادُ قَامُوْا

نوٹ: قَامَ ۔ قَامَا ۔ قَامُوْا تینوں میں علی الترتیب واحد، تثنیہ،

(بقیہ حاشیہ ص۴۷) اور اَلْوَلَدُ فاعل اور اَلْخُبْزَ مفعول ہے۔

لازم و متعدی :- جملہ فعلیہ میں فعل کبھی صرف اپنے فاعل سے مل کر پورا مطلب ظاہر کر دیتا ہے اور کبھی فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہتا ہے یعنی مفعول کے بغیر اس کا پورا مطلب ظاہر نہیں ہوتا۔

(۱) پس ایسے تمام افعال جو فاعل سے مل کر اپنا مطلب ظاہر کر دیں فعل لازم کہے جاتے ہیں جیسے جَاءَ الْوَلَدُ ۔ جری الحصانُ ۔ تضحکُ البنتُ

(۲) اور جو افعال فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہیں وہ متعدی کہلاتے ہیں جیسے اَكَلَ الْوَلَدُ الْخُبْزَ ۔ فتح الخادمُ الباب ۔ قَتَلَ مَحْمُودٌ الْاَسَدَ

اور جمع کی ضمیر ہیں اور یہی ان افعال کے فاعل ہیں۔ رہے الولد، الولدان اور الأولاد تو یہ سب مبتدا ہیں نہ کہ فاعل۔

فعل کی تذکیر و تانیث

(۷) افعال کی تذکیر و تانیث میں قاعدہ یہ ہے کہ اگر فاعل مذکر ہو تو فعل بھی مذکر لایا جاتا ہے اور اگر فاعل مؤنث ہو تو فعل بھی مؤنث لانا چاہیئے جیسا کہ اوپر کی مثالوں میں رَجُلٌ کے لئے جَاءَ فعل مذکر اور اِمْرَأَةٌ کے لئے جَاءَتْ فعل مؤنث لایا گیا ہے۔ مگر اسے آخری قاعدہ نہ سمجھنا چاہیئے۔ کتاب کے دوسرے حصہ میں مزید تفصیل دی جائے گی۔

(۸) فاعل اگر کسی غیر عاقل کی جمع ہو تو فعل واحد مؤنث استعمال ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ غیر عاقل کی جمع واحد مؤنث ہی کے حکم میں ہوتی ہے، اسی لئے مبتدا یا موصوف جب کسی غیر عاقل کی جمع ہوں تو خبر اور صفت عموماً واحد مؤنث ہی لائی جاتی ہے۔

(جملہ فعلیہ کی مشق)

اردو میں ترجمہ کرو۔

(۱) أَسْفَرَ الصُّبْحُ (۲) صَاحَ الدِّيكُ الصَّائِحُ

(۳) إِسْتَيْقَظَتْ فَاطِمَةُ الصَّغِيرَةُ

(۴) هَبَّتِ الرِّيحُ الشَّدِيدَةُ (۵) نَزَلَ الْمَطَرُ الْغَزِيرُ

(۶) حَفِظَ التِّلْمِيذُ الدَّرْسَ (۷) قَطَفَ مَحْمُودٌ زَهْرَةً جَمِيلَةً

(۸) شَرِبَتْ فَاطِمَةُ الْمَاءَ الْبَارِدَ (۹) أَكَلَ الْوَلَدُ الْخُبْزَ الْبَائِتَ

(۱۰) اِشْتَرَى مَحْمُودُ نِ الصَّغِيْرُ قَلَمًا ثَمِيْنًا

(۱۱) صَادَ خَالِدُ التِّلْمِيْذُ ظَبْيًا سَمِيْنًا

(۱۲) خَلَقَ اللّٰهُ الْأَرْضَ وَالسَّمٰوَاتِ الْعُلٰى

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) اللہ تعالیٰ نے انبیاء اور رسول بھیجے۔

(۲) ناشکر گذار بندے نے خدا کی نافرمانی کی۔

(۳) فرمانبردار لڑکے نے باپ کا کہا مانا۔

(۴) رشاد طالب علم نے سبق پڑھا (۵) سلیم غلام نے دروازہ کھولا

(۶) بہادر سپاہی نے شیر کو مار ڈالا (۷) محنتی طالب علم امتحان میں کامیاب ہوا۔

(۸) تمہاری خادمہ نے مزیدار کھانا پکایا (۹) معزز مہمانوں نے کھانا کھایا

(۱۰) شریف میزبان نے شکریہ ادا کیا (۱۱) توانا مزدور نے ایک کنواں کھودا۔

(۱۲) ماہر بڑھئی نے ایک عمدہ کرسی بنائی

(۱) کَادَ اور کَرُبَ میں عموماً اَنْ نہیں لایا جاتا، مگر لانا بھی صحیح ہے۔

(۲) اَوْشَکَ اور عَسٰی میں عموماً اَنْ لایا جاتا ہے مگر نہ لانا بھی صحیح ہے۔

(۳) حَرٰی اور اِخْلَوْلَقَ میں اَنْ کا لایا جانا ضروری ہے۔

(۴) تمام افعالِ شروع میں اَنْ کا نہ لایا جانا ضروری ہے۔

اردو میں ترجمہ کرو۔

(۱) أَخَذَتِ الْأَزْهَارُ تَتَفَتَّحُ فِي الْبَسَاتِيْنِ۔

(۲) أَنْشَأَتِ الطُّيُوْرُ تُغَرِّدُ عَلَى الْأَغْصَانِ۔

(۳) كَادَ الدَّاءُ يَقْضِيْ عَلَى الْمَرِيْضِ لَكِنَّهُ بَرِئَ۔

(۴) أجدبت الأرض فاوشك الناس أن يموتوا جوعًا۔

(۵) طفق التلاميذ يتنافسون في الخطابة۔

(۶) إنتهت الحفلة وجعل الناس ينتشرون۔

(۷) كاد الفقر أن يكون كفرًا۔

(۸) عسى الضيق أن ينفرج ويأتي بعده يسر۔

(۹) هبّ رجال العلم والدين يؤدون ما عليهم۔

(۱۰) أمطرت السماء فقام الفلاحون يحرثون الأرض۔

(۱۱) حان الامتحان فأقبل الطلبة يجتهدون۔

(۱۲) أنشأ المعلم يعظ التلاميذ ويرشدهم۔

عربی میں ترجمہ کرو:۔

(۱) شام ہوئی اور پرندے اپنے گھونسلوں کی طرف جانے لگے۔

(۲) جب ملزم سے باز پرس کی جانے لگی تو وہ رونے لگا۔

(۳) کل زور کی آندھی آئی قریب تھا کہ کشتی ڈوب جائے۔

(۴) امید ہے کہ احمد ایک باکمال مقرر ہوگا۔

(۵) توقع ہے کہ محمود درجہ اوّل میں ہوگا۔

(۶) حامد ایک کھلاڑی لڑکا تھا مگر اب وہ محنت کرنے لگا۔

(۷) امتحان ختم ہوگیا اور طلبہ اپنے گھروں کو جانے لگے۔

(۸) جلدی نہ کرو اب صبح ہوا ہی چاہتی ہے۔

(۹) ابر گھر آیا اب پانی برسا چاہتا ہے۔

(۱۰) گارڈ نے سیٹی دی اور ٹرین حرکت کرنے لگی۔

(۱۱) گاڑی رکی اور مسافروں نے اپنا سامان اتارنا شروع کر دیا۔

(۱۲) قریب تھا کہ دشمن شکست کھا جائیں۔

(۱۳) جب اس نے اپنی ناکامی کی خبر سنی تو قریب تھا کہ رو پڑے۔

(۱۴) فتح مکہ کے بعد لوگ فوج در فوج اسلام میں داخل ہونے لگے۔

اردو میں ترجمہ کرو:۔

(۱) لَمَّا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدْعُو النَّاسَ اِلَی اللّٰہِ جَعَلَ الْمُشْرِکُوْنَ یُؤْذُوْنَہٗ۔

(۲) لَمَّا ھَبَّ الْمُسْلِمُوْنَ یَنْصُرُوْنَ دِیْنَ اللّٰہِ فَتَحَ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ بَرَکَاتِ السَّمٰوٰتِ۔

(۳) فَلَمَّا تَرَکُوا الدَّعْوَۃَ وَالْعَمَلَ بِھَا جَعَلُوْا یَنْحَطُّوْنَ یَوْمًا فَیَوْمًا

(۴) لَمْ نَکَدْ نَصِلُ اِلَی الْمَحَطَّۃِ حَتّٰی صَفَرَ الْقِطَارُ۔

(۵) کَانَ طَلَبَۃُ الصَّفِّ الثَّانِی یَصْرُخُوْنَ وَیَصِیْحُوْنَ

(۶) فَمَا کَادُوْا یَرَوْنَ الْمُعَلِّمَ حَتّٰی اَصْبَحُوْا سَاکِتِیْنَ کَاَنَّ عَلٰی رُؤُسِھِمُ الطَّیْرُ۔

(۷) مَا کَادَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَبْلُغُ الْخَامِسَۃَ حَتّٰی تُوُفِّیَتْ اُمُّہٗ۔

(۸) مَا کَادَتِ الشَّمْسُ تَغْرُبُ حَتّٰی اَخَذَ الصَّائِمُوْنَ یُفْطِرُوْنَ

(۹) لا يَكادُ المحافظُ يَصفر حتى يأخذَ القطارُ يتحرّك

(۱۰) لا يكادُ محمودٌ يسمعُ بموتِ أبيه حتى تزهقَ نفسُهُ۔

(۱۱) لا يكادُ هٰذا الشهرُ ينتهي حتى تجعل السمومُ تلفحُ الوجوهَ۔

(۱۲) مَا لِهٰؤُلاءِ القومِ لا يكادون يفقهون حديثاً۔

۱) عربی میں ترجمہ کرو:۔

(۱) ابھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پیدا بھی نہ ہوئے تھے کہ آپ کے والد کا انتقال ہو گیا۔

(۲) جب حضرت عمرؓ نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کی خبر سُنی تو تلوار نیام سے کھینچ لی۔

(۳) اور کہنے لگے کہ میں نے کسی سے یہ کہتے سنا نہیں کہ آپ وفات فرما گئے" یہاں تک کہ میں اس کی گردن مار دوں گا۔

(۴) ابھی گھنٹی بجنے نہ پائی تھی کہ طلبہ درجوں سے نکلنے لگے۔

(۵) جیسے ہی اس نے اپنی کامیابی کی خبر سُنی اس کا چہرہ گلاب سا کھل گیا۔

(۶) امتحان سالانہ ختم ہوا نہیں کہ طلبہ روانگی شروع کر دیں گے۔

(۷) جونہی میں گھر سے نکلا زور کی بارش ہونے لگی۔

(۸) اس نے اپنے باپ کے مرنے کی خبر سنی نہیں کہ بیہوش ہو گیا۔

(۹) یہ مہینہ ختم ہوا نہیں کہ آم پکنے لگیں گے۔

(۱۰) بارش رُکی نہیں کہ ہم لوگ چل پڑیں گے

(۱۱) ریفری نے سیٹی بجائی نہیں کہ کھلاڑی دوڑنے لگیں گے

(۱۲) ہم جیسے ہی مدرسہ پہنچے موسلادھار پانی برسنے لگا۔

الدرسُ الخامِسُ والعِشرُون

(حروف جارہ)

حروف جارہ سترہ ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں:۔

بِ، تَ، کَ، لِ، وَ، مِنْ، عَنْ، عَلیٰ، فِیْ، اِلیٰ، حَتّٰی، رُبَّ، مُذْ، مُنْذُ، حَاشَا، عَدَا، خَلَا۔

یہ حروف اسم پر داخل ہوتے ہیں اور اس کو جر دیتے ہیں جیسے المطر ینزل مِنَ السماء۔

حروف جارہ ربط و اتصال کا کام دیتے ہیں۔

ان میں سے اکثر و بیشتر متعدد اور مختلف معانی میں مستعمل ہوتے ہیں۔ ذیل میں بعض حروف کے صرف کثیر الوقوع معانی لکھے جاتے ہیں:۔

(۱) بِ :۔ سے، میں، پر، سبب، ساتھ، قسم، وغیرہ کے معانی میں، کبھی زائد بھی ہوتا ہے اور کبھی تعدیہ کے لئے آتا ہے۔

(۲) تَ :۔ قسم کے لئے، اللہ کے لئے مخصوص ہے جیسے تَاللّٰہِ (اللہ کی قسم)

(۳) کَ :۔ تشبیہ کے لئے (مانند، مشابہ، مثل، طرح، وغیرہ)

(۴) لِ :۔ (واسطے، طرف، سے، کو، کا، کے، کی، وغیرہ)

(۵) وَ :۔ قسم کے لئے رُبَّ کے معنی میں۔

(۶) مِنْ :۔ سے، کا، کی، کے، میں۔ سے، بعض، بسبب، وغیرہ۔

(۷) عَنْ :۔ (سے، طرف سے، بارے میں)

(۸) عَلیٰ :۔ (پر، باوجود) وغیرہ۔

(۹) فِی :۔ میں ، بارے میں ، متعلق ، بسبب وغیرہ)

(۱۰) اِلٰی :۔ تک ، طرف وغیرہ)

(۱۱) حَتّٰی :۔ تک ، یہاں تک کہ ، تاکہ وغیرہ)

(۱۲) رُبَّ :۔ (بعض ، بہتیرے ، اکثر ، وغیرہ تقلیل و تکثیر دونوں کے لئے)

(۱۳ ، ۱۴) مُنْذُ ، مُذْ :۔ (عرصہ سے ..... دن سے وغیرہ) ابتدائے مدت کیلئے۔

(۱۵ ، ۱۶ ، ۱۷) حَاشَا ، خَلَا ، عَدَا :۔ (سوا ، علاوہ ، وغیرہ استثناء کے لئے)

نوٹ : عربی میں صلہ کا پہچاننا سب سے مشکل کام ہے ۔ مبتدی تو مبتدی اکثر پڑھے لکھے لوگ لکھنے میں فاش غلطی کر جاتے ہیں ۔ اس کا انحصار زیادہ تر مشق و مداومت پر ہے ۔ بعض عمومی غلطی کی طرف ہم جلد دوم میں نشان دہی کریں گے ۔ البتہ اتنی بات یاد رکھو :

قَالَ کا صلہ لام آتا ہے ، سَأَلَ ، سَمِعَ بغیر صلہ کے استعمال ہوتے ہیں اور اسی طرح ظَلَمَ بھی ، جیسے :۔ قُلْتُ لِزَیْدٍ ، سَمِعْتُ زَیْدًا ، فُلَانٌ ظَلَمَ زَیْدًا ، سَأَلْتُ زَیْدٌ اخوُ اِسْمِ أَبِیْہِ ۔

اُردو میں ترجمہ کرو :۔

(۱) یَقْطَعُ النجار الخشب بالمنشار وَیصنع منہ الکرسی۔

(۲) تاللّٰہِ لَاُسَافِرَنَّ اِلَی البلادِ الاسلامیۃ وَلَاطُوفَنَّ فیہا حتّٰی عامٍ

(۳) وقع الحریق البارحۃ فاحترق کل متاعی مَعَ الکتب ۔

(۴) للبستان بابان وَعلٰی کلِ بابٍ حارِسٌ

(۵) یقطع القطار المسافۃ من لکنؤ الٰی کانفور فی ساعتین۔

(۶) رُبَّ أَكلةٍ تمنع عَنْ أَكلاتٍ كَثِيرَةٍ -

(۷) أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَةِ اللهِ يَكْفُرُونَ -

(۸) مَنْ كَانَ فِي هٰذِهٖٓ أَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ أَعْمٰى -

(۹) مُنْذُ كَمْ عَامٍ تَسْكُنُ فِي لكنو

(۱۰) تَرْحَمُ الَّتِي جاجةُ عَلَى الْبَيْضِ حَتّٰى عِشْرِيْنَ يَوْمًا -

(۱۱) مَنْ مَدَّ حَلْقَهٗ بِمَا لَيْسَ فِيهِ فَقَدْ ذَمَّهٗ -

(۱۲) لَا يُزْهِدَنَّكَ فِي الْمَعْرُوْفِ مَنْ لَا يَشْكُرُهٗ -

(۱۳) لَا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْيَوْمِ إِلٰى غَدٍ -

(۱۴) ذَهَبَ أَخِيْ إِلَى الْمَحطَّةِ لِيُقَابِلَ صَدِيْقًا لَهٗ -

(۱۵) وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلًا -

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) اس زمانہ میں بجلی سے بڑے بڑے کام لئے جاتے ہیں۔

(۲) جدید انکشافات اور ایجادات کی وجہ سے گھنٹوں کے کام منٹوں میں پورے

(۳) کہتے ہیں کہ چاند میں بھی آبادی ہے۔

(۴) کتنے دن میں چاند کا سفر کیا جانا ممکن ہے۔

(۵) تمھارے والد کتنے دنوں سے بیمار ہیں اور کس کا علاج کرا رہے ہیں؟

(۶) خیر کے سوا ہر بات سے اپنی زبان کو روکو

(۷) کل [illegible] کے علاوہ تمام لڑکے کامیاب ہوگئے۔

(۸) اساتذہ انھیں طلبہ کی تعریف کرتے ہیں جو پڑھنے میں محنت کرتے ہیں۔

(۹) کیا یہ ممکن ہے کہ دنیا سے گمراہیاں ختم ہو جائیں؟

(۱۰) میں نے محمود سے پوچھا کہ تم کس سنہ میں پیدا ہوئے مگر وہ نہیں بتا سکا۔

(۱۱) ملازم سے کہو کہ میرے لئے ایک تانگہ کرایہ کر دے۔

(۱۲) ان طلبہ کی طرح نہ ہو جاؤ جنھوں نے کھیل میں اپنے اوقات ضائع کئے۔

(۱۳) اللہ کی قسم میں ان لوگوں کی ضرور مدد کروں گا جنھوں نے حق کی خاطر گھر بار چھوڑا اور جان و مال کی قربانی کی۔

رسالةٌ مِنْ طالبٍ إلى أبيه (۱)

دار العلوم لندوة العلماء
فی ۱۸/۱۰/۱۳۷۲ھ (لکھنؤ)

التقديم

والدی الجلیل تحیةً وسلامًا

هذا اول کتاب الیکم منذ فارقتکم، ولعلکم تشتاقون الی أنْ أُعجّل لکم بالکتاب بأنّی کیف وجدت المدرسة وکم أُنست بها ولها أنا أخبرکم بکل فخر وسرور انی وجدت المدرسة مبینتها أحسن مما کنت أتصورها فی مُخَیِّلَتی اما الأساتذة فکلّهم مخلصون عطوفون هم یتوددون الیّ کما یتودّد الآباء الی ابنائهم وقد رحّب بی التلامیذ ترحیب الأمّ بالأمّ۔

العرض

ولکن مع ذلک کله انا فی قلبی اضطراب لا یهنأ لی الطعام ولا أنام ملء جفونی ولولم اکن اطلب العلم الذی لما رضیت بفراقکم ولولا أنکم حبّبتم الی العلم وغرستم حُبّه فی قلبی لغادرت المدرسة ولحقت بکم ولکنی لن اوثر الجهل علی العلم الذی جعل الله فیه خیرا۔ فادعوالی بصمیم قلبکم من الله عزوجل ان یربط علی قلبی ویرزقنی علمًا نافعًا

الختام

واختم کتابی هذا بلثم یدیک الطاهرة وارجو الله أن یطیل بقاءک فینا ویمُدّ حیاتک لنا واقرأ علی اُمّی الحنون اذکی السلام منی۔

والسلام

ولدك البارّ .....

---

(۱) یہ ایک طالب علم کا خط ہے جس نے پہلی مرتبہ مدرسہ پہنچنے کے بعد اپنے والد کو لکھا ہے۔ اس خط کے نمونے سے تم اندازہ [illegible] کر سکتے ہو خط کے چار حصے ہوتے ہیں۔ پہلا حصہ مقدمہ پر مشتمل ہوتا ہے اور دوسرا اصل مقصد پر اور تیسرا غرض اور چوتھا اختتام پر۔

ردّ الوالد علی رسالة ولده

عظیم آباد (پٹنہ)

فی ۲۱/۱۰/۱۳۶۲ھ

ولدی العزیز سلام اللہ ورحمتہ علیک

وبعد فقد تلقیت کتابک عشیة أمس وصدقت أنت فی ظنک نحن کنا ننتظر کتابک باشتیاق عظیم۔

لقد سرّنی کثیراً أن المدرسة وجوّها قد اعجباک وأما ما قلعک وماذکرت من قلقک واضطرابک، فذلک من الطبیعی فانّ المرء اذا فارق اھلہٗ ودیارہٗ وصار الی مکان لیس لہٗ فیہ أنیسٌ ولا صدیق یستوحش فی ذلک المکان۔ کذلک أنت یاعزیزی! إنک قد فارقت الجوّ الذی فیہ نشأت وصرت الی مکان لم تألفہ من قبلُ۔ ولکن ارجو ان لا تمرّ بک ایام الاّ تستانس بہٖ۔

و إنک ولد رشیدٌ تعرف فضل العلم فلا حاجة الی المزید فی ھذہ الساعة وکفی بک شوقاً ما قرأت من حدیث الرسول صلعمؐ ان الملائکة لتضع اجنحتہا لطالب العلم رضی بما صنع» فاللہ یخیرلک ویرزقک علماً نافعاً۔

ھذا دعواللہ أن یکلأک بعنایتہ ویحفظک برعایتہ۔ والسلام "ابوک"

اکتب کتاباً الی عمک وثانیاً الی امک وثالث الی اخیک الصغیر واذکر فی الاول نبذاً من أحوال المدرسة ثم اطلب ما تحتاج الیہ من الملابس والنقود واذکر فی الثانی عطف اساتذتک علیک وأخبر عن الکتب الدرسیة التی تقرأھا أنت، وفی الثالث الترغیب الی التعلیم وما بدلک من التصمیم

مَعَانِي الأَلْفَاظِ الصَّعْبَةِ ۔

عربی الفاظ کے ترجمہ میں عموماً مصدری معنی لکھے گئے ہیں۔ اسی طرح اردو مصادر لکھ کر ان کے سامنے عربی کے فعل ماضی لکھ دیئے گئے ہیں۔ سہولت کے لئے عربی اور اردو الفاظ کی فہرست الگ الگ کر دی گئی ہے۔

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
١٩	الكُرَّاسَةُ	کاپی
"	ج الكَرَارِيسُ	
"	الحِبْرُ	روشنائی
"	المِحْبَرُ	دوات
"	المِرْسَمُ	پنسل
"	السَّبُّورَةُ	تختہ سیاہ۔ بلیک بورڈ
"	الشُّبَّاكُ	کھڑکی
"	ج الشَّبَابِيكُ	
٢١	النَّاعِمُ	نرم، نرم ونازک
"	الرَّخِيصُ	ارزاں۔ سستا
"	الثَّمِينُ	قیمتی
"	الخَشِنُ	کھردرا
"	الغَزِيرُ	کثیر، زیادہ
		المطر الغزیر زور کی بارش
"	الفَلَّاحُ	کاشتکار۔ کسان

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
"	القِطَارُ	ریل گاڑی
"	التُّفَّاحُ	سیب
"	المُغْلَقُ	بند
"	الخَلَقُ والخُلقان من الثياب	پرانا کپڑا
٢٢	الحديقة ج حدائق	باغ۔ چمن۔ پارک
"	المُثْمِرَةُ	پھل دار
"	الوَرْدَةُ	گلاب کا پھول
"	الشَّهِيُّ	لذیذ، مزیدار
"	الطَّرِيُّ	تازہ (گوشت وغیرہ کیلئے)
"	البَائِتُ	باسی
"	الفِجُّ	کچا (میوہ وغیرہ)
"	المُفَتَّحَةُ	کھلا ہوا
"	النَّاضِجُ	پکا ہوا۔ پختہ
٢٣	الخرقاء (م)	بدسلیقہ، پھوہڑ

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۲۴	الطاوِلةُ	میز
"	السَّيّارَةُ	موٹر۔ بس
"	اللّامِعُ	چمکدار
"	العَذبُ	شیریں، میٹھا
"	النَّقِيُّ	صاف ستھرا پاکیزہ
"	المُقمِرَةُ	چاندنی
"	المُظلِمُ	تاریک
"	النَّشِيطُ	چست، پھرتیلا
"	المُظِلُّ	سایہ دار
۲۵	الرّائِقُ	صاف، خوشگوار، دلکش
"	الشّامِخَةُ	بلند۔ شاندار
۲۶	المَملُوءُ	بھرا ہوا
"	(ملأ يَملأُ)	
"	الفارِغُ	خالی
۲۷	المُمطِرَةُ	برسنے والا
"	الضَّئِيلُ	دھیمی ٹمٹمانے والی
"	اللُّعبُوبُ	کھلاڑی۔ کھلنڈرا
"	البارُّ	فرمانبردار، نیک بیٹا
	ج البارُّونَ	سپوت
"	المُتَلألِئُ	جگمگانے والا
"	المُورِقَةُ	پتہ دار، پتوں والا درخت
"	الفائِزُ	کامیاب۔ بامراد
"	النّاجِحُ	کامیاب
"	المُجتَهِدُ	محنتی
۳۰	الشاطئ	کنارہ
"	ج الشواطئ	
"	الطبيعَةُ	فطرت، قدرت، خلقت
"	السَّنامُ	چوٹی۔ اونٹ کا کوہان
"	التغريد	چہچہانا
"	الكأس	گلاس، جام
"	اللَّمَعانُ	چمک
"	السَّيرُ	چلنا، چال، رفتار
"	الجَناحُ	بازو پرند وغیرہ کا
"	ج الأجنِحَةُ	
"	الخُرطومُ	سونڈ
"	الزُّجاجُ	شیشہ
"	العِنانُ	لگام
"	الظَّبيُ	ہرن
	ج الظِّباءُ	
۳۱	القاطِنُ	متعلق شخص مقیم، قاطن الجبل پہاڑ کا بسنے والا
	ج القاطِنونَ	
"	المِصراعُ	پٹ (کواڑ کا)
"	العَجَلَةُ	پہیّا
"	الدَّرّاجَةُ	سائیکل

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۳۲	العقربُ	بچھو۔ عقرب الساعة / گھڑی کی سوئی
〃	السَّائِقُ	ڈرائیور
〃	السِّنَانُ	پھل ، انّی
۳۳	الخِصْبُ	سرسبزی وشادابی
〃	الثروة	دولت ومالداری
〃	البِلادُ	ملک
〃	المِنْشَفَةُ	تولیہ
〃	الجَوْرَبُ	موزہ
〃	القُفَّازُ	دستانہ
〃	الصُّوفُ	اون
〃	الخَشْخَشَةُ	کھٹ پٹ کی آواز / جھنکار
〃	القبقابُ	کھڑاؤں
〃	الحفحفةُ	پھڑپھڑاہٹ، پھڑکنا
۳۴	الفَخْفَخَةُ	ٹیپ ٹاپ، شان وشوکت
〃	الخَشَبَةُ	لکڑی
۳۴	الرِّيْشَةُ	پَر
〃	القائِمَةُ / ج القَوَائِمُ	پائے
〃	المِنْضَدَة	ڈیسک
〃	الصُّفْرَةُ	زردی
〃	المصارَعَةُ	کشتی
〃	الدُّمْيَةُ / الدُّمٰی	گڑیا

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۳۴	الخِمارُ / ج الخُمُرُ	دوپٹہ۔ اوڑھنی
〃	السِّوَارُ / ج الأَسْوِرَةُ	کنگن
〃	الحِذْقُ (مص)	مہارت
〃	السِّيَاحَةُ	سیاحی
〃	الزَّعِيمُ / ج الزُّعَمَاءُ (ف)	لیڈر۔ قائد
۳۴	المُسْفِرُ	روشن۔ من اسْفَرَ۔ اُجالا ہونا
〃	الفاحِمُ (ف)	سیاہ
〃	الشَّعْرُ	بال
〃	القَفْزُ (مص)	اچھل کود
〃	الهَرْوَلَةُ	دوڑنا
〃	السذاجة	سادگی، سادہ لوحی
〃	الفتاة / ج الفتيات	نوجوان عورت / دوشیزہ
〃	السُّفُورُ	بے پردگی
〃	الزَّئِيرُ	شیر کا دھاڑنا
〃	النَّاهِقُ / فاعل نَهَقَ	گدھے کا رینکنا / ڈھینچنا ۔ کنکھنا
〃	العَضُوضُ	بہت کاٹنے والا
〃	النُّبَاحُ مص	کتے کا بھونکنا

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
”	المُوَاءُ / مَاءَ يَمُوءُ	بلی کا میاؤں میاؤں کرنا
”	القَلَمُ المُحبَّرُ	فاؤنٹن پین
”	المِينَاءُ	دگھڑی کا ڈائل۔ بندرگاہ
”	الجَامِحُ	سرکش۔ اڑیل (گھوڑے وغیرہ کے لئے)
”	الصَّهِيلُ	گھوڑے کا ہنہنانا
۳۹	البَاسِمُ	مسکرانے والا
۴۰	النَّاضِرَةُ	تروتازہ
”	المُضِيئَةُ	روشن
”	النَّافِذَةُ	روشندان۔ کھڑکی
۴۲	الخَطِيبُ	مُقرِّر
”	الصَّدِيقُ	دوست
”	الضَّيْفُ	مہمان
۴۳	ادوات المطبخ	مطبخ کا سامان
”	الأَدَاةُ ج الأَدَوَاتُ	آلہ۔ اوزار
”	المُوْقِدُ	چولہا
”	التَّنُّورُ	تنور
”	القِدْرُ ج القُدُورُ	دیگچی۔ ہانڈی
”	الغِطَاءُ	ڈھکن

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۴۴	المِخْبَزَةُ	توا
”	المِقْلَاةُ	کڑاہی
”	الإِبْرِيقُ ج الأَبَارِيقُ	لوٹا
”	الجَرَّةُ ج الجِرَارُ	گھڑا
”	المِلْعَقَةُ	چمچہ
”	المِغْرَفَةُ	کڑچھی۔ کفگیر
”	القَدَحُ	پیالہ
”	القَصْعَةُ	بڑا پیالہ
”	الصَّحْنُ ج الصُّحُونُ	پلیٹ
”	الفِنْجَانُ	چائے کی پیالی
”	الكَأْسُ ج الكُؤُوسُ	گلاس۔ جام
”	الطَّاهِي ج الطُّهَاةُ	باورچی
”	المَطْعَمُ	ہوٹل
”	الخَبَّازُ	نانبائی
”	المَقْهَى	قہوہ خانہ
”	الطَّبَّاخُ	باورچی
”	الآنِيَةُ ج الأَوَانِي	برتن

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۴۵	السِّبَابُ	گالی دینا
〃	الفُسُوقُ	گناہ، بے دینی
〃	الإمَاطَةُ	دور کرنا، ہٹانا
〃	الأذٰى	گندگی۔ تکلیف دہ چیز تکلیف
〃	الحَلُوبُ	دودھ دینے والی (گائے، بکری اونٹنی وغیرہ)
〃	الدِّيْنُ القَيِّمُ	دین حق
۴۶	الهُدٰى	طریقہ
〃	رَأسُ الحِكْمَةِ	اصل حکمت
〃	الخَصِبَةُ مؤنث	سرسبز و شاداب
〃	الخَصِبُ	〃
〃	القَصْرُ	محل۔ کوٹھی
〃	ج القُصُورُ	〃
〃	المَشِيْدُ	مضبوط عمارت (چونہ گچ)
〃	التَّرْنِيمَةُ	لوری
۴۹	أسْفَرَ (الصُّبْحُ)	اُجالا ہونا
〃	الدِّيْكُ الصَّارِخُ	بانگ دینے والا مرغ
〃	إسْتَيْقَظَ	بیدار ہونا
〃	هَبَّ۔ هُبُوْبًا	ہوا کا چلنا، اٹھنا، نیند سے
〃	قَطَفَ۔ قَطْفًا	پھول وغیرہ کا توڑنا
۵۱	إنْسَلَخَ	ختم ہونا

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۵۱	أبْصَرَ	دیکھنا
〃	الظَّمَأُ	پیاس
〃	إبْتَلَّ	تر ہونا
〃	العُرُوْقُ	رگ
〃	عِرْقٌ	〃
〃	كَنَسَ۔ كَنْسًا	جھاڑو دینا
〃	الجَائِزَةُ	انعام
〃	ج الجَوَائِزُ	〃
〃	الماجِنُ	بے حیا۔ مسخرہ
〃	الكُتُبُ الماجِنَةُ	فحش لٹریچر
〃	النَّاشِئ	نوخیز۔ نوعمر
۵۴	الرَّصِيْفُ	پلیٹ فارم
〃	الحَمَامَةُ	کبوتر۔ فاختہ
〃	عَجَنَ عَجْنًا	آٹا گوندھنا
〃	خَبَزَ۔ خَبْزًا	روٹی پکانا
〃	أرْسَلَ إلَيْهِ	بلا بھیجا۔ بلوایا
〃	إرْتَوَيْتُمْ	سیراب ہونا
〃	الإرْتِوَاءُ	〃
〃	تَغَيَّمَ	ابر آلود ہونا
〃	رِيْحٌ عَاصِفٌ	آندھی، تیز و تند ہوا
〃	قَلَعَ۔ قَلْعًا	اکھاڑ پھینکنا
۵۵	أطْلَقَ	بندوق چلانا۔ چھوڑنا، کھلا کرنا

www.KitaboSunnat.com

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۵۵	البُنْدُوقِيَّةُ	بندوق
"	المَرْكَبُ - المركبة	سواری
"	المُصَلّٰى	عیدگاہ
"	الدَّقِيقُ	آٹا
"	العَجِينُ	گوندھا ہوا آٹا
"	الرَّغِيفُ	روٹی
"	ج الرَّغَائِفُ	
۵۷	شَمَّ - شَمًّا	سونگھنا
"	مَرِحَ مَرَحًا	حد سے زیادہ خوش ہونا
"	تَمَثَّلَ	اطاعت کرنا
"	(الامتثال)	
"	السَّافِرَاتُ ج	بے پردہ
"	الحَوَائِجُ ج	ضروریات
"	حَاجَةٌ	
"	مَحَقَ يَمْحَقُ	مٹانا
"	مَحْقًا	
"	يُرْبِي	بڑھانا، اضافہ کرنا
"	كَرِيمُ الطَّبْعِ	شریف مزاج
۵۸	البَرْقُ	بجلی
"	خَطِفَ خَطْفًا	اچک لینا
"	الشَّبَكَةُ	جال
"	الشِّبَاكُ	

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۵۸	السُّمْعَةُ	شہرت
"	السِّبَاحَةُ	تیرنا - تیراکی
۵۹	الصَّدَاقَةُ	دوستی
"	اللَّئِيمُ	کمینہ
۶۰	رَبِحَ - رَبْحًا	نفع اٹھانا
"	حَرَثَ - حَرْثًا	جوتنا - بونا
"	بَذَرَ - بَذْرًا	بونا - بیج ڈالنا
۶۲	حَصَدَ حَصْدًا	کھیت کاٹنا
۷۰	المُسْتَشْفَى	ہسپتال
"	الارْتِشَاءُ	رشوت لینا
"	حُظِرْنَ	روک دی گئیں
	جمع مؤنث	
"	السُّفُورُ	بے پردگی
"	المَلَأُ	گروہ - پارٹی کے لوگ
"	قَبَضَ (علی)	گرفتار کرنا
"	قَبْضًا	
"	محل الشرطة	پولیس اسٹیشن تھانہ
"	بُهِتَ	ہکا بکا رہ جانا
۶۸	لَدَغَ يَلْدَغُ	ڈسنا - ڈنک مارنا
"	لَدْغًا	
"	الجُحْرُ	سوراخ - بل
	أَجْحَار	

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۶۸	اَلْإِخْتِبَارُ	آزمائش ، جانچ ، امتحان
"	اَلْبَلِيَّةُ	آزمائش ، مصیبت
"	اَلتَّضْحِيَةُ	قربانی
	اَلْمَوَاهِبُ ج	عطیہ ۔ فطری صلاحیت
"	مَوْهَبَةٌ	
"	اَلْخَرِيْفُ	جاڑے اور گرمی کے درمیان کا زمانہ
"	اَلرَّبِيْعُ	فصل بہار
"	طحن طحناً	آٹا پیسنا
"	اَلرَّحٰى	چکی
"	اَلطَّاحُوْنُ	چکی
۷۱	تَلَقّٰى	پانا ، لینا ، حاصل کرنا
"	سَاحَةُ الحرب	میدان جنگ
"	اَلْغَابَةُ	جنگل
۷۲	اَلتَّغْرِيْدُ	چہچہانا
"	اَلْكُلِّيَّةُ	کالج
۷۴	اَلْقَرَوِيُّ	گاؤں کا رہنے والا ، دیہاتی
"	يُغَنِّيْ	گاتا
"	تَنَشَّقَ (س)	ہوا کھانا
"	رَقَعَ ۔ رَقْعاً	کپڑے میں پیوند لگانا
"	اَلْحِوَارُ	بات چیت ، سوال و جواب
"	اَلْجَرْحٰى ج جَرِيْحٌ	زخمی
۷۵	اَلْمُبَارَاةُ	میچ ۔ مقابلہ

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۷۵	لَا يَتَنَاهَوْنَ	باز نہیں رہتے
"	اَلْأَتْرَابُ ج	ہمجولی
	تِرْبٌ	
۷۹	اِصْطَبَرَ	کسی بات پر صبر کرسکنے کا قادر ہونا
"	اَلْكَيْلَ	پیمانہ (رقیق و سیال چیز کے لئے)
"	كِلْتُمْ كَالَ (كَيْلٌ)	ناپنا (برتن سے)
"	قَاسَ يَقِيْسُ	ناپنا (گز سے)
"	زِنُوْا (وَزَنَ يَزِنُ)	وزن کرنا
"	اَلْقِسْطَاس	ترازو
"	طَغٰى طُغْيَاناً	حد سے بڑھ جانا ، سرکشی کرنا
"	قَرِّيْ (قَرَّ)	ٹھنڈا کرنا (آنکھ کا)
"	مؤنث واحد امر	
"	اَلْحُلُمُ (ص)	بلوغ ، بالغ ہونا
"	اَلْحَمَّالُ	قلی
"	اكترى	کرایہ پر لینا ، کرایہ کرنا
۸۱	اَلْمَغْلُوْلَةُ	بندھا ہوا (رسی) سے
"	اَلْإِمْلَاقُ	فقر و فاقہ
"	اَلْمَرَحُ	اترانا ، ناز سے چلنا
"	لَا تَقْفُ	ٹوہ میں لگنا ، پیچھے پڑنا
"	اَلتَّجَسُّسُ	ٹوہ میں لگنا
"	اَلْإِغْتِيَابُ	غیبت کرنا
"	اَللَّمْزُ	عیب لگانا

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۸۱	التَّنَابُزُ	بُرے القاب سے یاد کرنا
〃	البَخْسُ	حق تلفی کرنا۔ کمی کرنا کسی کے حق میں
〃	لَا تَعْثَوْا	کفر و فساد میں حد سے زیادہ بڑھ جانا
۸۵	الغَرْبِيُّوْن	یورپین۔ اہل یورپ
〃	سَمَا يَسْمُوْا	بلند ہونا
〃	الاختراعُ	ایجاد
〃	التَّافِهُ	حقیر و معمولی
〃	الكِبْرِيْتُ	دیا سلائی۔ گندھک
〃	العَوَاصِفُ ج عَاصِفَةٌ	آندھی
〃	اُقْتُلِعَ	جڑ سے اکھاڑ پھینکنا
۸۶	المِحْرَاثُ	ہل
〃	الإبْتِعَادُ	دور رہنا، دور ہونا
〃	الكَلَأُ	گھاس
۸۷	كَدَّ يَكُدُّ كَدًّا	محنت مشقت سے کام کرنا، حصول رزق کی کوشش کرنا
〃	الشُّئُوْنُ شَأْنٌ	شئون المنازل گھر کے کام
〃	أَسْدَى	بھلائی کرنا۔ اچھا سلوک کرنا
۸۸	سَهِرَ سَهَرًا	رات کو جاگنا

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۸۸	تَهَجَّدَ يَتَهَجَّدُ	رات کو جاگ کر تہجد پڑھنا
〃	نَحَتَ نَحْتًا	پتھر تراشنا
〃	نَزَعَ نَزْعًا	کھینچنا
〃	الدَّلْوُ ج الدِّلَاءُ	ڈول
〃	نَطَحَ نَطْحًا	سینگ مارنا
〃	رَكَلَ يَرْكُلُ رَكْلًا	لات مارنا
〃	الكَبْشُ	مینڈھا
〃	وَأَدَ يَئِدُ وَأْدًا	زندہ دفن کرنا
۹۲	الخَفِيْرُ	پہرہ دار۔ چوکیدار
〃	سِيْمَا	علامت
۹۴	السَّفَهُ والسَّفَاهَةُ	حماقت
〃	المُعَوِّقُ	رکاوٹ پیدا کرنے والا
〃	العَشِيْرَةُ	عزیز و رشتہ دار
۹۵	المَوْعِدُ	وعدہ کا وقت۔ وعدہ کی جگہ
〃	المَتْحَفُ	عجائب گھر
〃	غَامَ يَغِيْمُ	ابر آلود ہونا
〃	العَشَاءُ	شام کا کھانا
〃	عَلَفَ عَلْفًا	چارہ کھانا
۹۶	أُوْرُبَّا	یورپ
〃	الأُرُزُّ	چاول
〃	الحضارة الوثنية	بت پرستانہ تہذیب
۱۰۰	يَنْتَصِرُ	بدلہ لینا

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۱۰۰	عَطَفَ (علی) عطفاً	مہربان ہونا
〃	بعدَ الغد	پرسوں
〃	لَتُجِیدِنَّہٗ (أجادَ)	کسی کام کو حسن وخوبی سے کرنا
〃	یَقْتَصِدُ	میانہ روی اختیار کرنا
〃	الشَّمْسُ	دھوپ، سورج
〃	التَّجْرِیبُ	تجربہ کرنا
〃	تَسَوَّدُوا	سردار بنائے جاؤ
〃	أُرَوِّحُ (الترویح)	راحت بخشنا۔ تفریح کرنا
۱۰۸	بَلَعَ۔ بَلْعاً	نگلنا
〃	المَضْغُ (مص)	چبانا
۱۱۲	جُنَیْنَةُ الحیوانات	عجائب گھر چڑیا خانہ
〃	المَتْحَفُ	مردہ عجائب گھر۔ میوزیم
۱۱۳	الفُطُورُ	ناشتہ
۱۱۴	الدَّقِیقَةُ ج الدَّقَائِقُ	منٹ
۱۱۵	کَابَدَ یُکَابِدُ	جھیلنا
۱۱۸	الحُکْمُ	فیصلہ
۱۲۲	الخَزَنَةُ	جمع خازن۔ داروغہ
〃	المُلِمَّةُ	مصیبت آفت
〃	الحَفَاوَةُ	عزت واکرام

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۱۲۴	الخَلِیقَةُ ج الخَلَائِقُ	عادت واطوار
۱۲۵	العَیْلَةُ	محتاجی
〃	الطِّبَاعُ	افتاد طبع۔ مزاج
〃	المُکَافَاةُ	بدلہ
〃	فَتَرَ۔ فُتُوراً	ماند پڑجانا، سست پڑجانا
〃	البَازِغَةُ	طلوع ہونے والا
〃	أَسَرَّ إلَیْہِ	رازداری کی بات کہنا
۱۲۸	الجِیلُ ج أَجْیَالٌ	نسل
۱۳۱	الحَفِیرَةُ	گڑھا
〃	الحَتْفُ	موت
۱۳۳	الهَوَاءُ الطَّلْقُ	صاف ہوا
〃	القُرْصُ	ٹکیہ
〃	الکَدَرُ۔ الکَدَرُ فی الحیاة	کلفت
〃	المُتَأَخِّرُ	لیٹ
۱۳۴	المُتْعَبُ	تھکا ماندہ، تھکاہارا
〃	المِرْوَحَةُ	پنکھا
〃	الیَبَسُ	خشکی (زمین)
〃	أَسَاءَ (إلی)	کسی کے حق میں برائی کرنا
〃	الانْغِمَاسُ	منہمک ہونا۔

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۱۳۶	التَّرَفُ	عیش وتنعم
"	یُوَاسُوْنَ	غمخواری بمصیبت
	المواساة	میں کام آنا
۱۴۰	النَّجِیْبُ ج	لائق - اچھا
	النُّجَبَاءُ	
"	المُتَّسِخُ (الاتساخ)	گندہ
"	الأَقْذَارُ ج	گندگی
"	قَذَرٌ	
"	تَبَیَّنَ	واضح ہونا - واضح طور
		پر جان لینا کسی بات کا
"	القُسَاةُ جمع قاسی	سخت گیر - سختی کرنا
"	الفُؤَادُ	دل
"	الفَارِغ	خالی
"	المُتَجَوِّسُ	مارا مارا پھرنے والا
۱۴۳	الشِّبْرُ	بالشت
"	المَنَاظِرُ البَهِیْجَةُ	دلکش منظر
"	حَفَلَ حَفْلاً	پرواہ کرنا
۱۴۹	الرُّشْدُ	ہدایت
"	الغَیُّ	گمراہی
"	المُتَقَلِّبُ	متلون جو کسی ایک
		بات پر نہ ٹھہرے
"	الفَاکِهَانِیُّ	میوہ فروش

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۱۴۹	المُتَنَافِسُ	سبقت کرنے والا
		رشک کرنے والا
۱۵۲	قَضَی عَلَیْهِ	کام تمام کرنا - خاتمہ کردینا
"	أَجْدَبَ	خشک سالی کا ہونا
۱۵۳	الیُسْرُ	فراخی - خوشحالی
"	صَفَرَ صَفِیْرًا	سیٹی دینا
۱۵۵	المُحَافِظ	گارڈ
"	زَهَقَ زُهُوْقًا (النفس)	جان کا نکلنا
	(الباطل)	دور ہونا
"	السَّمُوْمُ مونث	لُو
"	لَفَحَ یَلْفَحُ	جھلسنا
۱۵۶	المِنْشَارُ	آرہ
"	الحَرِیْقُ	آگ کا لگنا
"	البَیْضُ	انڈا
"	بَیْضَةٌ	
"	زَهِدَ یَزْهَدُ	بے رغبت کرنا
۱۵۹	البِیْئَةُ	ماحول
"	المُخَیِّلَةُ	ذہن - تصور
"	رَحَّبَ بِهِ	خیر مقدم کرنا
"	غَادَرَ	چھوڑنا - ترک کرنا
"	رَبَطَ عَلَی قَلْبِهِ	دل کو مضبوط کرنا
"	الحَنُوْنُ	مہربان

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی	نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۱۶۹	تَلَقّٰی	پانا	۱۶۹	الطَّبِیْعِیُّ	قدرتی۔ فطرتی
〃	اَلْهَلَعَةُ	گھبراہٹ بےتابی پریشانی		کَلَأَهٗ کَلْأً	حفاظت کرنا

اُردو سے عربی

	اُردو	عربی	نمبر صفحہ	اُردو	عربی
۱۶	جنگل	الغابة ج الغابات	۲۸	خوشگوار	الرَّائِقُ
〃	شبنم	النَّدٰی	〃	پارک	المُتَنَزَّهُ۔ الحَدِیقَةُ
〃	تپائی	الطَّاوِلَةُ الصَّغِیرَةُ	〃	دلفریب	البهیج ۔ الجاذب
〃	کرسی	الکُرْسِیُّ	〃	تہذیب و تمدن	الحَضَارَةُ
〃	ڈیسک	المنضدة ج المناضد	〃	مغربی	الغَربی
〃	تولیہ	المنشفة	〃	ترانہ	الأُنشُودَةُ ج الاناشید
〃	ٹوپی	القَلَنْسُوَةُ	〃	گیت	الأَغْنِیَّةُ ج الاغانی
〃	تکیہ	الوِسَادَةُ	〃	گرمی	الحَرُّ
〃	ہار	العِقْدُ	〃	رنگ	اللَّوْنُ
〃	سڑک	الشَّارِعُ ج الشَّوارِعُ	〃	مہک	الأَرِیجُ
〃	موٹا	السَّمِینُ	〃	شکار	الصَّیْدُ
۲۵	نیلا	الأزرقُ ج زُرْقٌ	〃	بندوق	البُنْدُقِیَّةُ
〃	روشن	المُشْرِقَةُ	〃	چاندی	الفِضَّةُ
〃	گہرا	العَمِیقُ	〃	لوہا	الحَدِیدُ
〃	انار	الرُّمَّانُ	〃	پاکیزگی	الطَّهَارَةُ
〃	گھڑی	السَّاعَةُ	〃	ارادے	العَزَائِمُ ج عَزِیمَةٌ
〃	تعلیم یافتہ	المُتَعَلِّمُ	〃	خوشنودی	الرِّضٰی
〃	خونریز	الدَّامِیَةُ	۳۲	چیونٹی	النَّمْلَةُ
۲۸	آئینہ	المِرْآةُ	〃	سمجھ	الفَهْمُ۔ الفِرَاسَةُ

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۳۲	شترمرغ	النَّعَامُ و نَعَامَةٌ
〃	ٹانگ	الرِّجْلُ ج أَرْجُلٌ
〃	اطاعت گزار	المُطِيعُ ج المُطِيعُونَ
〃	معمار	البَنَّاءُ ج البَنَّاؤُونَ
۳۳	تعظیم کرنے والے	المُكْرِمُونَ
〃	وطن کا پرستار	مُحِبُّ الوَطَنِ
〃	سوار	الرَّاكِبُ
〃	باشندہ	السَّاكِنُ
〃	کارخانہ	المَعْمَلُ۔ المَصْنَعُ ج مَصَانِعُ
〃	مزدور	العَامِلُ۔ الأَجِيرُ
۳۴	ہاتھ کی صفائی	سُرْعَةُ اليَدِ
〃	تیزی	
〃	ڈائل	المِينَاءُ
۳۵	فٹ بال	كُرَةُ القَدَمِ
〃	تیراندازی	الرَّمْيُ
〃	چرچا	الصِّيتُ۔ الذِّكْرُ
〃	آب وہوا	المَنَاخُ
〃	سیاح	السَّيَّاحُ
〃	پازیب	الخَلْخَالُ، الحَجْلُ ج أَحْجَالٌ
〃	بالی	القُرْطُ

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۳۵	کارنامہ	الصَّنِيعَةُ ج الصَّنَائِعُ
〃	شہرت	الصِّيتُ
۳۶	انگوٹھی	الخَاتِمُ
〃	نگینہ	الفَصُّ
〃	پیغام	الرِّسَالَةُ
〃	چالبازی	الدَّهَاءُ، المَكْرُ
〃	دھار	الحَدُّ
〃	تلوار کا دستہ	القَائِمَةُ
〃	نیام	الغِمْدُ
〃	گڑیا	الدُّمْيَةُ ج الدُّمَى
〃	کھلونا	الأُلْعُوبَةُ
〃	لٹو	الدُّوَّامَةُ
〃	بیل کا ڈکارنا	الخُوَارُ
〃	سینگ	القَرْنُ
〃	زین	السَّرْجُ
۳۷	سرسبز وشاداب	الخَصِيبُ المُخْصِبُ
〃	سخت	الشَّدِيدُ
〃	پہرہ دار	الحَارِسُ، الخَفِيرُ
〃	بند ہونا۔ کھڑی ہونا	وَقَفَ يَقِفُ
〃	کشادہ	الوَاسِعُ
〃	گھنا	الأَغَنُّ بِالنَّبْتِ الغَنَّاءُ
〃	ابرآلود	المُتَغَيِّمَةُ

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۴۱	اسٹیشن	المَحَطَّةُ
۴۲	میزبان	المُضِیفُ
"	نیکوکار	الصَّالِحُ
"	استانی	المُعَلِّمَةُ
"	بڑھئی	النَّجَّارُ
۴۳	سلیٹ	لَوحُ الحَجَرِ
"	پیارا	المُحَبَّبُ
"	ڈھلتی چھاؤں	ظِلٌّ زَائِلٌ
"	تہذیب	الثَّقَافَةُ
"	اسلامی نظام	النظام الاسلامِي
"	دلکش	البَهِيجُ
"	ڈاکٹر	الدُّكتُورُ الطَّبِيبُ
"	وکیل	المُحَامِي
"	روشندان	النَّافِذَةُ
۴۷	دلچسپ آدمی	خفیف الرّوح المتم
"	وفادار	الوَفِيُّ
"	سواری	المَركَبُ
"	شکاری	الصَّيَّادُ
"	سفیر	السَّفِيرُ ج سُفَرَاءُ
"	نمائندہ	المُمَثِّلُ
۵۰	ناشکرگزار	الكَفُورُ
"	روشن ہونا (چراغ وغیرہ)	إتَّقَدَ

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۵۲	ہوائی جہاز	الطَّيَّارَةُ
"	خونخوار	الضَّارِيَةُ ج الضَّوَارِي
"	بھیڑیا	الذِّئبُ ج الذِّئَابُ
۵۵	جگانا	أَيقَظَ
"	سحری کھانا	تَسَحَّرَ
"	کھانا کھلانا	أَطعَمَ
"	موٹر۔بس	السَّيَّارَةُ
"	ٹکٹ (موٹر۔ریل وغیرہ)	التَّذكِرَةُ ج التَّذَاكِيرُ
"	چائے	الشَّاي
"	تقریر کرنا	خَطَبَ
۵۶	کپڑا پہنانا	كَسَا يَكسُو
"	خوشحال	سَرِيٌّ ج أَسرِيَاءُ
۵۹	چھا جانا	غَشِيَ يَغشَى
"	جلانا۔روشن کرنا	أَوقَدَ
۶۰	بگاڑ	الفَسَادُ
"	نیکی (بھلائی)	المعروف
۶۱	فیل ہونا	رَسَبَ۔سَقَطَ
۶۲	شادی	العُرسُ
"	صلہ	الجَزَاءُ۔الثَّوَابُ
"	باز آنا	إمتَنَعَ
۶۴	کھودنا	حَفَرَ حَفرًا
"	جھاڑو دینا	كَنَسَ كَنسًا

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
٦٦	دوھنا	حَلَبَ - حَلْبًا
"	چرواہا	الرَّاعِي
٦٧	شہید کیا جانا	اُسْتُشْهِدَ
"	خلیفہ مقرر کیا جانا	اُسْتُخْلِفَ
"	شراب	الخَمْرُ
"	نوحہ کرنا	النِّيَاحَةُ - نَاحَ يَنُوحُ
"	پھانسی	الشَّنْقُ
"	پھانسی دینا	صَلَبَ يَصْلُبُ صَلْبًا
٦٨	سیرت وکردار	الخُلُقُ
"	کاشت کرنا	زَرَعَ - زَرْعًا
"	روئی	القُطْنُ
"	سرسوں	الخَرْدَلُ
"	سیراب کرنا، سینچنا	سَقَى - يَسْقِي
"	صوبہ	المُقَاطَعَةُ
٦٩	ریشم	الحَرِيرُ
"	کپڑا بننا	نَسَجَ يَنْسِجُ نَسْجًا
"	الماری	الدُّولَابُ
"	شیشم	السَّاسَمُ
"	ساگون	السَّاجُ
٧٣	ٹہلنا سیر وتفریح	التَّنَزُّهُ - التَّفَرُّجُ
"	مور	الطَّاوُوسُ
"	کوٹ	السُّتْرَةُ

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
٧٦	ورزش	الرِّيَاضَةُ البَدَنِيَّةُ
"	پوسٹ آفس	مَرْكَزُ البَرِيدِ
"	ایکسپریس	السَّبَّاقُ
٧٩	چاق وچوبند رہنا	نَشِطَ - نَشَاطًا
"	شعر پڑھنا	أَنْشَدَ
"	ہوشیار رہنا	حَذِرَ - حَذَرًا
٨٢	مایوس ہونا	يَئِسَ - يَيْأَسُ
"	دوپہر	الظَّهِيرَةُ
"	عادت ڈالنا	التَّعَوُّدُ
٨٥	پھاڑنا	مَزَّقَ
"	سوجنا	تَوَرَّمَ
"	ڈاکو	قَاطِعُ الطَّرِيقِ
		قُطَّاعُ الطَّرِيقِ
٨٦	لیڈر	الزَّعِيمُ ج زُعَمَاءُ
"	گرفتار کرنا	أَسَرَ - يَأْسِرُ
"	معزول کرنا	عَزَلَ - عَزْلًا
٨٧	سہیلی	الصَّدِيقَةُ
"	پٹھا	العَصَبُ ج أَعْصَابٌ
"	جھوٹا (پس خوردہ)	السُّؤْرُ
٨٨	چہچہانا	التَّغْرِيدُ (س)
٨٩	درخت لگانا	الغَرْسُ
"	آٹا	الدَّقِيقُ

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
۸۹	آٹا پیسنا	طَحَنَ - طَحْنًا
〃	کتے کا بھونکنا	نَبَحَ - نُبَاحًا
〃	پتہ بتانا	دَلَّ عَلَيْهِ
〃	شیر کا دھاڑنا	زَمْجَرَ - زَأَرَ
〃	مرغ کا بانگ دینا	صَاحَ يَصِيحُ (اصل معنی چیخنا)
〃	تجارت کرنا	إِتَّجَرَ يَتَّجِرُ
〃	جواب دینا خط کا	رَدَّ إِلَيْهِ الْجَوَابَ
۹۱	بجلی کی کڑک	الرَّعْدُ
〃	یقین کرنا	إِسْتَيْقَنَ
〃	امید منقطع کرنا	قَطَعَ الرَّجَاءَ
۹۲	ذخیرہ	النَّاضِجُ
۹۶	اعتراف کرنا	أَقَرَّ (بِهِ)
〃	پھل توڑنا	جَنَىٰ يَجْنِي
۹۸	باطل کے آگے جھکنا	خَضَعَ لِلْبَاطِلِ
〃	افشا کرنا	أَفْشَىٰ
〃	معاملہ میں تنگی کرنا	قَتَرَ - قُتُورًا
〃	فضول خرچی کرنا	أَسْرَفَ
۱۰۲	جہاد کرنا	جَاهَدَ
〃	مقدمہ پیش کرنا	رفع اليه المرافعة
〃	بگاڑنا	أَفْسَدَ
〃	ناراض ہونا	سَخِطَ وَجَدَ (عَلَى)
۱۰۲	محاسبہ کرنا	حَاسَبَ
۱۰۳	چہل قدمی کرنا	التَّفَرُّجُ
〃	مسواک کرنا	إِسْتَاكَ
〃	پریشان حال	الْبَائِسُ
〃	خبر گیری کرنا	تَعَهَّدَ (بِهِ)
۱۰۵	غیبت کرنا	إِغْتَابَ
〃	مذاق کرنا	سَخِرَ - سَخْرًا
〃	ڈانٹنا	زَجَرَ - زَجْرًا
۱۰۶	نرمی کا برتاؤ کرنا	رفق (بِهِ)
۱۰۷	دھیمی روشنی	النور الضئيل
〃	ہوائی اڈہ	الْمَطَارُ
〃	غلہ	الْحُبُوبُ
〃	مہتمم مدرسہ	عَمِيدُ الْمَدْرَسَةِ
	〃	نَاظِرُ الْمَدْرَسَةِ
۱۰۸	ضروری سامان	الْحَوَائِجُ الضَّرُورِيَّةُ
〃	ہمت افزائی کرنا	حَفَزَ - شَجَّعَ
〃	ہدایت پانا	إِهْتَدَىٰ
۱۱۰	کلی کرنا	مَضْمَضَ
〃	نہار منہ	عَلَى الرِّيقِ
۱۱۵	جہاز (بحری)	الْمَاخِرَةُ
〃	بادبانی کشتی	السفينة الشراعية
〃	کاغذ	الْقِرْطَاسُ

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
١٢٥	قدرت کی کاریگری	صُنْعُ اللّٰه
"	بیج	اَلْبَذْرَۃُ
"	تنگدست	المُعْتَرُّ
١٢٦	گمشدہ دولت	الضَّالَّۃُ
١٢٩	عذر چاہنا	اِعْتَذَرَ
"	عذر قبول کرنا	عَذَرَ - عُذْرًا
"	پرواہ کرنا	حَفَلَ (بِہٖ)
١٣٢	کھو جانا	فَقَدَہٗ - فَقْدًا
"	نقب زنی	نَقَبَ - نَقْبًا
١٣٥	شاندار	الفَخْمُ، الشَّامِخُ
"	تنگ	الضَّیِّقُ
"	بے گناہ	البَرِیْءُ
"	خطاکار	الخَاطِئُ ج الخَاطِئُوْنَ
"	تالاب	التُّرْعَۃُ ج التُّرَعُ، الغَدِیْرُ
١٣٧	منہمک	المُنْغَمِسُ، المُشْتَغِلُ
"	سرگوشی کرنا	نَاجَی یُنَاجِی المُنَاجَاۃُ
١٤٠	مشکل	الصَّعْبُ ج صِعَابٌ
١٤١	میل	المِیْلُ ج الأَمْیَالُ
"	پیدل چلنا	مَشَی رَاجِلًا، المَشْیُ عَلَی الأَقْدَامِ
"	مہنگا ہونا	غَلَا یَغْلُو غَلَاءً
"	نرخ	السِّعْرُ
"	ہوا کا بند ہونا	رَکَدَ (الرِّیْحُ)
١٤٢	کشمکش	النِّزَاعُ، الصِّرَاعُ
"	جھانکنا	أَطَلَّ یُطِلُّ
١٤٤	جی چرانا	کَسِلَ - کَسَلًا
"	حکومت کرنا	حَکَمَ عَلَی البِلَادِ

نمبر صفحہ	الفاظ	معانی
١٤٣	سادہ زندگی گزارنا	عاش حیاۃ ساذجۃ
"	تنعم و آسائش	التَّرَفُ
"	ترقی کرنا	اِرْتَقَی - نَہَضَ
"	مداہنت	المُدَاہَنَۃُ
١٤٧	پوشیدہ ہونا	خَفِیَ عَلَیْہِ
"	موجودہ حالت	الحَاضِرُ
"	مطمئن	القَانِعُ، الرَّاضِی
١٥٠	ہسپتال	المُسْتَشْفَی
"	فوارہ	الفَوَّارَۃُ
"	اونی لباس	الملابس الصوفیۃ
"	مضائقہ	الحرج، لا بأس علیہ
١٥١	قہوہ خانہ	المَقْہَی ج المَقَاہِی
١٥٢	گھونسلہ	العُشُّ ج العُشُوْشُ
١٥٣	فوج در فوج	أَفْوَاجًا
"	تلوار کھینچنا	سَلَّ السَّیْفَ
"	بیہوش ہونا	أُغْمِیَ عَلَیْہِ
"	بے ہوش	مُغْشِیًّا عَلَیْہِ
"	ریفری	الحَکَمُ
١٥٥	کھلاڑی	اللَّاعِبُ
١٥٨	کام لینا	الاستخدام
"	ایجادات و انکشافات	الاِخْتِرَاعَاتُ وَالاِکْتِشَافَاتُ
"	آبادی	العُمْرَانُ
"	کرایہ کرنا	اِکْتَرَی

پاکستان میں کچھ پبلشرز ہمارا ادارہ (مجلس نشریات اسلام کراچی) کی درسی کتب غیر قانونی طور پر شائع کر رہے ہیں، جو ایک قانونی اور اخلاقی طور پر جرم ہے ہم یہ خط ثبوت کے طور پر شائع کر رہے ہیں کہ درسی کتب کی اجازت صرف مجلس نشریات اسلام کراچی کو ہے۔

Phone 22948

مکتبہ دار العلوم ندوۃ العلماء۔ لکھنؤ

NADWA BOOK DEPOT

P. O. Box 93, LUCKNOW.

No-----　　　　Date 3/3/77

١٢ ربیع الاول ۱۳۹۷ھ

مکتبہ دار العلوم ندوۃ العلماء محض ایک تجارتی ادارہ نہیں بلکہ ہندوستان کی تعلیم درسگاہ دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کا ایک اشاعتی مرکز ہے۔ یہاں کی تمام درسی کتب مثلاً قصص النبیین، القراءۃ الراشدہ، اور معلم الانشاء و دیگر کتب کی اشاعت کی اجازت اب تک پاکستان کے کسی بھی تاجر کو نہیں دی گئی تھی، لیکن بعض اہم وجوہات کی بنا پر اس کی طباعت کے مکمل اختیارات جناب مولوی فضل ربی صاحب ندوی پروپرائٹر مجلس نشریات اسلام ناظم آباد کراچی کو دیدیئے گئے ہیں۔

ان کے علاوہ کسی بھی تاجر کو مکتبہ کی کتابوں کی طباعت کی قطعاً اجازت نہیں ہے۔ مسلمانوں کا اخلاقی فرض ہوگا کہ ایک دینی ادارہ سے تعاون فرمائیں اور اپنی حسب ضرورت کتب کیلئے مندرجہ ذیل پتہ سے رابطہ قائم رکھیں۔

محمد تقی علی ندوی

منیجر مکتبہ دار العلوم ندوۃ العلماء
لکھنؤ

مُعلِّمُ الانشاء

عربی تحریر و ترجمہ سکھانے کی ایک فنّی کتاب

حصہ دوم

از

مولانا عبدالماجد ندوی رح

سابق اُستاد ادب دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ

مجلسِ نشریاتِ اسلام

۱۔کے۔۳ ناظم آباد مینشن۔ ناظم آباد ۱ کراچی ۷۴۶۰۰

مُعَلِّمُ الاِنشاء

(حصّہ دوم)

عربی ترجمہ و انشاء کا سلسلۂ نصاب، مع ضروری قواعد صرف و نحو

از
مولانا عبدالماجد ندویؒ
استادِ ادب دارالعلوم ندوۃ العلما لکھنؤ

ناشر: فضل ربی ندوی
مجلس نشریاتِ اسلام
۱-کے-۳- ناظم آباد مینشن۔ ناظم آباد ۱ کراچی ۱۸

نام کتاب ———— معلم الانشاء (حصہ دوم)
تالیف ———— مولانا عبد الماجد ندوی
طباعت ———— احمد برادرز پرنٹرز۔ کراچی
ضخامت ———— ۲۲۰ صفحات

فون ۶۶۰۰۱۹۶، ۶۶۰۱۸۱۷

اسٹاکسٹ: مکتبۂ ندوۃ۔ قاسم سینٹر اُردو بازار کراچی

ناشر
فضل ربی ندوی
مجلس نشریات اسلام ۱۔کے۔۳ ناظم آباد مینشن۔ ناظم آباد نمبر ۱ کراچی نمبر ۱۸

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

آج سے پانچ چھ سال پہلے جب کہ میں یہاں (دارالعلوم ندوۃ العلماء میں) ادب عربی کی تکمیل کر رہا تھا، میرے ذمہ بعض ابتدائی درجوں میں ترجمہ وانشا کا کام سپرد تھا، میں نے اپنی آسانی کی خاطر چند مشقیں مرتب کرلی تھیں، کہ اگر ایک طرف کام میں آسانی ہو تو دوسری طرف ایک خاص نہج اور نظام کے تحت طلباء میں ترجمہ وانشار کی صلاحیت تدریجی طور پر ترقی کر سکے، اس کے بعد پھر مجھے چند ایسے انگریزی خواں احباب سے سابقہ پیش آیا جو عربی زبان کے شائق اور اس کے بتدی تھے، ان کے ذوق وشوق کو دیکھ کر بر وقت چند مشقوں کا اور اضافہ کرنا پڑا، اور ساتھ ہی ان مشقوں کے لئے صرف ونحو کے ضروری قواعد بھی لکھنے پڑے، اس سے پہلے صرف عربی سے اُردو اور اُردو سے عربی مشقیں لکھی گئی تھیں، مگر قواعد کے اضافہ کی ضرورت دوران تدریس میں ہم برابر محسوس کرتے رہے، ہم نے محسوس کیا کہ مجرد قواعد پڑھنے والے طلباء عربی سے اردو ترجمہ تو آسانی کے ساتھ کرلیتے ہیں مگر اردو سے عربی ترجمہ کا کام ان کے لیے مشکل ترین ہوتا ہے اور یہ اس لیے کہ قواعد کی عملی تطبیق کی مشق انھیں نہیں ہوتی، یوں بھی ایک بتدی کے لیے رٹے ہوئے قواعد کا بھول جانا یا پوری طرح گرفت میں نہ آنا ایک طبعی بات ہے۔

اس طرح ان چند ابتدائی مشقوں کے مرتب ہو جانے کے بعد ذہن وخیال میں پوری کتاب کا خاکہ بننے لگا، ادھر دارالعلوم کو اپنے (ادب عربی کے) نصاب کے سلسلے میں ایک ایسی کتاب کی ضرورت تو تھی ہی، مگر دوسری طرف ملک کے طول وعرض میں بھی اس ضرورت کو پوری کرنے کے لیے کوئی دوسری کتاب نہ تھی، مولانا مسعود عالم صاحب ندوی مرحوم کی مرتب

کردہ کتاب "الترجمۃ العربیۃ" دوسرے ایڈیشن کے بعد عرصہ سے ناپید ہو چکی تھی، اور مولانا مرحوم کے پاکستان منتقل ہو جانے کے بعد ان کی کثرت مشاغل کو دیکھتے ہوئے بظاہر اس کی توقع نہ تھی کہ از سرِ نو وہ اسے پھر مرتب فرما سکیں[1] گے۔ اس خیال نے ضرورت کا احساس اور زیادہ کر دیا مگر ان سب کے باوجود سال دو سال تک اس مسودہ میں کسی اضافہ کی نوبت نہیں آئی، اس کے بعد یہی ناقص اور ادھورا مسودہ حضرت الاستاذ مولانا علی میاں صاحب کی نظر سے گزرا، مولانا نے اسے دیکھ کر اپنی پسندیدگی کا اظہار فرمایا، اور پھر اسے مکمل کرنے کی فرمائش کی، درحقیقت یہ مولانا ہی کی تشویق اور پیہم مطالبوں کا ثمرہ ہے کہ ناچیز اسے کتابی صورت میں پیش کرنے کی جرأت کر سکا۔

اس کتاب کا پہلا حصہ گزشتہ سال ستمبر ۱۹۵۳ء میں طبع ہوا تھا، الحمد للہ کتاب تعلیمی حلقوں میں پسندیدگی کی نظروں سے دیکھی گئی ادب عربی سے ذوق آشنا، اہل علم اور حضرات اساتذہ نے اس حقیر کوشش کو سراہا، رسائل و مجلات نے بھی اچھے تبصرے لکھے اور متعدد حلقوں سے باقی حصوں کی تکمیل کے لئے فرمائشیں آئیں۔ ہمیں خوشی ہے کہ اب ہم اللہ تعالیٰ کے فضل، اور اس کی توفیق سے اس کا دوسرا حصہ پیش کر رہے ہیں، اس کے بعد اس کا تیسرا حصہ بھی انشاء اللہ فوراً شائع ہو جائے گا۔

پہلے حصے کی طرح اس میں بھی تدریجاً معیار کو بلند کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

---

[1] مولانا مرحوم اپنی اس کتاب میں متعدد خامیاں محسوس فرماتے تھے اس لئے ان کا خیال تھا کہ آئندہ یہ جب کبھی چھپے تو نئی ترتیب اور نئے اضافہ کے بعد چھپے، الحمد للہ کہ مولانا نے اسے نئے سرے سے دو حصوں میں مرتب فرما دیا، پہلا حصہ ان کی زندگی ہی میں "مکتبہ چراغ راہ" کراچی سے شائع ہو چکا ہے۔

باب اول میں تمرین نمبر ۵ تک ہر دو چار مشق کے بعد ایک مسلسل مرتب مضمون دے دیا گیا ہے اور کوشش اس بات کی گئی ہے کہ دیے ہوئے قواعد کی مشق کے ساتھ مضمون کے تمام متعلقہ اجزاء کا بھی ذکر آجائے، اس قسم کی مشقوں کے مرتب کرنے میں غیر معمولی کاوش کرنی پڑی ہے خدا کرے یہ طریقہ مفید ثابت ہو۔ تمرین نمبر ۵ کے بعد باب دوم میں عربی وار دو کے چند منتخب ٹکڑے ترجمہ کے لیے دیے گئے ہیں تاکہ قواعد کی مشق سے آزاد ہو کر صرف ترجمہ کی مشق ہو سکے، باب سوم و چہارم (انشاء اور رسائل کے ابواب) کی ترتیب میں جدید مصری کتابوں سے پورا پورا استفادہ کیا گیا ہے، آسان موضوعات، مفید عناصر اور بعض اچھے مضامین ضروری حذف و اضافہ یا معمولی ترمیم و اصلاح کے بعد لے لیے گئے ہیں، اس طرح کتاب کو زیادہ سے زیادہ کارآمد اور مفید بنانے کی کوشش کی گئی ہے، آخر میں نمونہ کے لیے، موجودہ عرب اُدباء و کتاب کے چند ایسے رسائل بھی شامل کر دیے گئے ہیں، جو لفظی صناعیوں سے پاک اور تکلفات سے خالی ہیں، یہ تمام تر خطوط حضرت الاستاذ مولانا ابوالحسن علی صاحب ندوی کے نام لکھے گئے تھے اور یہی سہولت کے ساتھ ہمیں دستیاب بھی ہو سکے۔

آخر میں ہم حضرات اساتذہ اور ادب و انشاء کے معلمین سے خصوصیت کے ساتھ اس بات کی توقع کرتے ہیں کہ وہ اس کی افادیت کو محسوس فرمائیں گے اور اس سے کام لیں گے۔ اگلے ایڈیشن میں انشاء اللہ اسے اور زیادہ منقح اور کارآمد بنانے کی کوشش کی جائے گی، نیز وہ بہت سی خامیاں جو ایک مبتدی مؤلف کی ترتیب و تالیف میں باقی رہ جانا یقینی ہیں، توجہ دلانے پر دور کر دی جائیں گی۔ اس سلسلہ میں اہلِ علم حضرات کے مشورے ہمارے لیے تشکر و امتنان کے باعث ہوں گے۔ ذوق رکھنے والے ذہین طلباء کے مفید مشورے بھی شکریہ کے ساتھ قبول کئے جائیں گے، اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری اس حقیر سعی کو قبول فرمائے اور

دین سیکھنے والے طلبا، کو اس سے نفع بخشے۔

وما توفیقی الاّ باللہ العلی العظیم

وآخر دعوانا أن الحمد للہ رب العٰلمین

ناچیز

عبدالماجد ندوی

دارالعلوم ندوۃ العلماء، لکھنؤ

۱۱ ربیع الاول ۱۳۷۴ھ (مطابق ۸ نومبر ۱۹۵۴ء)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مُقدّمہ

(مولانا سیّد ابوالحسن علی ندوی، معتمد دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ)

الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علےٰ سید المرسلین

پیش نظر کتاب "معلم الانشاء" کا دوسرا حصہ، اور ترتیب نصاب کے اس سلسلہ کی اہم کڑی ہے جس کا ہندوستان میں دارالعلوم ندوۃ العلماء نے آغاز کیا ہے، طویل تعلیمی تجربہ کے بعد دارالعلوم کے منتظمین و معلمین اس نتیجے پر پہونچے کہ نہ تو قدیم نصاب تعلیم اس عصر کی ضرورتیں پوری کر سکتا ہے، اور نہ اس سے علم و دین کے تقاضے پورے ہو سکتے ہیں، نہ کسی دوسرے عرب ملک کا نصاب تعلیم یہاں کے حالات پر منطبق اور یہاں کے دینی عربی مدارس کے لئے سودمند ہو سکتا ہے اگر ہندوستان میں دینی و عربی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھنا ہے (اور مسلمانوں کے وجود ملّی کے لئے یہ ناگزیر ہے) تو عربی مدارس کو (جو اب بھی ہندوستان میں سیکڑوں کی تعداد میں ہیں) اپنا مستقل نصاب تیار کرنا ہوگا، جس طرح ایک ملک کے لئے سیاسی خود مختاری اور معاشی خود کفالتی ضروری ہے، ایک علمی و دینی ادارہ (نظام عملی تعلیم) کیلئے خود کفالتی ناگزیر ہے اور جس طرح ایک زمین کا تناور اور بارآور درخت اُکھاڑ کر دوسری زمین میں نہیں لگایا جا سکتا اسی طرح ایک ملک کا نصاب اور ایک عہد کا تعلیمی ڈھانچہ دوسرے ملک میں اور دوسرے عہد میں نصب نہیں کیا جا سکتا۔

یہ کام تو دراصل بہت پہلے کرنے کا تھا اور اس کے لئے تمام عربی مدارس کا تعاون اور تقسیم عمل کے اصول پر کام کا آغاز ضروری تھا، ضرورت اس کی تھی کہ مختلف موضوع اور مختلف

فنون آپس میں تقسیم کر لئے جاتے اور مختلف علمی جماعتوں اور اداروں کے سپرد کر دیے جاتے، پھر باہمی مشورہ و اتفاق سے ان کو قبول کیا جاتا اور رائج کیا جاتا، ندوۃ العلماؑ نے یہ آواز بلند بھی کی، بعض اہل قلم نے مضامین بھی لکھے اور ان خطرات کو ظاہر کیا جو وقت کے اس فریضہ سے غفلت، قدیم نصاب پر جمود اور اسی طرح مستعجلانہ اور انفرادی ترمیم و تغیر سے دینی تعلیم کو لاحق تھے لیکن مسلمان وقتی و عوامی تحریکوں اور مدارس، جماعتی و اداری عصبیتوں کی وجہ سے اس حال میں نہیں تھے کہ اس مسئلہ پر سنجیدگی سے غور کرتے، آخر ندوہ کے کارکنوں اور خدمت گزاروں نے بنام خدا اس کام کو بطور خود شروع کیا، جو ان کے نزدیک دینی تعلیم کی بقا کے لئے ازحد ضروری تھا، اور جس سے اُمید ہوتی ہے کہ ہمارے عربی مدارس کو اس ملک میں زندگی کی ایک نئی قسط مل جائے گی اور وہ ترقی پذیر تعلیمی نظاموں کا ساتھ دے سکیں گے۔

انشاء تمام زندہ زبانوں کا ایک اہم مضمون ہے۔ موجودہ جمہوری دور اور صحافتی و مجلسی زندگی نے اس کی اہمیت کو اور روشن کر دیا ہے، دعوت و تبلیغ کے تقاضوں، ملکوں اور قوموں کے ارتباط و تعلق نے اس کو نہ صرف اجتماعی و ادبی بلکہ دینی اہمیت بھی بخش دی ہے، اولاً یہ مضمون ہمارے مدارس میں تقریباً محذوف رہا، پھر عربی زبان و ادب کا جو نصاب پڑھایا جاتا رہا وہ نہ صرف یہ کہ ملکۂ انشاء و ادا ما فی الضمیر میں مدد نہیں کرتا تھا بلکہ اس کی صلاحیتوں کو نقصان پہونچاتا تھا، اور اس کی قوت کو مفلوج کرتا تھا، ظاہر ہے کہ "مقامات حریری" کا (جو ہمارے ادبی نصاب کا سرمایہ ہے) اس زمانہ میں تتبع نہیں کیا جا سکتا اور اس کا اسلوب تحریر، اس کا ادبی ذخیرہ اور جو ذوق اس سے بیدار ہوتا ہے وہ نئے حالات و ضروریات میں ہمارا ساتھ نہیں دے سکتا، بلکہ قدم قدم پر قلم کا قافیہ تنگ کرتا ہے اور اس کے پاؤں کی بیڑی بنتا ہے، نظم جو قدیم نصاب کے ادبی حصہ کا جزو اعظم ہے، انشاء و تحریر میں کچھ مددگار نہیں، اس کا نتیجہ یہ تھا اور ہے کہ ہمارے فضلاؑ

نظم میں اظہار خیال کو نثر کے مقابلے میں آسان سمجھتے ہیں، اور ان کی نظم ان کی نثر سے بدرجہا غنیمت ہے، حالاں کہ یہ بالکل ایک غیر فطری اور غیر واقعی بات ہے۔

ان حقائق و واقعات نے انشاء کے ایک ایسے سلسلہ کی ترتیب کی طرف متوجہ کیا، جو عربی مدارس کے اساتذہ کی پوری رہ نمائی کر سکے اور عربی مدارس میں تعلیم و انشاء کا نصاب بن سکے، اسی طرح وہ نحو کے ضروری قواعد کی عملی مشق و تمرین اور اجراء کا ذریعہ بھی بن سکے، وہ انشاء اور تحریر کے جدید ترین اصولوں اور تجربوں کے مطابق ہونے کے ساتھ اسلامی و دینی روح کا حامل بھی ہو کر یہ نصاب اُن مدارس کے لئے تیار کیا جا رہا ہے جو دینی مدارس ہیں اور اُن کا مقصد دین کی خدمت اور ترجمانی ہے۔

عربی زبان و ادب کا نصاب مرتب ہو جانے کے بعد[1] صرف و نحو کی ایسی کتابوں کی ترتیب کی طرف توجہ کی گئی جو ابتدا میں کمسن طلبا کو ان کی مادری زبان میں فن کی تعلیم دیں[2] اس کے بعد ہی انشاء کے نصاب کی طرف توجہ کی گئی، یہ کام دارالعلوم کے دو نوجوان استادوں مولوی عبدالماجد صاحب ندوی اور مولوی محمد رابع ندوی کے سپرد کیا گیا، جو عربی کا اچھا ذوق رکھتے ہیں اور قدیم عربی ذخیرہ کے ساتھ نئی چیزوں اور زبان کی ترقیات پر نظر رکھتے ہیں اور ان کو انشاء کی تعلیم کا عملی تجربہ بھی ہے۔ گزشتہ سال مولوی عبدالماجد صاحب کا تیار کیا ہوا "معلم الانشاء" کا پہلا حصہ شائع ہو کر ملک میں مقبول ہو چکا ہے، اب دوسرا حصہ

---

[1] اس نصاب کی حسب ذیل کتابیں شائع ہو چکی ہیں قصص النبیین للاطفال ۱، ۲، ۳، ۴، ۵ المحادثة العربیه ۱، القراءة الراشدة ۱، ۲، ۳، مختارات ۱، ۲۔ منشورات

[2] اس سلسلہ کی دو کتابیں تمرین النحو اور تمرین الصرف اور علم التصریف شائع ہو چکی ہیں۔

شائع ہورہا ہے، امید ہے کہ یہ بھی قبولیت حاصل کرے گا اور اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا، تیسرا حصہ (مرتبہ مولوی محمد رابع) بھی تیار ہوچکا ہے اور اس کے بعد ہی انشاء اللہ شائع ہو جائے گا۔ اس حصہ پر یہ سلسلہ مکمل ہو جائے گا۔

پہلے حصہ میں قواعد و احکام نحو کا حصہ زیادہ تھا، اس لئے کہ اس کتاب سے نحو و انشاء دونوں کی تعلیم پیش نظر تھی اور ابتدا میں کسی عجمی ملک میں نحو کے قواعد کے بغیر انشا کی تعلیم مشکل ہے، اس دوسرے حصہ میں بھی بقیہ ضروری قواعد آگئے ہیں پھر خالص انشاء کی مشقیں ہیں، قواعد میں بھی انھیں قواعد کا انتخاب کیا گیا ہے جو عملی اور روزمرہ کے ہیں، دقائق نحو اور "فقہ نحو" سے اس سلسلہ میں بحث نہیں۔

انشا میں چھوٹے چھوٹے مضامین، تراجم اور خطوط شامل ہیں، مضامین سے پہلے مصنف نے مضمون نگاری کے ضروری قواعد لکھ دیے ہیں اور ہر مضمون سے پہلے اس کے اجزا و عناصر دیدیے ہیں اور ضروری الفاظ بھی جمع کر دیے ہیں جن کے بغیر بندی مضمون نگار اظہار خیال پر قادر نہیں، مضامین روزمرہ کی ضروریات، ماحول اور گرد و پیش کے حالات و واقعات سے متعلق بھی ہیں اور اجتماعی اخلاقی اور دینی بھی ہیں، ادبی رنگینی اور تکلفات و قوافی سے پرہیز کیا گیا ہے اور ان سے پرہیز کرنے کا کم عمر و مبتدی طلبا کو بھی مشورہ دیا گیا ہے، مضامین میں عموماً کوئی نہ کوئی دینی عنصر یا نقطۂ خیال ضرور ہے کہ اس کے بغیر ہمارے نزدیک ہر ادبی نصاب بے روح اور بے نور ہے۔ خطوط میں بھی واقعیت، بے تکلفی اور سادگی کی کوشش کی گئی ہے، آخر میں چند اصلی خطوط بعض عرب ادبا اور اہل قلم کے دے دیے گئے ہیں جن کو نمونہ بنایا جا سکتا ہے۔

بحیثیت مجموعی یہ کوشش بحمد اللہ بہت کامیاب ہے، اس سے ہمارے عربی مدارس پر عربی زبان کی حجت تمام ہوتی ہے، اس مفید سلسلہ کو اختیار نہ کرنے اور اس کے ذریعہ انشاء

دتحریر کی تعلیم نہ دینے کا عذر اس کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے کہ ہمارے مدارس یا تو ابھی تک اس مضمون کی اہمیت اور زمانہ کے جدید تغیرات سے واقف نہیں، یا کسی مفید چیز کے قبول کرنے اور الحکمۃ ضالۃ المومن پر عمل کرنے کے لئے جس وسعت نظر اور فراخ دلی کی ضرورت ہے اس کی ابھی کمی ہے۔ امید ہے کہ ہمارے تعلیمی حلقے اور عربی مدارس اس کو اجنبی نگاہوں سے نہ دیکھیں گے، بلکہ اس کو اپنے ہی ایک فرد اور رفیق سفر کی کوشش تصور کریں گے کہ اس کے سوا ان کوششوں کی اور کوئی حقیقت نہیں۔

ابوالحسن علی ندوی

۱۹ ربیع الاول ۱۳۷۴ھ

مرکز دعوت اصلاح و تبلیغ
لکھنؤ

اَلبَابُ الأوّلُ

الدّرسُ الأوّل

مبتدا کی خبر، جملہ وشبہ جملہ کی صورتیں

پہلے حصہ میں آپ نے پڑھا ہے کہ مفرد ہی کی طرح جملہ اور شبہ جملہ بھی مبتدا کی خبر آتے ہیں مگر ہم نے صرف جملہ فعلیہ ہی کی مشق آپ کو بتائی تھی، اب ہم آپ کو جملہ اسمیہ اور شبہ جملہ کی مشق بتانا چاہتے ہیں، ذیل کی مثالیں پڑھیئے اور تذکیر وتانیث اور واحد، تثنیہ، جمع میں مبتدا و خبر کے تطابق پر غور کیجئے۔

١۔ المصباحُ ضوؤہ شدیدٌ — ١۔ البنت خمارُھا جمیلٌ

٢۔ النجمان ضوؤھما شدیدٌ — ٢۔ البنتان ابوھما ضعیفٌ

٣۔ الرجال کسبھم حلالٌ — ٣۔ البنات ملابِسُھُنّ نظیفةٌ

اوپر کی مثالوں پر غور کرنے سے یہ بات واضح طور پر سمجھ میں آتی ہے کہ جملہ فعلیہ کے خبر ہونے کی صورت میں جس طرح مبتدا کے لحاظ سے ضمیر ہی بدلتی ہے، اسی طرح یہاں جملہ اسمیہ کے خبر ہونے کی صورت میں بھی مبتدا کے مطابق (واحد، تثنیہ، جمع اور تذکیر وتانیث کی)، ضمیر ہی بدلی ہے —— پہلی مثال میں المصباح

بتدا ہے اور ضَوْءُہٗ شَدِیْدٌ پورا جملہ المصباح کی خبر ہے ضوؤہ میں ہ کی ضمیر المصباح کی مناسبت سے واحد مذکر لائی گئی ہے۔ اسی طرح باقی مثالوں کو بھی سمجھئے ـــــ اس سلسلہ میں مزید ایک بات یہ سمجھ لیں کہ اَلْمُہَذَّبُ اَصْدِقَاؤُہٗ کَثِیْرُوْنَ جیسے جملوں میں آپ جو کثیرون کو جمع دیکھتے ہیں تو یہ اپنے بتدا اصدقاء کے لحاظ سے ہے، رہا المہذب تو اس کے لئے اصدقاؤہ میں ہ واحد ہی کی ضمیر ہے، اسے اچھی طرح سمجھ لیجئے۔

شبہ جملہ :- شبہ جملہ سے مراد جیسا کہ آپ کو پہلے حصہ میں بتایا جاچکا ہے، جار ومجرور اور ظرف زمان وظرف مکان ہے۔ جار ومجرور کی مثال جیسے النجاۃ فی الصدق ظرف زمان کی مثال جیسے الرَّاحَۃُ بَعْدَ التَّعَبِ اور ظرف مکان کی مثال جیسے السَّاعَۃُ تَحْتَ الْوِسَادَۃِ۔

حروف جارہ کی بحث پہلے حصہ میں گزر چکی ہے، ظرف زمان وظرف مکان کا مفصل ذکر آئے گا، عموماً جن اسمائے ظروف کا استعمال خبر میں ہوتا ہے وہ ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

قَبْلُ (پہلے)، بَعْدُ (بعد میں)، فَوْقَ (اوپر)، تَحْتَ (نیچے)، أَمَامَ قُدَّامَ (آگے)، خلف، وَرَاءَ (پیچھے)، إِزَاءَ، حِذَاءَ (سامنے، بالمقابل)، تِلْقَاءَ، تِجَاہَ (سامنے، بالمقابل)۔

یہ اسماء ہمیشہ کسی اسم کی طرف مضاف ہوکر استعمال ہوتے ہیں اور منصوب ہوتے ہیں، مگر کبھی ان کا مضاف الیہ حذف کردیا جاتا ہے اور دل میں مقصود ہوتا ہے ایسی صورت میں یہ ضمہ پر مبنی ہوتے ہیں جیسے لِلّٰہِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ۔

نوٹ :- (۱) جملہ فعلیہ کی طرح جملہ اسمیہ اور شبہ جملہ بھی نواسخ کی خبر بنتے ہیں۔
(۲) جملہ اسمیہ اور فعلیہ میں فرق یہ ہے کہ اسمیہ میں فعلیہ کی بہ نسبت زور اور تاکید ہوتی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جملہ فعلیہ جیسے قَامَ زَیْدٌ میں صرف ایک نسبت پائی جاتی ہے مگر جملہ اسمیہ جیسے زَیْدٌ قَامَ میں نسبت کی تکرار ہوجاتی ہے۔
آگے کی تمرینات میں خبر بہ صورت جملہ اسمیہ کی مشق اس لئے کرائی جارہی ہے کہ عربی زبان میں ایسی ترکیبیں اکثر وبیشتر آتی ہیں ورنہ اردو میں المصباحُ ضوؤہ شدیدٌ اور ضوءُ المصباحِ شدیدٌ کے ترجمہ میں کوئی فرق نہیں، فرق صرف عربی کے لحاظ سے ذہنی اور اعتباری ہے۔

التمرین ۱

اردو میں ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے :-

(۱) الحمامة فوق الشجرة
(۲) السبّورة قدّام التلامیذ
(۳) المنزلُ أمام البیت
(۴) القنطرة فوق البحر
(۵) العندلیب من طیور الغرد
(۶) قلب الاحمق فی فیه ولسان العاقل فی قلبه
(۷) سلامة المرء فی حفظ اللسان
(۸) الجنة تحت اقدام الأمّهات
(۹) العَفوُ بعد المقدرة
(۱۰) الحیاء من الایمان
(۱۱) ید الله علی الجماعة
(۱۲) الاعمال بالنّیات

(۱۳) الغلول من حرِّ جهنم (۱۴) المياحة من عمل الجاهلية

(۱۵) الواشى والمرتشى كلاهما فى النّار

(۱٦) والله فى عون العبد ما كان العبد فى عون أخيه۔

التمرين ۲

عربی میں ترجمہ کیجئے :۔

(۱) تکیہ چارپائی پر ہے
(۲) قلم قمیص کی جیب میں ہے
(۳) کتابیں الماریوں کے اندر ہیں
(۴) لڑکے کھیل کے میدان میں ہیں
(۵) ششماہی امتحان اس ہفتہ کے بعد ہے
(٦) اساتذہ امتحان ہال میں ہیں
(۷) تاج محل آگرہ میں ہے
(۸) لال قلعہ جامع مسجد کے سامنے ہے
(۹) بیت المقدس فلسطین میں ہے
(۱۰) جامع ازہر مصر میں ہے
(۱۱) مصلیٰ شافعی چاہ زمزم کے اوپر ہے
(۱۲) ہوائی اڈہ اسٹیشن سے آگے ہے
(۱۳) قطب مینار دہلی میں ہے
(۱۴) مزدور گھر کی چھت پر ہیں
(۱۵) دل کا اطمینان اللہ کی یاد میں ہے
(۱٦) امن عالم اسلامی نظام میں ہے

التمرين ۳

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے :۔

(۱) إن الامر بيد الله
(۲) إنّ الحكم بعد التجربة
(۳) لعَلّ المبراة فوق المنضدة
(۴) كان الحارس خلف الباب

(۵) لیت محمودا فی المنزل
(۶) اصبح الطّلّ فوق الأزهار
(۷) ان المتقین فی ظلال وعیون
(۸) ان شدّة الحر من فیح جہنّم
(۹) صار الکسلانُ فی حیرۃ
(۱۰) لعلّ السجین من الأبریاء
(۱۱) ان القلب بین اصبعی الرحمٰن
(۱۲) انّ الانسان لفی خُسرٍ
(۱۳) مازال الکسلان فی تردد وتمنٍ
(۱۴) انما الصبر عند الصدمۃ الاولیٰ
(۱۵) انک فی وادٍ وانا فی وادٍ
(۱۶) انّ الصّفا والمروۃ من شعائر اللّٰہ

التمرین ۴

عربی میں ترجمہ کیجئے :۔

(۱) شاید محمود ہسپتال میں ہے۔
(۲) کاش تمہارے والد گھر پر (میں) ہوں۔
(۳) بے شک جھوٹ کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔
(۴) بلاشبہ کامیابی، محنت اور کام کرنے میں ہے۔
(۵) فی الواقع محرومی، سُستی و کاہلی میں ہے
(۶) بے شک ہماری جانیں اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔
(۷) درحقیقت سارا عالم اس کے قبضۂ قدرت میں ہے۔
(۸) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے لوگ گمراہیوں میں تھے۔
(۹) اس میں شک نہیں کہ لوگ افراط وتفریط میں ہیں۔
(۱۰) فی الواقع حق ان دونوں کے درمیان ہے۔

(۱۱) یورپ اپنے علم و ہنر کے باوجود تاریکیوں میں ہے۔
(۱۲) بے شک ہم بڑے خطرہ میں تھے لیکن اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ تھا۔
(۱۳) اللہ تعالےٰ کے احکام برحق ہیں لیکن لوگ غفلت میں ہیں۔
(۱۴) بے شک سورج گرہن اور چاند گرہن اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے۔
(۱۵) سچ مچ لوگ قسم قسم کی مشکلات میں (گھرے) ہیں۔
(۱۶) (مگر) توفیق باندازۂ ہمّت ہے ازل سے۔

التمرین ۵

اردو میں ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:۔

(دین الرحمة)

کانت العرب فی القرن السادس للمیلاد علی شفا جرف هار، کادوا یتهالکون فی الحروب ویتفانون فیها تشتعل فیهم نیران الحرب لأمر تافهٍ فتستمر الی سنین طوال. یأکلون المیتة ویئدون البنات ویعبدون الأصنام ویسجدون لها وکانت الدنیا کلها فی ظلام وکان الناس فی ضلال وسفاهة.

فبعث الله فیهم رسولاً منهم "یتلو علیهم آیاته ویزکیهم ویعلمهم الکتٰب والحکمة، وإن کانوا من قبل لفی ضلٰل مبین" وأنزل معه الکتٰب لیخرجهم من الظلمات إلی النور، فهداهم الرسول إلی الحق۔ صلوات الله وسلامه علیه۔ وهداهم إلیٰ سواء السبیل وقد کانوا من قبل فی ظلمات، بعضها فوق بعض، قال الله تعالیٰ " وکنتم علیٰ شفا حفرة من النار فأنقذکم

منها" ووضع عن الناس إصرهم والأغلال التی کانت علیهم، وذٰلك من فضل الله علی الناس، ولکن أکثر الناس لا یشکرون۔

ففلاح العالم فی دین الاسلام وصلاح المجتمع البشری فی اتباع أحکام الله، ان هٰذا القرآن یهدی للتی هی أقوم، وإن هٰذا الدین یضمن سلام العالم الانسانی، وإن هذا الدین یخرج الناس من عبادة العباد إلی عبادة الله ومن جور الأدیان إلی عدل الاسلام، ولکن الناس فی ضلالات یعمهون، ولا یهتدون إلی الحق، والحق أمامهم، وإن ماجاء به الرسول معهم، وإن الکتاب الذی أنزل مع الرسول بین أیدیهم، ولکنهم فی شك منه، بل هم فی عناد وسفاهة، وهم فی حاجة إلیه، وهم فی حاجة إلی دین الرحمة۔

التمرین ٦

(النّجاة فی الصّدق)

النّجاة فی الصّدق کے عنوان پر ایک ڈیڑھ صفحہ کا مضمون لکھیۓ اور کوشش اس بات کی کیجیۓ کہ جگہ جگہ زیادہ سے زیادہ آپ "شبہ جملہ" کو خبر کی صورت میں استعمال کر سکیں۔

خبر جملہ اسمیہ کی صورت میں

اُردو میں ترجمہ کیجیۓ اور اعراب لگائیے:۔

(۱) الحديقة أزهارها جميلة
(۲) البستان أشجاره متّسقة
(۳) الشجرة أغصانها مورقة
(۴) الدار فناؤها واسع
(۵) المسجد منارتاه عاليتان
(۶) ساعتي ميناؤها جميل
(۷) التلاميذ ملابسهم نظيفة
(۸) المسلمون شعارهم الصدق
(۹) الفلفل طعمه حرّيف
(۱۰) الظلم مرتعه وخيم
(۱۱) الإبل لونها رمادي
(۱۲) الأرنب جريها سريع
(۱۳) السُلحفاة مشيها بطيء
(۱۴) الخطيب صوته جَهْوَري
(۱۵) الأساتذة رأيهم سديد
(۱۶) المدرسة أساتذتها بارعون

التمرين ۸

عربی میں ترجمہ کیجئے:

(۱) نیکی اس کا پھل[1] میٹھا ہے۔
(۲) احمد، اس کا خط اچھا ہے۔
(۳) فاطمہ، اس کا دوپٹہ سبز ہے۔
(۴) محمود، اس کی ٹوپی نئی ہے۔
(۵) انگوٹھی، اس کا نگینہ قیمتی ہے۔

---

[1] اس قسم کے جملے صرف اس غرض سے لکھے گئے ہیں کہ ان کے ترجمہ میں سہولت ہو، ورنہ ظاہر ہے کہ اردو میں ایسی ترکیب مستعمل نہیں ہے۔

(۶) لومڑی، اس کا مکر مشہور ہے۔
(۷) اونٹ، اس کی گردن لمبی ہے۔
(۸) انار، اس کا مزا کھٹے میٹھے کے درمیان ہے۔
(۹) دارالاقامہ، اس کے کمرے صاف ستھرے ہیں۔
(۱۰) مدرسہ، اس کی عمارت شاندار ہے۔
(۱۱) مسجد، اس کا فرش سنگ مرمر کا ہے۔
(۱۲) گھڑی، اس کی دونوں سوئیاں چمکیلی ہیں۔
(۱۳) فرشتے، ان کی طینت طاعت و بندگی ہے
(۱۴) انبیاء، اُن کے پیغام برحق ہیں۔
(۱۵) اسلام، اس کا نظام رحمت ہے۔
(۱۶) کمیونزم، اس کا مزاج شکست و ریخت ہے۔

التمرین ۹

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:۔

(۱) انّ الولد زينه الأدب
(۲) إنّ المؤمن موعده الجنّة
(۳) كان اليوم حره شديد
(۴) أصبح المريض حاله حسنة
(۵) لعلّ الدّواء طعمه مرّ
(۶) صار الشتاء برده شديد
(۷) كان الامتحان أسئلته سهلة
(۸) ولٰكن التلاميذ، الفائزون منهم قليلون۔
(۹) إنّ الكسل مغبّته الندامة
(۱۰) لاشك أن العبد خطيئاته كثيرة

(۱۱) لكن الله مغفرته واسعة — ولونه زاهٍ

(۱۲) إن الأمانة أهلها قليلون — (۱۵) ظل الناطقون باللغة العربية

(۱۳) إن الانسان أمانيه كثيرة — عددهم كبير

(۱۴) أصبح الورد رائحته زكيّة — (۱٦) إن الكهرباء فائدتها عظيمة

التمرين ۱۰

عربی میں ترجمہ کیجئے:۔

(۱) بے شک حق، اس کے متبعین تھوڑے ہیں۔

(۲) اس لئے کہ حق، اس کی پیروی نفس پر شاق ہے۔

(۳) بلاشبہ آدمی، اس کی عمر تھوڑی ہے۔

(۴) لیکن انسان، اس کی آرزوئیں بہت ہیں۔

(۵) بے شک سورج، اس کا حجم بہت بڑا ہے۔

(٦) لیکن سورج، اس کی مسافت زمین سے کروڑوں میل ہے۔

(۷) شاید یہ کتاب، اس کی مشقیں بہت آسان ہیں۔

(۸) بے شک تاج محل، اس کی عمارت یکتائے روزگار ہے۔

(۹) شاید بیمار، اس کی حالت نازک ہے۔

(۱۰) فی الواقع ٹیلی فون، اس کے فائدے بہت ہیں۔

(۱۱) بے شک دلّی، اس کی تہذیب بہت پُرانی ہے۔

(۱۲) فی الواقع خانۂ کعبہ، اس کا منظر عجیب ہے۔

(١٣) بے شک نماز، اس کا قائم کرنا ایک محکم فریضہ ہے۔
(١٤) درحقیقت یہ لوگ، ان کے رجحانات غیر دینی ہیں۔
(١٥) بے شک دنیا، اس کا زوال یقینی ہے، لیکن لوگ فریب خوردہ ہیں۔
(١٦) بے شک قیامت، اس کا وعدہ برحق ہے، لیکن لوگ غفلت میں ہیں۔

التمرین ١١

اُردو میں ترجمہ کیجیے اور اعراب لگائیے :۔

(الباخرة)

الباخرة من مخترعات هذا الزمان، وهى من أعظم وسائل الحمل والانتقال، ان الباخرة فائدتها عظيمة وهى عاملٌ قوىّ فى اتساع التجارة وتقدّم العُمران۔ والتجارة العالمية عمادها البواخر۔

كان الناس فى قديم الزمان يتخذون المراكب والسفن الشِراعية لركوب البحار۔ وكان العرب لهم فضل كبير فى ذلك، ولكن كانت البحار ركوبها خطر عظيم لأن السفن الشراعية تحت حكم الأرياح والأرياح هبوبها وركودها بنظام الكون، فان وافقت سارت السفينة، وإن خالفت وقفت، وإن عاندت صدمتها بصخرة، او قلبتها، فربما كانت السفينة نهايتها إلى الغرق، والربان مصيره إلى الهلاك۔

ففكر المخترعون وفكروا، والمخترعون آمالهم بعيدة، فما زالوا يفكرون حتى تم لهم النجاح، واهتدوا إلى صنع سفينة تجرى بقوة

البخار. فكانت البواخر منذ ذلك اليوم. وكانت أول باخرة مخترعها رجلٌ امريكانيٌ ثم تقدّم الفن وتحسّنت الآلات، فوق ما كانت، إلى أن أصبح الربان يعبر المحيط الاطلنطي من أمريكا إلى أوربا في خمسة أيام. وكان المحيط الاطلنطي مسيره شهران بالسفينة الشراعيه.

والبواخر بعضها كبيرة جدا حتى كأنها حارة من حارات البلد، أو قرية من القرى.

عربی میں ترجمہ کیجئے:۔

(القطار والطائرة)

ریل گاڑی اور ہوائی جہاز موجودہ زمانہ کی ایجادات سے ہیں۔ ریل گاڑی اس کی افادیت بہت زیادہ ہے، درحقیقت ملکی تجارت، اس کا دارومدار تو اسی پر ہے، اگر ریل نہ ہو تو تجارت کی گرم بازاری سرد پڑ جائے، اندرون ملک اس کا سفر زیادہ تر ریل ہی کے ذریعہ ہے، اس میں شک نہیں کہ سفر، اس کی صعوبتیں ریل کی وجہ سے جاتی رہیں۔

پہلے لوگ بیل گاڑیوں اور چھکڑوں پر سفر کرتے تھے، اور ایک شہر سے دوسرے شہر جانے میں کئی کئی دن اور ہفتوں لگ جاتے تھے، اور سفر اس کی مشقت مستزاد تھی مگر ریل گاڑی، اس کی ایجاد نے سفر کو آسان کر دیا۔ ریل، اس کی رفتار بہت تیز ہے، اس لیے لوگ اب کم سے کم وقت میں آسانی کے ساتھ سفر کرنے لگے۔

ہوائی جہاز، اس کی ایجاد بھی عجیب چیز ہے، لوگ سمجھتے تھے کہ پرواز کا فن اس کی کامیابی محال ہے، اس لیے کہ انسان اس کے عزائم محدود ہیں اور اس لیے بھی کہ انسان اس کی خلقت پرندوں کی خلقت جیسی نہیں ہے، مگر مخترعین ان کے عزائم بلند تھے، وہ کام کرتے اور کرتے رہے، یہاں تک کہ وہ اس میں کامیاب ہو گئے، زمین اس کی مسافت گویا سمٹ آئی، یہاں تک کہ ایک ہواباز چند گھنٹوں میں بحر اٹلانٹک کو پار کرنے لگا، جیسے وہ تخت رواں پر بیٹھا ہو۔ ہوائی جہاز، اس کی رفتار ریل سے کئی گنا زیادہ ہے۔

الدّرسُ الثّانی

مضاف اور مضاف الیہ کی صفت

آپ پڑھ چکے ہیں کہ اُردو کے برعکس عربی میں صفت اپنے موصوف کے بعد آتی ہے اور متصل ہی آتی ہے، مگر جہاں ترکیب توصیفی و ترکیب اضافی ایک ساتھ جمع ہو جائیں اور مقصود مضاف کی صفت لانی ہو تو اس کی صورت مندرجہ بالا قاعدہ سے کچھ مختلف ہوتی ہے، بخلاف مضاف الیہ کی صفت کے۔ کیوں کہ مضاف الیہ کی صفت اس سے متصل ہی آتی ہے، اس لیے طالب علم کے لیے اس میں کوئی دشواری نہیں ہوتی۔

اس کے برعکس مضاف کی صفت چوں کہ مضاف سے متصلاً نہیں آتی بلکہ مضاف الیہ کے بعد لائی جاتی ہے اور موصوف وصفت میں فصل ہو جاتا ہے، اس لیے اکثر طلبا، اس میں غلطیوں کا شکار ہوتے ہیں، ذیل کی مثالیں پڑھیے :-

رِیْشَۃُ الْقَلَمِ الثَّمِیْنِ (قیمتی قلم کا نب) مضاف الیہ کی صفت۔

رِیْشَۃُ الْقَلَمِ الثَّمِیْنَۃُ (قلم کا قیمتی نب) مضاف کی صفت۔

پہلی مثال میں الثمین، قلم (مضاف الیہ) کی صفت ہے، اس لیے مذکر اور مجرور ہے اور دوسری مثال میں الثمینۃُ، ریشۃُ مضاف کی صفت ہے اس لیے مؤنث اور مرفوع ہے کیوں کہ ریشۃُ مرفوع ہی ہے پھر چوں کہ ریشۃُ معرفہ کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے معرفہ ہے

س لیے التمینۃ کو بھی "ال" کے ذریعہ معرفہ بنالیا گیا ہے ، اس.
قاعدہ کو خوب اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے، ترجمہ کرتے وقت حسب ذیل
باتوں کو یاد رکھیے :۔

۱ ۔ سب سے پہلے مضاف و مضاف الیہ کا ترجمہ کرلینا چاہیے، پھر مضاف کی
صفت مضاف الیہ کے بعد لکھنی چاہیے ۔

۲ ۔ مضاف الیہ تو ہر حال میں مجرور ہی ہوتا ہے مگر مضاف کی صفت کا اعراب
مضاف کے مطابق رہے گا۔

۳ ۔ مضاف کی تذکیر و تانیث پر بھی غور کرنا چاہیے تاکہ صفت اسی کے مطابق
لکھی جا سکے نہ کہ مضاف الیہ کے مطابق ۔

۴ ۔ اضافت سے چوں کہ اسم میں تخصیص و تعیین پیدا کرنی مقصود ہوتی ہے اس
لیے اسماء کی اضافت عموماً معرفہ کی طرف کی جاتی ہے اس طرح وہ اسم نکرہ
اضافت کے بعد معرفہ بن جاتا ہے لہٰذا اب اس کی صفت بھی معرفہ ہی
لکھی جانی چاہیے ۔

التمرین ۱۳

مضاف الیہ کی صفت

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے :۔

(۱) ضوء المصباح الکھربائی ساطع ۔

(۲) یکمل القمر فی وسط الشهر العربی۔

(۳) حزن الناس بموت عالم جلیل۔

(۴) نتیجة الامتحان السنوی حسنة۔

(۵) خرّیجو المدارس العربیة همهم الدین۔

(۶) بنیان الجامعة القومیة شامخٌ۔

(۷) طلبة الکلیات الانکلیزیة ملابسهم فاخرة۔

(۸) لکنؤ بلدة طیبة ذات حدائق جمیلات ومنتزهات فسیحة۔

(۹) مشورة الناصح الأمین لا تُردّ۔

(۱۰) تتغرّد الطیور علی غصون الأشجار الباسقة۔

(۱۱) رؤیة المناظر البهیجة یودّها الشعراء۔

(۱۲) کان سحبان من خطباء الدولة الأمویة۔

(۱۳) فلاح المجتمع البشری فی اتباع دین الله

(۱۴) سیاسة الحکومات الجمهوریة تفسد علی المرء دینه وخلقه۔

(۱۵) إن مسئلة الحیاة الانسانیة تعقدت الیوم۔

(۱۶) کأنّهم أعجاز نخل خاویة، فهل تری لهم من باقیة۔

عربی میں ترجمہ کیجئے:۔

(۱) عربی زبان کے قواعد زیادہ مشکل نہیں ہیں۔

(۲) مگر ابتدائی درجوں کے طلبا اسے مشکل سمجھتے ہیں۔

(۳) جسمانی ورزش کے فائدے بہت ہیں۔

(۴) صفائی وستھرائی، پاکیزہ ذوق کی علامت ہے۔

(۵) عربی مدارس کے طلبا صفائی کا زیادہ خیال نہیں رکھتے۔

(۶) محنتی طلبا کی کامیابی سے مجھے بے حد خوشی ہوئی۔

(۷) مسلسل جد وجہد اور پیہم کوشش کے منافع بے شمار ہیں۔

(۸) برفستانی علاقے کے لوگ روئیں دار کھال پہنتے ہیں۔

(۹) یہ قالین ایک ایرانی تاجر کی دوکان سے خریدا گیا تھا۔

(۱۰) مغربی تہذیب کی تقلید ایک طرح کی لعنت ہے۔

(۱۱) عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم بے خبر نہیں ہیں۔

(۱۲) گمراہ قوموں کی تباہی کی داستان بڑی عجیب ہے۔

(۱۳) آج دنیا اسلامی قوانین کی برکت سے ناآشنا ہے۔

(۱۴) خلفائے راشدین کا عہد ایک مبارک وسعید عہد تھا۔

(۱۵) میٹھے چشمے کا پانی اور گھنے درخت کا سایہ بھی عجیب نعمت ہے۔

مضاف کی صفت

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:۔

(١) يسكن محمودٌ وأخوه الصغير في بيت صغير۔
(٢) أخي الأوسط أكبر من أخي الصغير بسنتين۔
(٣) النحلة لسعت الولد في أصبعه الوسطیٰ۔
(٤) انعقدت الحفلة في قاعة دار العلوم الواسعة۔
(٥) الكنغر كالأرنب رجلاه الخلفيتان أطول من رجليه الأماميتين۔
(٦) لا إله إلا هو يحيي ويميت، ربكم ورب آبائكم الأولين۔
(٧) أفرأيتم ما كنتم تعبدون، أنتم وآباؤكم الأقدمون۔
(٨) نار الله الموقدة التي تطلع على الأفئدة۔
(٩) الوردة المفتحة تعطر الهواء برائحتها الزكية۔
(١٠) البعوضة بلسعاتها المؤذية وطنينها المبغض تحرم المرء لذة الكرى۔
(١١) إن المذياع من مخترعات العصر الحديث العجيبة۔
(١٢) نظرية الاسلام السياسية غير نظرية الجمهورية والشيوعية
(١٣) كانت أحوال العرب الدينية كأحوالهم الاجتماعية فوضى بغير نظام۔
(١٤) الشمس قبل أن تشرق بضيائها الباهر ترسل من أشعتها الخفيفة المختلفة الألوان۔
(١٥) هلمّ بنا نخرج إلى بعض ضواحي البلد القريبة لنتمتع بمنظرها الجميل وننشق هواءها العليل۔

( ) وأنذر عشيرتك الأقربين واخفض جناحك لمن اتبعك من المؤمنين۔

عربی میں ترجمہ کیجئے:۔

(۱) اللہ کے نیک بندے راتوں کو جاگتے ہیں۔

(۲) فاطمہ اپنی درسی کتابوں کی بڑی حفاظت کرتی ہے۔

(۳) میرا چھوٹا بھائی درجہ سوم میں پڑھتا ہے۔

(۴) اسلم کا منجھلا بھائی ایک باکمال مقرر ہے۔

(۵) خالد گھر کی چھت سے گر پڑا، اور اس کا بایاں پاؤں ٹوٹ گیا۔

(۶) محمود کی سیاہ گائے بڑی دودھاری ہے۔

(۷) دارالعلوم کے چھوٹے طلباء اردو تقریر کی مشق کرتے ہیں۔

(۸) ہندوستان کے پریشان حال کسان بھوکوں مرتے ہیں۔

(۹) اُمراء اور اہلِ ثروت اپنی شاندار کوٹھیوں میں دادِ عیش دیتے ہیں۔

(۱۰) میری گھڑی کی چھوٹی سوئی نہ جانے کہاں گر گئی۔

(۱۱) جامع مسجد کا بلند منارہ دور سے نظر آتا ہے۔

(۱۲) شہر کی بڑی دوکانیں دس بجے کے بعد کھولی جاتی ہیں۔

(۱۳) میں نے ایک فاختہ شکار کی اور اُس کو اپنے بڑے تیز چاقو سے ذبح کیا۔

(۱۴) رمضان کا مبارک مہینہ اور اُس کے آخری دس دن خاص طور پر بڑے خیر و

برکت کے ہیں۔

(۱۵) اسلام کا اخلاقی نقطۂ نظر جمہوری واشتراکی نقطۂ نظر سے مختلف ہے۔

(۱۶) اسلام کی عادلانہ سیاست اور اس کا صالح نظام ہی انسانیت کو بچا سکتا ہے۔

(۱۷) انسان کا معاشی مسئلہ آج سب سے اہم مسئلہ بن گیا ہے۔

التمرین ۱۷

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:۔

(مصير مدارس الهند العربية)

مدارس الهند العربية فی احتضار، تلفظ نفسها الأخير، فان لم يتداركها علماؤها العاملون، ورجالها المخلصون لسوف يقضى عليها، فمنها ما تعطلت ومنها ما اضطرب حبل نظامها الداخلی وتضعضع بنيانها، وذلك لاسباب:

فمن تلك الاسباب عدم حماية الدولة، ومنها قلة رغبة الناس فی العلوم الدينية، وترك الجمهور مساعدتها، ومنها بعض النقص فی منهاج الدرس، ونظامها التعليمی، ومنها أنّ الهند بعد ماخرجت من أيدی الانكليز الغلابة، ونالت حرّيتها المرجوّة ثم وقع فيها ما وقع من الاضطرابات الهائلة المؤلمة، اضطر كثير من المسلمين إلى أن يغادروا موطنهم القديم، وديارهم العزيزة، فحرمت المدارس من كثير من أولئك المتبرعين الذين كان يعنيهم تعليمها الدينی لعنايتهم بشئون المسلمين الدينية والخلقية۔

ولا أرى اليوم أن حكومة الهند اللادينية ستمتع بحمايتها

مدارسها الدينية، فعلى مسلمي الهند و محبي الدين خاصة أن يقوموا لها ويبذلوا في سبيلها جهدهم المستطاع، لعل الله يحدث بعد ذلك أمرًا.

والمدارس في أرجاء الهند الواسعة كثيرة تحتاج إلى تغيير وإصلاح كبير في نظام التعليم و منهاجها العقيم لو أتاح الله للقائمين بها إصلاحها، وما ذلك على الله بعزيز.

التمرين ۱۸

عربی میں ترجمہ کیجئے:۔

ہندوستان کی اُردو زبان ایک ترقی یافتہ زبان ہے۔ ہندوستان کا ہر پڑھا لکھا اور اَن پڑھ فرد اس کو بولتا اور سمجھتا ہے۔ رہے اس کے علمی اور سیاسی مصطلحات تو اس کے سمجھنے والوں کی تعداد بھی کچھ کم نہیں، مگر آج وطن کی سیکولر (لادینی) حکومت اسے دیس نکالا دے رہی ہے۔

بعض لوگ اس کا جرم یہ بتاتے ہیں کہ اُردو مسلمانوں کی قومی زبان ہے، کیوں کہ اس میں بہت سے عربی و فارسی کے الفاظ پائے جاتے ہیں، اس کا فارسی رسم خط ہندی کے سنسکرت رسم خط سے میل نہیں کھاتا، اور یہ کہ اس سے مسلمانوں کی اسلامی ثقافت کی بُو آتی ہے جو ہندوستان کی قدیم تہذیب کی ضد ہے اور اس کی سیکولر حکومت کے منافی ہے۔

الدّرسُ الثّالث

صفت جملہ کی صورت میں

جملہ جس طرح مبتدا کی خبر ہوتا ہے اسی طرح وہ موصوف کی صفت بھی ہوا کرتا ہے، مبتدا و خبر اور موصوف وصفت کے درمیان جو فرق آپ کو پہلے حصّہ میں بتایا گیا تھا کہ مبتدا معرفہ ہوتا ہے اور خبر نکرہ ہوتی ہے اور موصوف و صفت معرفہ و نکرہ میں ایک دوسرے کے مطابق ہوتے ہیں، اگر یہ فرق آپ کے ذہن میں ہو تو یہیں سے یہ بات سمجھ میں آسکتی ہے کہ جو جملہ کسی اسم نکرہ کے بعد لایا جائے وہ صفت بنے گا، کیوں کہ جملہ نکرہ کے حکم میں ہوتا ہے اور اس کے برعکس جو جملہ اسم معرفہ کے بعد آئے وہ یا تو حال ہوگا، یا خبر۔

صفت	موصوف		خبر	مبتدا	
يَرْكَبُ الدَّرَّاجَةَ	وَلَدٌ	(۲)	يَرْكَبُ الدَّرَّاجَةَ	اَلْوَلَدُ	(۱)

پہلی مثال میں اَلْوَلَدُ مبتدا ہے اور يَرْكَبُ الدَّرَّاجَةَ اس کی خبر اور دوسری مثال میں وَلَدٌ موصوف اور يَرْكَبُ الدَّرَّاجَةَ اس کی صفت ہے۔

نوٹ :- اوپر کی مثال میں اَلْوَلَدُ معرفہ، اور شروع میں ہونے کی وجہ سے مبتدا ہے اس لیے يَرْكَبُ اس کی خبر بن گیا ہے مگر کوئی ایسا اسم معرفہ جو شروع میں نہ ہو بلکہ وسط کلام میں ہو تو ایسے اسم کے بعد کا جملہ

حال ہوا کرتا ہے جیسے :۔

ذوالحال فاعل حال

۱۔ جاءنی الولدُ یرکب الدراجۃ (لڑکا میرے پاس سائیکل پر سوار ہو کر آیا)

فاعل وموصوف صفت

۲۔ جاءنی ولد یرکب الدراجۃ (میرے پاس ایک ایسا لڑکا آیا جو سائیکل پر سوار ہوتا ہے)

اوپر کی چاروں مثالوں کے فرق کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے، اصل یہ ہے کہ مبتدا اور ذوالحال دونوں ہی معرفہ ہوا کرتے ہیں اور ان کے مقابل میں خبر اور حال دونوں نکرہ ہوتے ہیں، اس لیے آپ نے دیکھا کہ جملہ (جو نکرہ کے حکم میں ہوتا ہے) مبتدا کے بعد خبر بن گیا اور ذوالحال کے بعد حال۔ مگر اس کے برعکس جب جملہ اسم نکرہ کے بعد آیا تو فوراً صفت ہو گیا اور یہ اس لیے کہ نکرہ کو آپ نہ تو یہاں مبتدا بنا سکتے تھے اور نہ ذوالحال۔

موصوف وصفت کے درمیان تذکیر وتانیث اور واحد، تثنیہ، جمع میں مطابقت پیدا کرنے کے لیے وہی صورتیں اختیار کرنی چاہئیں جو مبتدا وخبر کے سلسلہ میں درس نمبر ۱۳ حصہ اول میں بیان ہو چکی ہیں

اب رہا یہ سوال کہ موصوف اگر معرفہ ہو اور اس کی صفت جملہ کی صورت میں لانا چاہیں تو موصوف وصفت کے درمیان مطابقت کی کیا صورت ہو جب کہ جملہ نکرہ کے حکم میں ہوتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ ایسے موقع پر معرفہ کی صفت اسم موصول کے ذریعہ لانی چاہیے، جیسے :۔

جآءالرّجل الّذی قتل الاسد (آیا وہ شخص جس نے شیر کو قتل کیا)

یہاں درحقیقت الرجل کی صفت الذی اسم موصول ہے، جو معرفہ ہے اور قتل الاسد صلہ ہے الذی کا۔ اس طرح اسم موصول وصلہ مل کر الرّجل کی صفت بنتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس کے مقابلہ میں جآءَ رَجُلٌ اَلَّذِیْ قَتَلَ الْاَسَدَ کہنا صحیح نہ ہوگا، کیوں کہ رَجُلٌ نکرہ ہے اور اَلَّذِیْ معرفہ ہے، یہ غلطی طلبا بہت کرتے ہیں اور ایسے ہی جَاءَ الرَّجُلُ قَتَلَ الْاَسَدَ بھی کہنا صحیح نہ ہوگا کیوں کہ قَتَلَ الْاَسَدَ یہاں نکرہ ہے اس لیے اَلرَّجُلُ کی صفت نہیں بن سکتا تا آں کہ قتل الاسد سے پہلے الذی کا اضافہ کریں۔

موصوف کی تذکیر و تانیث اور واحد، تثنیہ، جمع کے لحاظ سے اسم موصول وصلہ میں تبدیلی کرنی چاہیے تاکہ موصوف وصفت میں پوری مطابقت ہو سکے۔

التمرین ۱۹

اردو میں ترجمہ کیجیے اور اعراب لگائیے:۔

(۱) قطفت محمود زهرة رائحتها ذكية ولونها زاه۔

(۲) أنا أسكن فى قرية صغيرة تحيط بها الأنهار والحقول الخضراء۔

(۳) وحول قريتى أشجار عالية قطوفها دانية لا مقطوعة ولا ممنوعة۔

(۴) شاهدت اليوم طفلا صغيرا يعبر الطريق فصدمته سيارة سريعة۔

(۵) جاء فی الیوم غلامان صغیران ینطقان بالعربیة الفصیحة۔

(٦) المدارس یقصدها التلامیذ من کل ناحیة فیتلقون العلم علی أساتذة بررة۔ یهذبون نفوسهم و یثقفون عقولهم ویعوّدونهم مکارم الأخلاق۔

(٧) قال رسول الله صلی الله علیه وسلم "ما هلك امرؤ عرف قدره"

(٨) و قال صلی الله علیه وسلم "رحم الله عبداً قال خیرا فغنم أو سکت فسلم"

(٩) اللهمّ إنی أعوذ بك من علم لاینفع، ومن قلب لا یخشع، ومن نفس لاتشبع، ومن دعوة لایستجاب لها۔

(١٠) قال الله تعالیٰ "قولٌ معروف ومغفرة خیر من صدقة یتبعها أذی"

(١١) ضرب الله مثلاً کلمةً طیّبةً کشجرة طیّبة أصلها ثابت وفرعها فی السّماء۔

(١٢) ومثل کلمة خبیثة کشجرة خبیثة اجتُثّت من فوق الأرض مالها من قرار۔

(١٣) إنّ الذین اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت لهم جنّٰت تجری من تحتها الانهٰر۔

(١٤) مثل الذین ینفقون أموالهم فی سبیل الله کمثل حبّة انبتت سبع سنابل فی کلّ سُنبلة مائة حبّة

(۱۵) مثل الّذین کفروا بربّھم أعمالھم کرمادٍ اشتدّت بہ الریح فی یوم عاصف۔

(۱۶) مثل ماینفقون فی ھٰذہ الحیٰوۃ الدنیا کمثل ریح فیھا صرٌّ أصابت حرث قوم ظلموآ أنفسھم فاھلکتہ، وما ظلمھم اللہ ولکن کانوا أنفسھم یظلمون۔

(۱۷) والذین کفروا أعمالھم کسراب بقیعۃ یحسبہ الظمآن ماءً حتیٰ إذاجاءہ لم یجدہ شیئا ووجد اللہ عندہ فوفّٰہ حسابہ، واللہ سریع الحساب۔ أوکظلمات فی بحر لجّیّ یغشٰہ موج من فوقہٖ موج من فوقہ سحاب ظلمات بعضھا فوق بعض

عربی میں ترجمہ کیجئے:۔

(۱) نفاخ الدمحمود کے باغ میں داخل ہوا اور اس نے کچھ ایسے پھول توڑلیے جو ابھی کھلے نہیں تھے۔

(۲) محمود نے اسے اس بات سے منع کیا اور پھر اس نے اس کے لئے گلاب کا ایک ایسا کھلا ہوا پھول توڑدیا جو بہت خوش رنگ تھا۔

(۳) میرا دوست ایک ایسے گاؤں میں رہتاہے جس کے باشندے تعلیم یافتہ اور مہذب ہیں۔

(۴) گزشتہ شب ہم نے ایک جلسہ میں ایسے مقرر کو دیکھا جو اپنی تقریر سے لوگوں کے

دلوں کو مسحور کر رہا تھا۔

(۵) پولیس والوں نے ایک ایسے چور کو گرفتار کیا جو نقب زنی کی کوشش میں لگا ہوا تھا۔

(۶) بمبئی سے جب ہم واپس ہوئے تو ایک ایسی گاڑی پر سوار ہوئے جو فی گھنٹے پچاس میل کی رفتار سے چل رہی تھی۔

(۷) بمبئی اسٹیشن پر ہم نے ایک ایسی گاڑی دیکھی جو جدید طرز پر بنائی گئی ہے۔

(۸) مخترعین نے اب ایک ایسے راکٹ ایجاد کرلیے ہیں جن کے ذریعہ چاند تک پہونچنا آسان ہوگیا ہے۔

(۹) کل رات زور کی ایک ایسی آندھی چلی جس نے بھاری اور بڑے بڑے درختوں کو جڑ سے اکھاڑ دیا۔

(۱۰) آج ہم کچھ ایسے آدمیوں سے ملے جو اُردو زبان مطلق نہیں سمجھتے تھے۔

(۱۱) میرے چچا نے ایک ایسا باغ خریدا ہے جو سال میں دو مرتبہ پھلتا ہے۔

(۱۲) ہم لوگوں نے رات کو ایک ایسی چیخ سُنی جس سے ہم اور ہمارے تمام ساتھی ڈر گئے۔

(۱۳) ہند کے مسلمان ایسے لیڈر کے محتاج ہیں جو اسلامی سیرت و کردار کے حامل ہوں۔

التمرین (۲۱)

اُردو میں ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:-

(وصف المحطة)

جاءت برقية إلى أبي من صديق له كان قادما من سفره الميمون. فخرج أبي إلى المحطة ليستقبله واستصحبني معه فركبنا سيارة سارت بنا إلى المحطة بسرعة عظيمة. فما هي إلا دقائق حتى وصلت السيارة و وقفت في ساحة كبيرة واسعة الأرجاء بعيدة الأنحاء بها كثير من المراكب والسيارات، وأما مهابناء شامخ به غرفات كثيرة، وحجرات واسعة. فقال أبي: هذه هي المحطة. فنزلنا من السيارة ومشى بي أبي إلى غرفة بها نوافذ عديدة وعلى كل نافذة منها رجل جالس يبيع التذاكر، فوقف بي أبي عند نافذة، واشترى تذكرتين للرصيف، وقال هذا مكتب التذاكر. ورأيت هناك غرفة أخرى تشابه الأولى هيئة وبناءً. ولكن لم يكن عندها ازدحام ولا بيع ولا شراء فسئلت أبي عنها فقال هذا مكتب الاستعلام

ثم قصدنا داخل المحطة فاذا نحن بباب عظيم من الحديد يدخل منه المسافرون ويخرجون، وبجانبه عامل يثقب التذاكر بمقراضه، ويرقب الغادين والرائحين، أخذ أبي بيدي وجاز معي الباب. ورأيت هناك فناءً فسيحاً يموج بالأناسي من مختلف الطبقات، فقال أبي هذا هو الرصيف وكانت بجوانبه مقاعد رُصفت بنسق وترتيب يجلس عليها المسافرون والمودعون فجلسنا على مقعد منها كان على قرب من المنظرة وأعجلني من رؤيتها قرب موعد القطار ثم جاء قطار يتهادىٰ فخف إليه المسافرون يتزاحمون ويتدافعون وقام أبي يلتمس صديقه

القادم، و يتصفّح الوجوه، ولكننا لم نجده، وبعد برهة قليلة لا تزيد على دقائق آذن القطار بالرحيل وصفر صفيرًا خفقت له قلوب المسافرين والمودّعين۔ ثم إن القطار غادر المكان وجدّ فى السير۔ وكنا كذلك إذا رأيت مسافرًا يقدم إلينا فاذا هو ذلك القادم الذى جئنا لاستقباله فتعانق مع أبى ومسح هو على رأسى ففرحنا جدًّا ورجعنا إلى البيت۔

التمرين ۲۲

عربی میں ترجمہ کیجئے :۔

وصف المستشفىٰ

میرا ایک پڑوسی تھا جو کسی کارخانہ میں کام کرتا تھا، ایک مرتبہ وہ ایسا بیمار ہوا کہ اس کے گھر والے پریشان ہوگئے اور اس کی موت کا اندیشہ کرنے لگے۔ میں اس کی عیادت کے لیے گیا، میں نے دیکھا کہ وہ ایک ایسے تنگ وتاریک کمرہ میں ہے جہاں ہوا اور روشنی نہیں آتی تھی، میں نے اس کے گھر والوں کو مشورہ دیا کہ اُسے کسی ایسے ہسپتال میں داخل کردیں جہاں مناسب دیکھ بھال ہوسکے۔

ہسپتال ایک ایسی جگہ ہے جہاں صفائی کا بہت زیادہ خیال رکھا جاتا ہے۔ اس کی عمارت کے لیے ایسی جگہوں کا انتخاب کیا جاتا ہے جو بازار کے شور وشغب سے دور ہو۔ ہسپتال میں بہت سے ایسے کمرے ہوتے ہیں جہاں صحت کے اسباب مہیا ہوتے ہیں۔ مریضوں کے لیے ایسے کمرے تیار کیے جاتے ہیں جہاں روشنی اور ہوا کا گزر ہوسکے۔

اس کے ارد گرد خوش نما پارک اور چمن ہوتے ہیں جن سے مریض کا جی بہلتا ہے اور اس کی صحت پر اچھا اثر پڑتا ہے۔ ہسپتالوں میں بڑے بڑے ایسے ماہر ڈاکٹر ہوتے ہیں جو مریضوں کے ساتھ ہمدردی رکھتے ہیں۔ اس میں ایسے تیمار دار ہوتے ہیں، جو خاص کر ان کی خدمت پر مامور ہوتے ہیں وہ مریضوں کے پاس رات رات بھر جاگتے ہیں۔ ہسپتال ایک ایسی جگہ ہے جہاں سرجری کے آلات اور ہر قسم کی دوا ہر وقت موجود رہتی ہے۔

اُس مریض کے گھر والوں نے میرا مشورہ مانا، وہ اپنے مریض کو ایک ایسے ہسپتال میں لے گئے جو ان کے گھر سے قریب ہی تھا، ایک ہفتہ بھی نہ گزرا تھا کہ مریض صحت یاب ہو کر واپس آگیا، اس کے گھر والے بہت خوش ہوئے انھوں نے میرے مشورہ کا شکریہ ادا کیا اور مجھے دعائیں دیں۔ میں نے کہا کہ صحت و بیماری سب اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔

التمرین (۲۳)

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:۔

(۱) يزرع الأرز في الاراضى المهضبة التى تكثر فيها المياه۔

(۲) الجبال حصون طبيعية للبلاد التى تجاورها، ومنها تنحت الصخور والحجارة التى تستعمل فى البناء۔

(۳) أبلّ ابى من مرضه الشديد الّذى أنهك قواه وأضنى جسمه۔

(۴) لاينبغى للعاقل أن يلتمس من الدنيا غير الكفاف الذى يدفع به الأذى عن نفسه۔

(۵) الکریم یری الموت أهون من الحاجة التی تحوج صاحبها إلی المسئلة لاسیما مسألة الأشحاء۔

(۶) واشکر لمعلمك الذی یعنی بتعلیمك ویتعب فی تأدیبك لتصیر نافعًا لأمتك وخادمًا لدینك، وطنك الذی فیه نشأت وترعرعت۔

(۷) أفرأیتم الماء الذی تشربون۔ أأنتم أنزلتموه من المزن أم نحن المنزلون۔

(۸) أفرأیتم النار التی تؤرون، أأنتم أنشأتم شجرتها أم نحن المنشئون۔

(۹) لقد تاب الله علی النبی والمهاجرین والأنصار الذین اتبعوه فی ساعة العسرة۔

(۱۰) فالذین اٰمنوا به وعزّروه ونصروه واتبعوا النور الذی أنزل معه أولٰئك هم المفلحون۔

(۱۱) فأنذرتکم نارًا تلظّٰی لایصلٰها إلّا الأشقی الذی کذب وتولّٰے وسیجنّبها الأتقی الذی یؤتی ماله یتزکّٰی۔

(۱۲) قل أذلك خیر أم جنّة الخلد التی وعد المتّقون، کانت لهم جزاءً ومصیرا۔

(۱۳) وما نقموا منهم إلّا أن یؤمنوا بالله العزیز الحمید الذی له ملك السمٰوٰت والأرض۔

(۱۴) قال رسول الله صلے الله علیه وسلم "إنها ستکون بعدی أثرة

وأمور تنكرونها" قالوا يارسول الله كيف تأمرنا؟ قال: "تؤدون الحق الذى عليكم وتسألون الله الذى لكم"

عربی میں ترجمہ کیجیے:۔

(۱) وہ طلباء جو محنت سے جی چراتے ہیں، اکثر امتحانات میں ناکام ہوتے ہیں۔

(۲) آج کے جلسہ میں ان طلباء کے درمیان انعامات تقسیم کیے جائیں گے جو امتحان سالانہ میں اول آئے ہیں۔

(۳) چھوٹے بچے بہت سی ایسی حرکتیں کرتے ہیں جن کے معنی سمجھنا دشوار ہے۔

(۴) محمود نے اپنی وہ جائداد جو وراثت میں پائی تھی سستے داموں بیچ دی۔

(۵) کل آپ جس ٹرین سے آئے اسی میں میں بھی سفر کر رہا تھا، مگر راستہ بھر ہم میں سے کسی نے ایک دوسرے کو نہ دیکھا۔

(۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے موقع پر جس غار میں پناہ لی تھی، وہ غار ثور کہلاتا ہے۔

(۷) اور وہ غار جس میں نبوت سے پہلے آپؐ عبادت کیا کرتے تھے غار حرا کے نام سے موسوم ہے۔

(۸) وہ دریا جس میں فرعون غرق کیا گیا بحر احمر ہے لیکن کچھ لوگ غلطی سے اُسے دریائے نیل سمجھتے ہیں۔

(۹) وہ جگہ جہاں دریائے گنگا اور جمنا باہم ملتے ہیں ہندوؤں کے نزدیک متبرک

مقام ہے۔

(۱۰) جو جہاز کل تجارتی سامان لے کر بمبئی سے روانہ ہوا تھا راستہ میں ڈوب گیا۔

(۱۱) انھیں حقارت سے نہ دیکھو یہ وہ لوگ ہیں جن پر اسلامی ہند کی تاریخ آئندہ فخر کرے گی۔

التمرین ۲۵

الفاظ کی صحیح ترتیب قائم کیجئے، پھر اعراب لگا کر ترجمہ کیجئے:۔

(۱) الطبيب۔ تدخله۔ البيت۔ لايدخله۔ الشمس۔ الذى۔

(۲) أصيب۔ على۔ لاتقس۔ فى ماله۔ رجل۔ أوأهله وعياله۔

(۳) الشباك۔ تجلسون۔ الهواءالفاسد۔ يصرف الذى من الحجرات۔

(۴) يضركم، فيها ا وتنامون۔ التى لايها بون۔ عليها۔ التلاميذ۔ فى القرأة۔ الامتحان۔ الذين يجتهدون۔ ويواظبون۔

(۵) شكرنا۔ جمعت كثيرًا۔ لأساتذتنا الكرام۔ الفرصة السعيدة۔ الذين من الاخوان وذوى الفضل۔ أتاحوالناتلك۔ التى۔

(۶) إن الكعبة۔ إبراهيم وإسمٰعيل"عليهما الصلوٰة والسّلام"۔ صنمًا۔ التى لعبادة الله وحده۔ ثلثُ مائةٍ وستون بناها۔ فيها۔ كان۔

التمرین ۲۶

(۱) پانچ جملے ایسے لکھئے جن میں "جملہ" کسی اسم نکرہ کی صفت ہو۔

(۲) پانچ جملے ایسے لکھیے جن میں کسی اسم معرفہ کی صفت "جملہ" ہو۔

الدّرسُ الرّابع

(مفاعیل خمسہ)

علمارِ نحو مفعول کو پانچ قسموں میں تقسیم کرتے ہیں۔ مفعول بہ[1]، مفعول مطلق[2]، مفعول لہٗ[3]، مفعول فیہ[4] اور مفعول معٗہ، ان سب کی مفصل بحث صرف ونحو کی کتابوں میں آپ پڑھ چکے ہوں گے۔ تاہم ان میں سے مفعول مطلق، مفعول لہٗ اور مفعول فیہ کے متعلق چند باتیں آپ کے ذہن میں پھر سے تازہ کرنا چاہتے ہیں۔

مفعول مطلق:- اس اسم مصدر کو کہتے ہیں جو اپنے کسی مشتق فعل کے بعد کلام میں تاکید (زور)، یا عدد یا نوعیت بیان کرنے کے لیے لایا جائے، دوسرے لفظوں میں مفعول مطلق اپنے ہی فعل کا مصدر ہوتا ہے جو بعد میں مذکورہ بالا اغراض میں سے کسی ایک غرض کے لیے لایا جاتا ہے جیسے:-

جری محمودٌ جریا (محمود دوڑا واقعی دوڑنا)، وثب القط وثوب الأسد

---

[1] مفعول بہ جس پر فاعل کا فعل واقع ہوتا ہے جیسے ضَرَبَ زیدٌ الحمار اس کی مشق وتمرین شروع کتاب سے ہوتی آئی ہے اور کافی ہو چکی ہے۔ رہا مفعول معہٗ تو اس کا استعمال بہت کم ہوتا ہے اس مفعول سے پہلے واو معیت لکھا جاتا ہے جیسے اذھب والشارع الجدید (نئی سڑک کے ساتھ ساتھ چلے جاؤ یعنی دائیں بائیں نہ مڑنا) اور جیسے جاء زیدٌ والکُتُبَ (زید کتابوں کے ساتھ یا کتابیں لے کر آیا)۔

(بلّی شیر کی طرح جھپٹی) اُکل الولد اکلتین (لڑکے نے دو مرتبہ کھایا)

اوپر کی تعریف اور مثالوں سے یہ امر واضح ہوا کہ مفعول مطلق کا استعمال تین معنوں میں ہوتا ہے۔ تاکید[۱]، نوعیت[۲]، اور عدد[۳]۔

پہلی مثال تاکید کی ہے جری محمودٌ میں مخاطب کے لیے اس شبہ کا امکان تھا کہ محمود دوڑا نہیں بلکہ تیز چل کر آیا ہے جسے الجری سے تعبیر کیا گیا ہے مگر جریًا کے اضافہ سے اس شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی بلکہ حقیقی دوڑنا متعین ہو جاتا ہے۔ تاکید کا ترجمہ عموماً "بہت زیادہ" "خوب" "اچھی طرح" واقعی وغیرہ کے الفاظ سے کیا جاتا ہے مگر جہاں اس کا موقع نہ ہو صرف فعل کے ترجمہ پر اکتفا کیا جائے ہر جگہ "بہت زیادہ" "خوب" وغیرہ لکھنے کی ضرورت نہیں، اس میں دراصل مضمون جملہ کی تاکید ہوتی ہے

۲ دوسری مثال نوعیت کی ہے وثب القط سے صرف یہ سمجھا جاتا ہے کہ "بلّی جھپٹی" مگر وثوب الاسد بڑھانے سے ایک نئے معنی کا اضافہ ہوتا ہے اور وہ یہ کہ "بلّی" ــــــ شیر کی طرح ــــــ جھپٹی۔

۳ تیسری مثال عدد کی ہے، اس میں اُکلتین بڑھانے سے جس نئے معنی کا اضافہ ہوتا ہے، وہ یہ کہ کھانے کا کام دو مرتبہ ہوا۔

مفعول مطلق جیسا کہ ہم نے ابھی بتایا کہ اپنے ہی فعل کا مصدر ہوتا ہے لیکن کبھی خود مصدر مستعمل نہیں ہوتا بلکہ کوئی دوسرا اس مصدر کا قائم مقام بن کر آتا ہے جسے مفعول مطلق کا نام دے دیا جاتا ہے۔ قائم مقام ہونے کی وجہ سے وہ بھی منصوب ہی ہوتا ہے، ذیل میں اس کی صورتیں درج کی

جاتی ہیں :-

(۱) اس مصدر کا کوئی مرادف لفظ جیسے :- جلس محمودٌ قعودًا

(۲) اس مصدر کی کوئی صفت جیسے :- جری محمود سریعًا (یعنی جریًا سریعًا)

(۳) کوئی ایسا لفظ جو اس مصدر کی نوعیت پر دلالت کرے، جیسے :- رجع الجیش القهقری (یعنی رجوع القهقری)

(۴) کوئی ایسا لفظ جو اس مصدر کے کسی عدد پر دلالت کرے، جیسے نأکل فی الیوم مرتین (یعنی أکلتین)

(۵) کوئی ایسا لفظ جو اس مصدر کے کسی آلہ پر دلالت کرے، جیسے ضرب الولدُ الحصانَ سوطًا (ضربًا بالسوط)

(۶) لفظ "کل" جو اس مصدر کی طرف مضاف ہو جیسے أقبل التلمیذ علی القراءة کلَّ الاقبال۔

(۷) لفظ "بعض" جو اس مصدر کی طرف مضاف ہو جیسے :- اجتهد محمودٌ بعضَ الاجتهاد۔

(۸) اسم اشارہ جو اس مصدر کی طرف مضاف ہو، جیسے أحسنت إلیه ذلك الاحسان۔

(۹) اسم ضمیر جو اس مصدر کی طرف مضاف ہو، جیسے أکرمته إکرامًا لا أکرمُهُ أحدًا۔

التمرين (۲۷)

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے :-

(۱) العصافیر تشقشق على الأشجار الباسقة شقشقة وتغرد عليها الطيور تغريدًا احسناً۔

(۲) الصلّ حية خبيثة داهية قد تلدغ الانسان لدغا فتسقيه كأس الردیٰ۔

(۳) الدبابة من الآلات الحربية الجديدة تزحف على الأرض زحف السلحفات فلا يعوقها وهاد ولا هضاب۔

(۴) أرض الهند الشمالية تكثر فيها الأمطار كثرة لايقاس بها قياسا فى أرض لا تجود عليها السماء إلا قليلاً۔

(۵) تثور البراكين فى بعض الجهات ثورانا شديدًا فتهدم المنازل هدما وتدك المبانى دكّا وتقذف النيران قذفا مستمرًّا۔

(۶) رأيت فتى مكمل الشباب قد داسته سيارة مُسرعة فصرخ صرخة عالية أحدثت فى النفوس هلعاً۔

(۷) أمطرت السماء مطرا غزيرًا سالت به الأودية والشوارع وامتلأت الحفر والآبار امتلاءً وفاضت الأنهار فيضانا عظيما فطمّ الوادى على القرى وبلغ السيلُ الزّبى وجعل الناس يخافون على أنفسهم وأموالهم خوفًا شديدًا۔

(۸) من اراد الآخرة وسعیٰ لہا سعیہا و ہو مؤمن فأولئك كان سعیہم مشكورًا۔

(۹) من المؤمنین رجال صدقوا ما عاهدوا الله علیه، فمنهم من قضیٰ نحبه و منهم من ینتظر، وما بدّلوا تبدیلاً۔

(۱۰) واذا أردنا ان نهلك قریة أمرنا مترفیها ففسقوا فیها فحق علیها القول فدمرناها تدمیراً۔

(۱۱) ولقد أتوا على القریة التی أمطرت مطر السّوء أفلم یكونوا یرونها بل كانوا لا یرجون نشورًا۔

(۱۲) ویسئلونك عن الجبال فقل ینسفها ربّی نسفا فیذرها قاعًا صفصفًا لا ترىٰ فیها عوجا ولا أمتًا۔

(۱۳) اذ جاؤكم من فوقكم ومن أسفل منكم واذ زاغت الأبصار وبلغت القلوب الحناجر وتظنون بالله الظنونا۔ هنالك ابتلی المؤمنون وزلزلوا زلزالاً شدیدًا۔

(۱۴) فلا وربّك لا یؤمنون حتىٰ یحكموك فیما شجر بینهم ثمّ لا یجدوا فی أنفسهم حرجًا ممّا قضیت ویسلموا تسلیمًا۔

عربی میں ترجمہ کیجئے:۔

کل رات خوب بارش ہوئی، کھیت اور تالاب سب بھر گئے۔ کسان خوش خوش

نظر آنے لگے۔

(۲) اس سال ہمارے مدرسہ میں ایک شاندار جلسہ منعقد ہوا، میں نے اس میں دو تقریریں کیں۔ ایک اُردو میں اور دوسری عربی میں۔

(۳) آج رات کو دس بجے کسی نے زور سے دروازہ کھٹکھٹایا مگر جب ہم باہر نکلے تو کوئی نہیں تھا

(۴) ایک دفعہ ہم شکار میں گئے، جیسے ہی ہم جنگل میں پہونچے ہمارے سامنے سے ایک ہرن تیزی کے ساتھ بھاگا، میں نے ایک فائر کیا اور بس وہ زمین پر ڈھیر تھا۔

(۵) بچھو ایک موذی جانور ہے، ہے تو ذرا سا مگر کسی کو ڈنک مارتا ہے تو بے چین ہی کر دیتا ہے پھر وہ بے چارہ سانپ کے ڈسے ہوئے آدمی کی طرح تڑپتا ہے اور کسی طرح قرار نہیں پاتا۔

(۶) ہوائی جہاز پرندوں کی طرح ہوا میں اُڑتا ہے، چیل کی طرح فضا میں منڈلاتا ہے، دشمنوں کے ملک پر بم برساتا ہے اور آن کی آن میں اس کو جلا کر خاکستر کر دیتا ہے۔

(۷) مغربی قومیں دشمنوں کے ملک پر خونخوار بھیڑیوں کی طرح حملہ کرتی ہیں، بوڑھے، بچے اور کمزور سب کو ایک طرف سے ختم کرتی جاتی ہیں اور ان میں سے کسی کے درمیان کوئی امتیاز نہیں کرتیں۔

(۸) یہ ہیں وہ لوگ جو اسلام پر خونخواری کا الزام رکھتے ہیں، اور دل میں ذرا نہیں شرماتے۔

(۹) جس نے کہا ہے سچ کہا ہے کہ آج کا انسان پرندوں کی طرح ہوا میں اُڑنے لگا،

مچھلیوں کی طرح پانی میں تیرنے لگا، مگر انسان کی طرح اس کو زمین پر چلنا نہ آیا۔

(۱۰) مغرب کے مقلدین، مغربی تہذیب کے بڑے دلدادہ ہیں، ان کی عورتیں بھی مغربی قوموں کا لباس پہننے لگیں ــــــــ کوّا چلا ہنس کی چال، اپنی چال بھول گیا۔

التمرین (۲۹)

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے :-

(۱) عُنِىَ أبى أعظم عناية بتعليمى ونشأنى أحسن تنشئة وزوّدنى بكثير من نصائحه الثمينة ـ

(۲) مرضت أنا ثلاثا، كلما مرضت خافت علىّ أمى شديدًا وفاضت عيناها دموعًا ـ

(۳) ضرب الولد القاسى كلبه بعصًا فغضب الكلب أشد الغضب و عضه بأنيابه الحادة عضًا أسال منه الدم ـ

(۴) "الرياضة البدنية تزيد الأعصاب والعضلات قوة فعلى الانسان أن يعنى بها كل العناية، ويحسن به أن يمشى فى الحقول الخضراء كثيرًا وأن يسبح فى الأنهار عوما ـ وان يمتطئ صهوات الخيل ركوبا، وأن يشتغل فى حديقته او فى الزراعة ثلاثا او مرتين فى الأسبوع"

(۵) احبب حبيبك هونا ما، عسى أن يكون بغيضك يوما ما، وابغض بغيضك هونا ما، عسىٰ أن يكون حبيبك يوما ما ـ

(۶) وجاء فی صفة النبیّ صلی اللّٰہ علیه وسلم أنه کان فخما مُفَخّمًا۔ یتلألأ وجهه تلألؤ القمر لیلة البدر، واذا زال قلعا، یخطو تکفیًا و یمشی هونا۔

(۷) وعباد الرحمٰن الذین یمشون علی الارض هونا واذا خاطبهم الجاهلون قالوا سلاما۔

(۸) یایّها الذین اٰمنوا لیستأذنکم الذین ملکت أیمانکم والذین لم یبلغوا الحلم منکم ثلث مرات۔

(۹) فاذا دخلتم بیوتا فسلموا علی انفسکم تحیّة من عند اللّٰہ مبارکة طیّبة۔

(۱۰) وقضینا إلی بنی اسرائیل فی الکتٰب لتفسدن فی الارض مرّتین ولتعلنّ علوّا کبیرًا۔

(۱۱) لا تجعل یدک مغلولة إلی عنقک ولا تبسطها کل البسط فتقعد ملومًا محسورًا۔

(۱۲) ولن تستطیعوا أن تعدلوا بین النساء ولو حرصتم فلا تمیلوا کل المیل فتذروها کالمعلقة۔

(۱۳) نحن نقصّ علیک أحسن القصص بما أوحینا إلیک هٰذا القراٰن، وإن کنت من قبله لمن الغافلین۔

(۱۴) قال اللّٰہ إنی منزّلها علیکم فمن یکفر بعد منکم فانّی أعذّبه عذابا لا أعذّبه أحدا من العالمین۔

(١٥) قل من ينجّيكم من ظلمٰت البر والبحر تدعونه تضرّعا وخفية لئن أنجانا من هٰذه لنكونن من الشاكرين۔

عربی میں ترجمہ کیجئے :۔

(١) آپ کا گرامی نامہ ملا دیکھے، حد درجہ مسرت ہوئی، میں نے کئی بار اسے پڑھا اور ہر بار ایک نئی مسرت حاصل ہوئی۔

(٢) آج کل میں لکھنے پڑھنے میں بہت زیادہ مشغول ہوں اور اس میں پوری محنت صرف کررہا ہوں۔

(٣) میرے استاد مجھ سے حد درجہ محبّت کرتے ہیں۔ میں بھی ان کا اتنا احترام کرتا ہوں کہ اتنا احترام کسی دوسرے کا نہیں کرتا۔

(٤) محمود نے ایک مرتبہ اپنے گھر آنے کی دعوت دی، پھر اس نے وہ اصرار کیا کہ بس۔

(٥) حامد اپنے ساتھیوں کو رات بھر اچھے قصّے سناتا رہا یہاں تک کہ صبح ہوگئی، پھر وہ سب فجر پڑھ کر ایسے سوئے کہ دوپہر ہوگئی۔

(٦) کسی ایسے باپ کے لیے، جس کے کئی بیٹے ہوں مناسب نہیں کہ وہ اپنے کسی ایک ہی بیٹے کی طرف پورے طور پر مائل ہوجائے۔

(٧) میرے گھر کی دیوار پر دو چور چڑھ آئے، کچھ نیند میں سو چکا تھا۔ جلد ہی آنکھ کھل گئی میں نے اپنی بندوق سنبھال لی اور ہوا میں دو فائر کئے۔ فائر کی آواز سے وہ کچھ ایسے بدحواس ہوئے کہ اپنے اسلحہ بھی چھوڑ بھاگے۔

(٨) ہم نے ایک ماہر شکاری کو دیکھا کہ اس نے ایک نیل گائے کو ایک ایسا تیر مارا جو سینے کو چھید کر پار نکل گیا۔

(٩) ہم لوگ دن میں صرف دو مرتبہ کھاتے ہیں مگر چھوٹے بچّے دن بھر میں کئی مرتبہ کھاتے ہیں۔

(١٠) یہی وہ زمانہ ہے کہ میرے والد نے وفات پائی، وہ سخت بیمار ہوئے میں نے علاج میں کوئی کسر نہ اُٹھا رکھی، پوری کوشش صرف کر دی کہ کسی طرح شفایاب ہو جائیں، ایک مرتبہ افاقہ ہوا تو ہم لوگوں کو ان کی صحت کی کچھ کچھ توقع ہو چلی، مگر اس کے بعد پھر مرض بہت شدید ہو گیا اور وہ اس سے جانبر نہ ہو سکے۔

(١١) ایک مرتبہ میں ایک شدید خطرہ سے دوچار ہوا، میں نے دیکھا کہ ایک دیو ہیکل ڈاکو ایک تاجر کو قتل کرنے کی فکر میں لگا ہوا ہے، تاجر زور زور سے چیخ رہا تھا، میں اس کی مدد کے لیے دوڑا، ڈاکو نے پہلے مجھے ایک کڑی نظر سے دیکھا، پھر شیر کی طرح گرجا، بادل کی طرح کڑکا اور یک بارگی مجھ پر ٹوٹ پڑا۔ میں نے اسے ایک زور کا دھکّا دیا، پھر ایک گھونسہ رسید کیا، وہ کچھ پیچھے ہٹا، پھر میری طرف بڑھا، اب وہ مجھے بھی قتل کرنا چاہتا تھا، اس نے خنجر نکال لیا، میں نے بھی اپنی تلوار کھینچ لی، تلوار بجلی کی طرح چمکی اور ایک ہی وار میں اسکا کام تمام ہو گیا، دیکھا تو وہ خون میں لت پت ہے، تاجر نے میرا ہاتھ چوم لیا، میں نے اللہ کا بڑا شکر ادا کیا کہ اس نے ایک بڑے دشمن سے نجات بخشی۔

الدّرسُ الخامِسُ

مفعول لہٗ

مفعول لہٗ ایک ایسا اسم منصوب ہے جو فعل کے وقوع کا سبب وعلت بتاتا ہے جیسے سَافَرَ مَحْمُوْدٌ طَلَبًا لِلْعِلْمِ (محمود نے طلب علم کے لیے سفر کیا) تصدقت علے الفقراء أملا فی الثواب (میں نے محتاجوں پر ثواب کی اُمید میں صدقہ کیا)۔

علت بیان کرنے کے لیے عربی میں دو طریقے ہیں، ایک مفعول لہٗ جیسے اوپر کی مثال میں، دوسرے یہ کہ لام سببیہ کے ذریعے فعل کے وقوع کی علت بیان کی جائے جیسے سافرت لطلب العلم یالأن أطلب العلم یالأطلب العلم، جہاں مفعول لہٗ کا موقع نہ ہو وہاں ضروری ہو جاتا ہے کہ اسی لام سببیہ کے ذریعہ علت بیان کی جائے۔

مفعول لہٗ اسم مصدر ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے۔ کسی اسم کو مفعول لہٗ بنانے کے لئے حسب ذیل امور کا لحاظ کیا جانا ضروری ہے۔

ا۔ (۱) سب سے پہلے یہ کہ وہ مصدر ہو (۲) دوسرے یہ کہ وہ علت ہی بیان کرنے کے لیے لایا گیا ہو (۳) تیسرے یہ کہ فعل اور اس مصدر کے حدث (وقوع) کا زمانہ ایک ہو (۴) چوتھے یہ کہ فعل اور اس مصدر کا فاعل ایک ہو ــــــ یہ چاروں شرطیں بیک وقت پائی

جانی چاہئیں، ورنہ ان شرطوں میں سے ایک بھی اگر مفقود ہو جائے تو وہ اسم، مفعول لہٗ نہیں بن سکتا، ایسی صورت میں لام سببیہ ہی علت بیان کرنے کے لیے لایا جاتا ہے، جیسا کہ ہم ابھی اوپر بتا چکے ہیں حسب ذیل مثالوں پر غور کیجئے :۔

۱۔ جئتك للكتب	یہاں پہلی شرط (یعنی مصدریت) مفقود ہے۔
۲۔ جئتك ركوبًا	یہاں دوسری شرط (یعنی تعلیل) مفقود ہے اگرچہ رکوبًا مصدر ہے۔
۳۔ جئتك للسفر غدًا	یہاں تیسری شرط (اتحاد زمانہ) مفقود ہے اگرچہ مصدریت وتعلیل پائی جاتی ہے۔
۴۔ جئتك لأمرك إياىَ	یہاں چوتھی شرط (یعنی اتحاد فاعل) مفقود ہے کیوں کہ جئتک کا فاعل (ت) ضمیر متکلم ہے اور مصدر کا فاعل (ک) ضمیر مخاطب ہے۔

التمرین (۳۱)

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے :۔

نوٹ :۔ جس اسم پر لام سببیہ (جو حرف جار ہوتا ہے) داخل ہو جائے تو نحو کی اصطلاح میں اُسے "مفعول لہٗ" نہیں کہتے بلکہ جار مجرور سے مل کر فعل کے متعلق ہو جاتا ہے۔

(۱) اذا أتت من صديقك زلة فتجاوز عن هفوته ابقاءً على مودته و رغبة فى إصلاحه۔

(۲) الجبان إذا رأى ذعرًا طار لبه فزعا و وجبت نفسه هلعا وكاد يهلك جزعًا۔

(۳) لاتؤخر عمل اليوم الى غد اعتمادًا على نفسك، وثقه بقدرتك، و اتكالا على صحتك۔

(۴) لاتبذر مالك ولاتعبث به عبثا مجاراةً للأغنياء فى ملابسهم الانيقة و قصورهم الشامخة

(۵) و من الناس من يوغل فى نفقات العرس والزينة حبا فى الظهور الكاذب۔ وذلك قد أدى بكثير من البيوت العامرة إلى الخراب

(۶) المجدّون تمنحهم الحكومات أوسمة وجوائز اعترافًا بفضلهم وحثا لغيرهم على الاقتداء بهم۔

(۷) لابدّ للناجحين من الطلبة أن يكافئوا بالجوائز تشجيعا لهم و تشويقا للآخرين۔

(۸) يخرج الناس الى شواطئ الأنهار والحقول الخضراء ترويحا لأنفسهم عن عناء الأشغال ويهرعون إلى الأشجار الباسقة ليتمتعوا بظلها الظليل وهوائها العليل۔ فاذا هبت عليهم الريح ترى أغصانها تهتز فرحا و أوراقها تصفق طربا، والزروع تتمايل أفنانها عجبا تمايل النشوان، فيكون منظرًا بهيجًا۔

(۹) لاتقتلوا أولادكم خشية إملاق، نحن نرزقهم وإياكم، إن قتلهم كان خطأً كبيرًا۔

(۱۰) قد خسر الذين قتلوا أولادهم سفهًا بغير علم وحرّموا ما رزقهم الله افتراءً على الله قد ضلوا وما كانوا مهتدين۔

(۱۱) قل لو كنتم تملكون خزائن رحمة ربي، إذا لأمسكتم خشية الانفاق، وكان الانسان قتورًا۔

(۱۲) ومثل الذين ينفقون أموالهم ابتغاء مرضات الله وتثبيتا من أنفسهم كمثل جنة بربوة أصابها وابل فاتت أكلها ضعفين، فان لم يصبها وابل فطل، والله بما تعملون بصيرٌ۔

(۱۳) فلعلك باخع نفسك على آثارهم ان لم يؤمنوا بهذا الحديث أسفًا۔

(۱۴) تتجافى جنوبهم عن المضاجع يدعون ربهم خوفا وطمعا، ومما رزقنهم ينفقون۔ فلا تعلم نفس ما أخفي لهم من قرة أعين، جزاء بما كانوا يعملون۔

التمرین (۳۲)

عربی میں ترجمہ کیجئے:۔

(۱) جب اس نے اپنی کامیابی کی خبر سُنی تو مارے خوشی کے اُس کا چہرہ گُلاب سا کِھل گیا۔

(۲) محمود کو میں نے جب اس کے قصور پر سرزنش کی تو شرم سے اُس نے اپنی گردن جھکا لی۔

(۳) تھانہ دار نے جب مجرم کو ڈانٹنا شروع کیا تو ڈر کی وجہ سے اس کے چہرہ پر ہوائیاں اُڑنے لگیں۔

(۴) مجرمین کی سرکوبی کے لیے تادیبی کارروائی ضروری ہے، قصاص کی بھی یہی مصلحت ہے۔

(۵) راحت پسندی کی خاطر اپنے عزیز وقت کو ضائع نہ کرو، وقت بڑی قیمتی شے ہے۔

(۶) جب کسی مریض کے پاس اُس کی عیادت کے لیے جاؤ تو زیادہ دیر تک مت بیٹھو، مبادا وہ اُکتا جائے۔

(۷) اہلِ ثروت نام و نمود کی خاطر بے دریغ دولت صرف کرتے ہیں اور پانی کی طرح روپے بہاتے ہیں۔

(۸) عرب سخاوت میں بہت مشہور تھے، اپنے مہمانوں کی ضیافت میں (کے لیے) اپنی سواری کے اونٹ تک ذبح کر ڈالتے تھے

(۹) مگر عربوں میں دوسری طرف کچھ ایسے لوگ بھی تھے جو فقر کے ڈر سے بچوں کو مار ڈالتے تھے اور اس سے بھی بڑھ کر ان کی قساوت یہ تھی کہ لڑکیوں کو عار کی وجہ سے زندہ درگور کر دیتے تھے۔

(۱۰) وہ صحابہ کرام ہی تھے جنھوں نے اعلاءِ کلمۂ حق کی خاطر اور دین کی سربلندی کے لیے اپنی جانیں قربان کر دیں۔

الدّرسُ السّادسُ

مفعول فیہ

(ظرف زمان وظرف مکان)

مفعول فیہ:۔ وہ اسم منصوب ہے جس سے کسی فعل کے وقوع کا وقت یا جگہ معلوم ہو جیسے جَلَسْتُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ (میں درخت کے نیچے بیٹھا) اور سرتُ لیلاً (میں رات کے وقت چلا) ان مثالوں میں "تحت" اور "لیلاً" مفعول فیہ ہیں۔

مفعول فیہ درحقیقت ظرف زمان وظرف مکان کا دوسرا نام ہے، ظرف زمان سے مُراد وقت اور زمانہ ہے اور ظرف مکان سے جگہ اور مقام ـــــــ پس ہر وہ وقت (زمان) اور ہر وہ جگہ (مکان) جس میں کسی فعل کے وقوع کا ذکر ہو، نحو کی اصطلاح میں مفعول فیہ کہلاتا ہے بشرطیکہ اس سے پہلے حرف جار نہ ہو جیسے اوپر کی دوسری مثال میں لَیلاً مفعول فیہ ہے مگر سرتُ فی اللّیل میں اللّیل کو مفعول فیہ نہیں کہتے۔

ظرف زمان:۔ خواہ مختص ومعین ہو، خواہ مبہم اور غیر معین ہو دونوں صورتوں میں ظرفیت کی بنا پر مفعول فیہ بن سکتا ہے، جیسے سافرت یومَ الخمیس ـــــــ مگر ظرف مکان کے صرف وہی اسماء

مفعول فیہ بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں جن کا شمار ظروف مُبہمہ میں ہوتا ہے، جیسے اسمار جہات ستہ (فوق، تحت، قدام، خلف، یمینا، شمالا) اور اسمائے مساحت جیسے (فرسخًا، میلاً، بریدًا وغیرہ) اسی طرح اسمار ظروف مشتق جیسے ذھبتُ مذھبَ خالدٍ اور جلستُ مجلسَ الأُستاذِ وغیرہ مگر اس کے لیے شرط یہ ہے کہ اس کا عامل خود اسی مادہ سے ہو، جیسے مذکورہ دونوں مثالوں میں، اس کے برعکس مثلاً ذھبتُ مجلس الأُستاذ کہنا درست نہیں کیوں کہ مجلس کا عامل (ذھبتُ) اس مادہ سے نہیں ہے۔

رہے ظرفِ مکان کے وہ اسمأ جن سے کوئی محدود و مخصوص جگہ مراد ہو جیسے مسجد، مدرسہ، گھر، بازار، شہر وغیرہ تو ظرفیت کی بنا پر یہ منصوب نہیں ہو سکتے اور نہ ان کا نام مفعول فیہ رکھا جا سکتا ہے، بلکہ ان کے پہلے حرف ظرفیت "فی" کا لانا ضروری ہوتا ہے جیسے:۔ صلّیتُ فی المسجد، أقمت فی السّوق اور جلستُ فی الدار وغیرہ، اس کے برخلاف صلّیتُ المسجدَ، أقمت السُّوقَ اور جلستُ الدارَ صحیح نہیں ہے، ہاں البتہ دخلتُ کے باب میں کثرت استعمال کی وجہ سے توسّعًا یہ بات جائز رکھی گئی ہے کہ اس کا استعمال "فی" اور فی کے بغیر دونوں طرح صحیح ہے، جیسے دخلت فی المسجد و فی الدار اور دخلت المسجد، والدار وغیرہ۔

ذیل میں چند اسمأ ظروف لکھے جاتے ہیں انھیں زبانی یا لکھ کر جملوں

یں استعمال کریں۔

لیلاً، نہاداً، ساعةً، سنةً، شهرًا، أسبوعًا، دقیقةً، صباحًا، مساءً، فجرًا، ضحیً، غدوةً، عشیةً، بکرةً، أصیلاً ظهرًا، عشاءً، عصرًا، ظهیرةً، أمس، غداً، برهةً هنیهةً، زمنًا، حینًا، عامًا، دهرًا، أبدًا، دائمًا، قطّ، عوض، أوّل، قبلُ، بعدُ، تحتُ، خلفُ، أمام، وداء، تلقاء، تجاه، ازاء، حذاء، یمینًا، شمالاً۔

خط کشیدہ الفاظ جن کا شمار ظروف مبہمہ یں ہوتا ہے، کسی اسم کی طرف مضاف ہوکر استعمال ہوتے اور منصوب پڑھے جاتے ہیں، مگر کبھی ان کا مضاف محذوف ہوتا ہے اور دل یں مقصود ہوتا ہے، ایسی صورت یں یہ ضمہ پر مبنی ہوتے ہیں جیسے لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ لیکن اگر مضاف الیہ محذوف نہ ہو یا محذوف ہو مگر دل یں مقصود نہ ہو، تو دونوں صورتوں یں معرب پڑھے جاتے ہیں اور منصوب ہوتے ہیں، جیسے جلستُ فوق الکرسی اور جئتُ اولاً یا افعل هٰذا اوّلاً پہلی مثال یں مضاف الیہ محذوف نہیں ہے اور آخر کی دونوں مثالوں یں محذوف ہے مگر مقصود نہیں ہے۔

"امس" کل گزشتہ کے معنی یں آتا ہے اور کسرہ پر مبنی ہوتا ہے، مگر امسِ پر اگر "ال" داخل کر دیا جائے تو مطلق زمانہ ماضی کے معنی یں ہو جاتا ہے، جیسے ابھی کل کی بات ہے کہ بالامس کان کذا وکذا۔

قطٌّ اور عَوض ضمہ پر مبنی ہوتے اور ہمیشہ نفی کے بعد آتے ہیں قطّ زمانہ ماضی کے لیے اور عَوضُ زمانہ مستقبل کے لیے آتاہے جیسے ما فعلتُ ھٰذا قطّ اور لا افعلُ ھٰذا عوض۔

التمرین (۳۳)

ترجمہ کیجیے اور اعراب لگائیے:۔

(۱) یظهر قرص الشمس صباحا من جهة الشرق بعد الفجر بنحو ساعة فیُذهب وحشة اللیل ویملأ الکون حرکة ونشاطا۔

(۲) والشمس تختفی مساءً عند الأفق الغربی فیظهر الشفق و ینشر الظلام اجنحته علی الدنیا شرقًا وغربًا۔

(۳) والقمر کوکب مستدیر سیار۔ یکتسب ضوءه من الشمس فینیر الأرض لیلا۔

(۴) ویصاب القمر بالخسوف أحیانا فینطفئ نوره ویحمر قرصه فتعیش الدنیا ویعمها الظلام ویبقی ذلک بعض الأحایین ساعات۔

(۵) والنجوم حلیة السماء وزینتها لیلاً وهی کثیرة لا یمکن عدّها۔

(۶) تغلق المدارس صیفا لأن الحر یخمل الجسم والذهن ویسعف الطلاب ویقلقهم لیلا ونهاراً فلا یستطیعون الدرس والمطالعة۔

(۷) ترش شوارع المدن كل يوم صباحا ومساء وتضاء بالمصابيح الكهربائية ليلاً

(۸) ذهبت أمس مع والدى إلى الحقل بعد العصر۔ فمشينا ساعة حول الزروع ثم جلسنا تحت شجرة باسقة على ضفة النهر وكنا نسمع خرير المياه تحت أقدامنا والطيور فوقنا تشد وعلى الغصون العالية فراقنى ذلك المنظر البهيج فبقيت برهة أمتع النفس بتلك المشاهدة الساحرة ونقلب الطرف بين مناظر الزرع الأخضر ثم قمت مع أبى وعدنا الى المنزل قُبَيْل أفول الشمس۔

(۹) ترجوا النجاة ولم تسلك مسالكها
إن السفينة لا تجرى على اليُبس

(۱۰) لا يحل لامرئ مسلم أن يهجر أخاه فوق ثلث ليال۔

(۱۱) سبحن الذى أسرى بعبده ليلاً من المسجد الحرام إلى المسجد الأقصى الذى باركنا حوله لنريه من ايتنا الكبرى۔

(۱۲) وجعلنا بينهم وبين القرى التى باركنا فيها قرىً ظاهرة وقدرنا فيها السير سيروا فيها ليالى وايامًا امنين۔

(۱۳) فسبحن الذى حين تمسون وحين تصبحون وله الحمد فى السموٰت والأرض وعشيا وحين تظهرون۔

(۱۴) يايها الذين امنوا اذكروا الله ذكرًا كثيرًا وسبحوه بكرة وأصيلا۔

(۱۵) ولا تقولن لشيئ إنى فاعل ذلك غدًا إلّا ان يشأ الله۔

التمرین (۳۴)

عربی میں ترجمہ کیجیے:۔

(۱) اللہ کے نیک بندے راتوں کو جاگتے ہیں اور دن میں اس کے فضل (رزق) کی تلاش میں اِدھر اُدھر نکل جاتے ہیں۔

(۲) اہلِ ثروت موسم گرما میں "شملہ" یا "مسوری" کا سفر کرتے ہیں اور مئی و جون کے دو مہینے وہاں گزارتے ہیں۔

(۳) آج شام کو میں اپنے باغ میں ایک گھنٹہ ٹہلتا رہا، پھر سورج غروب ہونے سے پہلے گھر لوٹ آیا۔

(۴) میں ہر روز صبح و شام ٹہلا کرتا ہوں، صبح کو صاف ہوا میں ٹہلنا صحت کے لیے مفید ہے۔

(۵) ہریل اور فاختے اونچے اونچے درختوں کے اوپر اپنے گھونسلے بناتے ہیں اور شاہین پہاڑوں پر اپنا بسیرا کرتا ہے۔

(۶) چمگادڑ رات میں نکلتے ہیں اور دن میں چھپے رہتے ہیں اس لیے کہ دن کی روشنی میں انھیں دکھائی نہیں دیتا۔

(۷) چونٹیاں موسم گرما میں اپنے رزق کا سامان مہیا کرتی ہیں تاکہ جاڑے اور برسات کے موسم میں راحت اُٹھائیں۔

(۸) میرے گھر کے سامنے ایک چھوٹا سا خوب صورت باغ ہے، میں ہر روز اس میں دو گھنٹے کام کرتا ہوں۔

(۹) میں اس بات پر قادر رہوں کہ مسلسل دو راتیں جاگ سکوں۔

(۱۰) کسان اور مزدور دن بھر کام کرتے ہیں، مگر رات کو وہ آرام کے ساتھ میٹھی نیند سوتے ہیں۔

(۱۱) ریلوے اور ڈاک کے محکموں میں رات دن کام ہوتا رہتا ہے اگر ایسا نہ ہو تو ہمارے وہ کام جو ایک دن میں پورے ہوتے ہیں، کئی کئی دن میں پورے ہوں۔

(۱۲) میرے گاؤں کا محل وقوع بہت ہی اچھا ہے، مشرق میں ایک صاف وشفاف چشمہ بہتا ہے، اور مغرب میں خوب صورت جھیل واقع ہے، شمال میں ہرے بھرے کھیت ہیں اور جنوب میں گھنے باغات اور پارک ہیں۔

التمرین (۳۵)

اُردو میں ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:۔

(رحلة مدرسية)

سافرت مرة إلى دهلى فى فرقة من طلبة دار العلوم، فتوجهنا إلى اكره لمشاهدة "التاج محل" فلما وصلنا الى "تو ندلة" ليلا نزلنا من القطار وجلسنا برهة على الرصيف ننتظر القطار الذى يوصلنا إلى اكره فجاء القطار وسار بنا ساعة حتى وصلنا إليها فجراً فبحثنا أولا عن الماء فتوضأنا وصلينا الفجر۔ وبعد الصلوٰة استلقينا على ظهورنا لنستريح ساعة وقد كان كل منا فى حاجة إلى النوم بعد ما سهر الليل كله فغلبنا النوم ولم نستيقظ إلا بعد ثلث ساعات فقمنا من الفراش واكلنا غداءنا ضحى، ثم أخذنا الطريق الى "التاج محل"، حتى وصلنا إليه ظهرا۔

وقد كنا قرأنا عنه من قبل في كتب التاريخ انه آية في البناء والهندسة فلما رأيناه وجدناه أجمل مما تمثلنا إنها درة يتيمة تفتخر بها الهند وحق لها الفخر إن كان الفخر حقا. وقفنا أمامه وقمنا خلفه ودرنا حوله نتعجب من حسن بنائه وبهجته وصفائه ثم صعدنا فوق إحدى مناراته فرأينا "جمنا" يجري تحته فجلسنا طويلا نفكر في عظمة القدماء وهممهم ثم ذهبت كل مذهب في الفكر وجعلت أفكر في ملوك الهند وإسرافهم في الأبنية والقصور الشامخة وقلت في نفسي لو أنفق هذا الملك على بناء مدرسة يدل هذه المقبرة ووقف لها هذه الأموال الطائلة لكان له ذخرا في الآخرة ـــــ فاني سمعت أن بناءه قد تم في ثلث وعشرين سنة دكان يعمل فيه عشرون ألف صانع ويقدر أنه أنفق في تشييده ماينيف على ثلاثة ملايين من الجنيهات.

ومازلنا نتذاكر ونتجاذب أطراف الحديث بهذا الموضوع حتى خفت حرارة الشمس عصرًا فقمنا ورجعنا على الأقدام فوصلنا إلى المحطة مساءً. فاشترينا التذاكر وركبنا القطار ووصلنا إلى توندله، ومن توندله إلى "دهلي" صباح الغد.

التمرين (۳۶)

عربی میں ترجمہ کیجئے:۔

(رحلة مدرسية)

دوسرے دن ہم صبح کو دہلی پہونچے، دہلی میں ہمارا قیام ایک ہفتہ رہا وہاں

ہم نے آثار قدیمہ اور تاریخی مقامات کی خوب سیر کی، ایک روز ہم قطب مینار بھی گئے مینارۂ قطب الدین وہاں سے کافی دور تھا۔ ہم نے ایک پوری بس کرایہ پر لے لی ، عصر سے پہلے ہم لوگ بس پر سوار ہوئے اور وہ ہم کو لے کر آہستہ آہستہ قطب مینار کی طرف چلی۔ ہم دائیں بائیں دیکھتے جاتے تھے اور ہر چیز کے متعلق اپنے استاد سے سوال کرتے جاتے تھے، چند منٹ کے بعد ہم مقبرۂ ہمایوں پہونچ گئے، مقبرہ کے سامنے ہماری بس رکی اور ہم سب اُتر گئے، تھوڑی دیر ہم اس میں گھومتے رہے، اندر باہر سے اُسے دیکھا، اور پھر اپنی سیٹوں پر آکر بیٹھ گئے۔

عصر کے وقت ہم قطب مینار پہونچے، سب سے پہلے پانی کی تلاش ہوئی، وضو کیا، نماز پڑھی، پھر منارہ کی طرف گئے، پہلے ہم اس کے اردگرد کئی مرتبہ گھومے، پھر اس کے اوپر چڑھے، اب جو نیچے نگاہ دوڑائی تو ہر چیز اپنے حجم سے چھوٹی معلوم ہونے لگی، منارہ سے متصل اس کے اردگرد جو کھنڈرات اور عمارتیں تھیں وہ سب نظروں سے اوجھل ہوگئیں، تھوڑی دیر ہم اس کے اوپر ٹھہرے، اور پھر نیچے اُتر آئے ـــــــ یہ منارہ سخت قسم کے سُرخ پتھر سے بنا ہوا ہے، اس کے چاروں طرف قرآن مجید کی آیات کندہ ہیں، اسے قطب الدین ایبک نے ایک مسجد کا منارہ بنایا تھا، مگر اس کی تکمیل اس کے بعد اس کے غلام شمس الدین التمش کے ہاتھوں ہوئی، کاش پوری مسجد کی تعمیر مکمل ہوگئی ہوتی ـــــــ اس منارہ کو دیکھ کر ہمارے دل میں طرح طرح کی آرزوئیں پیدا ہوئیں، تھوڑی دیر ہم رُکے، پھر ہم اپنی بس پر سوار ہوئے اور سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے اپنی قیام گاہ پر واپس آگئے۔

الدّرس السّابع

(حال)

حال ایک ایسا اسم منصوب ہے جو (فعل کے وقوع کے وقت) فاعل اور مفعول بہ کی ہیئت کو واضح کرتا ہے، جیسے جاء خالد راکبًا (خالد سوار ہو کر آیا) اور لاتاکل الطعام حارًّا (کھانا اس حال میں نہ کھاؤ کہ وہ گرم ہو) ان مثالوں میں راکبًا اور حارًّا حال ہیں۔

فاعل یا مفعول بہ جس کا بھی حال بیان کیا جائے نحویین کی اصطلاح میں "صاحب حال" یا ذوالحال کہلاتا ہے، اوپر کی مثال میں فاعل (خالدٌ) ذوالحال ہے اور دوسری مثال میں مفعول بہ (الطعام) ذوالحال ہے۔

(۱) حال کوئی اسم مشتق اور نکرہ ہوا کرتا ہے اور ذوالحال معرفہ ہوتا ہے[۱]۔

---

[۱] اصل قاعدے کی رُو سے ذوالحال کو معرفہ اور حال کو اسم مشتق و نکرہ ہونا چاہیے مگر کبھی اس میں تخلف بھی ہوتا ہے، تفصیلات یہ ہیں:۔

(الف) اصل کے برعکس حسب ذیل صورتوں میں ذوالحال نکرہ لایا جا سکتا ہے۔

(۱) جب کہ ذوالحال کو حال سے مؤخر کر دیا جائے جیسے جَاءَ رَاکِبًا رَجُلٌ۔

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(۲) حال بھی خبر کی طرح، کبھی مفرد، کبھی جملہ اور کبھی شبہ جملہ ہوا کرتا ہے جیسے جاء فرید یرکب فرسه، رأیت الخطیب فوق المنبر، بعث الثمر علی الشجرۃ۔

---

(۲) جب کہ ذوالحال سے پہلے کوئی حرف نفی آجائے اور معنی میں اس کے ایک عموم پیدا ہو جائے جیسے وما اھلکنا من قریة الّا ولها منذرون۔
(۳) جب کہ ذوالحال کے اندر تخصیص کے معنی پیدا ہو جائیں جیسے ولمّا جاءھم کتاب من عند الله مصدّقًا (واضح رہے کہ مُصدّقًا بعض سلف سے منصوب ہی مروی ہے اس صورت میں کتاب ذوالحال ہوگا اور یہ نکرہ ہے)
(ب) اصل قاعدہ کے برعکس حال حسب ذیل صورتوں میں معرفہ آسکتا ہے مگر کلام عرب میں بہت ہی قلیل ہے۔
(۱) "ال" کے ذریعہ معرفہ بنایا گیا ہو جیسے ادخلوا الاوّل فالاوّل۔
(۲) "اضافت" کے " " " " " اجتهد وحدك وغیرہ۔
(ج) اسی طرح اسم مشتق کے بجائے حسب ذیل صورتوں میں حال اسم جامد بھی ہو سکتا ہے۔
(۱) جب کہ وہ تشبیہ پر دلالت کرے جیسے کرّ علیّ اسدًا۔
(۲) جبکہ وہ ترتیب پر دلالت کرے جیسے اقرأ الکتاب بابًا بابًا اور اُدخلوا الباب رجلًا رجلًا۔
(۳) جب کہ وہ مفاعلة (یعنی جانبین کی مشارکت) بتائے جیسے: بعته یدًا بید۔
(۴) جب کہ وہ نرخ بتائے جیسے:۔ اشتریت الثوب ذراعًا بدرھم۔
(۵) جب کہ وہ موصوف ہو جیسے:۔ إنّا انزلناه قرآنًا عربیًّا۔

(۳) حال جب جملہ ہو تو حال ذوالحال کے درمیان کسی رابطہ کا ہونا ضروری ہے، یہ رابطہ کبھی "واؤ" ہوتا ہے اور کبھی ضمیر اور کبھی "واو" اور "ضمیر" دونوں۔ مثالیں علی الترتیب یہ ہیں:۔

(۱) رکبت السفینۃَ والھواءُ علیلٌ (یہاں رابطہ صرف "واو" ہے)

(۲) جاء المذنب یعتذر عن ذنبہٖ (یہاں رابطہ صرف "ضمیر" ہے)

(۳) خرج الاولاد وھم فرحون (یہاں رابطہ واو اور ضمیر دونوں ہیں)

(۴) حال جب جملہ فعلیہ ہو اور فعل اس میں مضارع مثبت ہو تو رابطہ صرف ضمیر ہوتی ہے جیسے مثال نمبر ۲، اور اگر فعل ماضی مثبت ہو تو واؤ کے ساتھ "قد" بڑھا دیتے ہیں جیسے سَلَّمْتُ عَلٰی اَبِیْ وَقَدْ عَادَ مِنْ سَفَرِہٖ اور کبھی صرف "قَدْ" ہی کافی سمجھا جاتا ہے مگر ماضی منفی میں قَدْ بڑھانا صحیح نہیں ہے۔ اس میں رابطہ صرف واؤ ہوتا ہے جیسے استیقظت من النوم وما طلعت الشمس۔

نوٹ:۔ جملہ خواہ اسمیہ ہو یا فعلیہ حال اسی وقت بن سکتا ہے جب کہ وہ کسی اسم معرفہ کے ساتھ آئے، نکرہ کے بعد جملہ حال نہیں ہوتا بلکہ صفت بن جاتا ہے، جیسا کہ درس نمبر ۳ میں ہم تفصیل کے ساتھ بتا چکے ہیں الجمل بعد النکرات صفات وبعد المعارف احوالٌ۔

(۵) حال جب کوئی اسم مفرد ہو (یعنی جملہ یا شبہ جملہ نہ ہو) تو واحد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں وہ اپنے ذوالحال کے مطابق رہتا ہے اور ایسے ہی جب کہ حال کوئی جملہ ہو اور رابطہ اس میں ضمیر ہو تو مطابقت

ضروری ہے جیسے مثال نمبر ۲ اور ۳ میں۔ لیکن اگر رابط ضمیر نہ ہو بلکہ صرف واؤ ہو تو مطابقت و عدم مطابقت کا سرے سے کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا جیسے مثال نمبر ۱، اور حضر الضیوف والمضیف غائب وغیرہ۔

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے :۔

(۱) الشمس نجم عظیم ملتهب يبدو قرصها في الشروق والغروب اصفر محمرّا۔

(۲) تسبح السُفن على متون البحار حاملة سلع التجارة والمسافرين متنقلة بهم من بلد الى بلد لم يكونوا بالغيه إلا بشق الأنفس۔

(۳) يقبل الناس على التاجر الأمين، واثقين بذمته مطمئنين إلى معاملته لأنه يبيعهم البضائع خالية من الغش۔

(۴) يبكّر الفلاحون إلى مزارعهم مجتمعة قواهم مملوئين بالنشاط ثم يعودون منها مساء لاغبين مجهودين۔

(۵) خرجت اليوم مع أحد قائي الطلبة إلى الحقول والمزارع ماشين على أقدامنا لنستنشق الهواء صافيا ونحس النسيم عليلا۔ فرأينا الفلاحين دائبين في أعمالهم هذا يعزق الارض وذاك يحرثها فقضينا بين هؤلاء ساعة مغتبطين بجدهم ونشاطهم، ثم عدنا إلى المنزل فرحين مسرورين۔

(٦) وکثیر من الناس یقصدون الحدائق والبساتین ذرافاتٍ ووحدانا لیشموا الھواء العلیل ولیمتعوا انفسھم بمحاسن الطبیعۃ ومناظرھا الجمیلۃ۔

(٧) یوم الفطر یوم أغر مشھور یلبس فیہ الناس أفخر ما عندھم من ملابس ثم یخرجون إلی المصلی جماعات وأفواجا مکبرین مھللین ویقضون صلوتھم خاشعی القلوب، متضرعین إلی ربھم ثم اذا قضیت الصلوٰۃ ذھبوا إلی بیوتھم فرحین مسرورین وإلی ذویھم وأقاربھم مھنئین، کل یتمنی لصاحبہ أن یلبسہ اللہ ثوب العافیۃ وأن یکون العود أحمد۔

(٨) یاایھا النبیُّ إنا ارسلناک شاھدا ومبشرا ونذیرا وداعیا إلی اللہ باذنہ وسراجا منیرا۔

(٩) قل انی أعظکم بواحدۃ أن تقوموا للہ مثنیٰ وفرادیٰ ثم تتفکروا ما بصاحبکم من جنۃ إن ھو إلا نذیر لکم بین یدی عذاب شدید۔

(١٠) وما أمروا إلا لیعبدوا اللہ مخلصین لہ الدین حنفاء ویقیموا الصلوٰۃ ویؤتوا الزکوٰۃ وذلک دین القیمۃ۔

(١١) وکانوا ینحتون من الجبال بیوتا آمنین۔ فاخذتھم الصیحۃ مصبحین، فما أغنیٰ عنھم ما کانوا یکسبون۔

(١٢) وسخر لکم الشمس والقمر دائبین وسخر لکم اللیل والنھار وآتاکم من کل ما سألتموہ۔

(۱۳) محمد رسول الله والذين معه أشداء على الكفار رحماء بينهم تراهم ركعا سجدا يبتغون فضلا من الله ورضوانا سيماهم في وجوههم من أثر السجود۔

(۱۴) الذين يذكرون الله قياما وقعودا وعلى جنوبهم ويتفكرون في خلق السمٰوٰت والارض ربنا ما خلقت هذا باطلا سبحانك فقنا عذاب النار۔

التمرين (۳۸)

عربی میں ترجمہ کیجئے:۔

(۱) پرندے صبح کو خالی پیٹ نکلتے ہیں اور شام کو شکم سیر واپس آتے ہیں۔

(۲) اچھے بچے صبح سویرے اٹھتے ہیں، ضروریات سے جلد جلد فارغ ہوتے ہیں کہ کہیں جماعت نہ فوت ہو جائے، نماز سے فارغ ہو کر قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہیں، پھر چہل قدمی کرتے ہوئے کھیتوں اور باغات کی طرف نکل جاتے ہیں، گھر لوٹ کر کچھ تازہ ناشتہ کرتے ہیں، پھر خوش خوش ہشاش بشاش مدرسہ کی طرف پیدل یا سوار چل دیتے ہیں۔

(۳) کل عید تھی، شام کو ٹہلتا ہوا میں بازار کی طرف نکلا، چھوٹے بچوں کو دیکھا، زرق برق لباس پہنے اِدھر سے اُدھر دوڑ رہے ہیں اور خوشی سے پھولے نہیں سماتے، ایک بچہ کو دیکھا، سب سے الگ تھلگ ایک دیوار سے لگا کھڑا ہے، اس پر حزن و ملال اور کبیدگی کے آثار نمایاں تھے، میں اس کی طرف یہ کہتے ہوئے بڑھا" بھئی

تم اس طرح اکیلے کیوں کھڑے ہو؟ پھر میں اسے اپنے ساتھ بازار لے گیا، بازار میں وہ میرے ساتھ ننگے پاؤں، ننگے سر چل رہا تھا، مجھے یہ بات کچھ اچھی نہ لگی میں اسے اپنے ہمراہ گھر لے آیا، ہمارے چھوٹے بھائیوں کے ساتھ کچھ دیر وہ ہنسی خوشی کھیلتا رہا، پھر اُٹھا، سلام کیا، اور ہم سب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے چلا گیا۔

۴۔ ہم دونوں بھائی ہر روز سائیکل پر سوار ہو کر مدرسہ جایا کرتے تھے ایک روز بارش کی وجہ سے پیدل ہی مدرسہ گئے، شام کو جب مدرسہ ختم ہوا، اپنی اپنی کتابیں لئے گھر لوٹے۔ راستہ میں ہم دونوں مختلف موضوع پر باتیں کرتے ہوئے چل رہے تھے، گاؤں کے قریب پہونچے ہی تھے کہ ایک بچھو نے مجھے ڈنک مار دیا۔ میں پاؤں پکڑ کر وہیں بیٹھ گیا، میرا بھائی مجھ سے دو سال چھوٹا تھا، وہ اٹھا نہیں سکتا تھا، بھاگا ہوا گھر آیا، اتنے میں کسی طرف سے میرے ماموں آگئے، وہ مجھے اپنے کندھے پر اٹھا کر گھر لے آئے، دوا پلائی، میں نے لیٹے لیٹے دوا پی، میرے بدن میں ایک کپکپی سی دوڑ رہی تھی، عشاء کے وقت تک کچھ افاقہ ہوا، مگر پوری رات بستر پر کروٹ بدلتے اور جاگتے ہوئے بسر کی، کسی پہلو چین نہیں تھا، اللہ تم کو اس موذی جانور سے بچائے۔

اعراب لگائیے اور ترجمہ کیجئے:۔

۱۔ خرجت الی السوق والسماء مصحية لاغيم فيها ولاسحاب۔ فبينما كانت هي صافية الأديم إذ هبت الريح صرصراعاتية وثارت العاصفة

تقتلع الاشجار وتسفی الرمال وتزجی سحابا ثم تؤلف بینه فتجعله رکاما، فعبس الجوّ وأظلمت الدنیا ــــ ولم تلبث هٰذه الحال حتّٰی نزل المطر رذاذا، ثم اشتد شیئا فشیئا حتی صار وابلا کأفواه القرب فجعل الناس یجرون الی هنا والی هناك مشمرین أذیالهم وقد نشروا الظلل خوفا من البلل ــــ وظلّ المطرها طلا فقضی الناس أکثرنهارهم متعطلین عن أعمالهم جالسین فی بیوتهم والجوّ قاتم والسحاب متراکم والدِّیَمُ هواطل .... وفی المساء هدأت الثائرة وانکشف الغمام وبدت الشمس مشرقة المحیّا وضّاءة الجبین فتنفس النّاس الصُّعَداء وحمدوا الله۔

(۲) رکبنا البحر رهوا وقت الأصیل والهواء علیل فسارت السفینة تشق عُباب الماء وتمخرمیاهه۔ حتّٰی اذا کان الهجیع الأخیر والرکاب نائمون اذ شعرنا بصدمة عنیفة فقمنا من النوم مذعورین نسأل ما الخبر؟ فوجدنا الملاحین فی هرج ومرج واستیقظ کل من فی السفینة فرأوا الشترمستطیرا وأبصروا الموت عیانا۔ ففقدوا کل أمل فی الحیاة۔ کیف لا! والصدع کبیر والبحر فاغرفاه۔ وطُیِّرَ الخبرُ بالبرق لتسرع السفن بالنجدة، فخفت إلینا سفینة علی بُعد أمیال فانتقلنا إلیها وحمدنا الله علی النجاة وقد أجهدنا التعب۔

(ماخوذ بحذف وتغیر)

(۳) لاتترك وقتك یضیع سُدیً فان الوقت کالسیف إن لم تقطعه قطعك۔

(٤) وترى المجرمين يومئذ مقرنين بالأصفاد ۔ سرابيلهم من قطران وتغشى وجوههم النار۔

(٥) ولا تحسبن الله غافلاً عما يعمل الظالمون، إنما يؤخرهم ليوم تشخص فيه الأبصار، مهطعين مقنعی رؤسهم لايرتد إليهم طرفهم وأفئدتهم هواء۔

(٦) أفأمن أهل القرى أن يأتيهم بأسنا بياتا وهم نائمون، أوأمن أهل القرى أن يأتيهم بأسنا ضحىً وهم يلعبون۔

(٧) وإذ قال موسىٰ لقومه يا قوم لم تؤذونني وقد تعلمون أني رسول الله إليكم فلما زاغوا أزاغ الله قلوبهم والله لايهدى القوم الفاسقين۔

(٨) أيودّ أحدكم أن تكون له جنّة من نخيل وأعناب تجری من تحتها الأنهار له فيها من كل الثمرات وأصابه الكبر وله ذرّية ضعفاء فأصابها إعصار فيه نار فاحترقت، كذٰلك يبين الله لكم الآيٰت لعلكم تتفكرون۔

(٩) يوم يكشف عن ساق ويدعون إلى السجود فلايستطيعون خاشعةً أبصارهم ترهقهم ذلّة، وقد كانوا يدعون إلى السجود وهم سالمون۔

(١٠) إنا بلوناهم كما بلونا أصحٰب الجنة، اذ أقسموا ليصرمنها مصبحين ولايستثنون، فطاف عليها طائف من ربّك وهم

نائمون، فأصبحت كالصريم فتنادوا مصبحين، أن أغدوا على حرثكم إن كنتم صارمين، فانطلقوا وهم يتخافتون، أن لا يدخلنها اليوم عليكم مسكين وغدوا على حرد قادرين، فلما رأوها قالوا إنا لضالون، بل نحن محرومون.

التمرين (٤٠)

عربی میں ترجمہ کیجئے:

(۱) ایک کسان جب شام کو تھکا ماندہ گھر واپس آتا ہے اور پھر وہ اپنے بال بچوں سے اس حال میں ملتا ہے کہ وہ سب اس کی آمد کے منتظر ہوتے ہیں تو اپنی ساری تھکن بھول جاتا ہے۔

(۲) میرے پڑوسی کے گھر رات چور گھس آیا اور وہ سب سو رہے تھے چنانچہ چور چوری کر کے نکل گیا اور کسی نے محسوس تک نہ کیا، دو بجے رات کو جب ان کی آنکھ کھلی تو سارا سامان اِدھر اُدھر منتشر پایا۔ ڈرتے ہوئے کچھ آگے بڑھے تو دروازہ بھی کھلا دیکھا، اب انھیں یقین ہو گیا کہ چور اپنا کام کر چکا ہے پلٹے کہ سامان کا جائزہ لیں اور وہ بے حد گھبرائے ہوئے تھے، جائزہ لیا تو بہت سے قیمتی سامان اور زیورات غائب تھے، انھوں نے رات کا باقی حصہ خوف اور ہراس کے ساتھ جاگ کر گزارا۔

(۳) گرمی کا زمانہ تھا، سخت گرمی پڑ رہی تھی، دو پہر کو ہم گاڑی سے اُترے، موٹر ڈرائیور اور تانگہ والے ہڑتال کئے گھروں میں بیٹھے تھے، سوچا کہ دوپہر

اسٹیشن پر ہی ویٹنگ روم میں گزار دیں، مگر جمعہ کا دن تھا اور اب ہم مسافر بھی نہیں رہے تھے، مزدور تلاش کیا مگر کوئی مزدور بھی نہیں ملا، آخر کار خود ہی اپنا سامان اور بستر لیے ہوئے پیدل قیام گاہ کی طرف چل پڑے، اسٹیشن سے ہماری قیام گاہ چار میل کے فاصلہ پر تھی۔

ہم سڑک پر چل رہے تھے اور سامان سے بوجھل ہوتے جا رہے تھے، ایک طرف زمین تپ رہی تھی اور آسمان اوپر سے شرارے برسا رہا تھا، دوسری طرف لوگ اپنی دوکانوں اور برآمدوں میں بیٹھے ہم پر جملے چست کر رہے تھے، وہ ہمیں اس حال میں دیکھتے اور استہزا کے انداز میں مسکرا دیتے، ہم ان کی استہزا کی پرواہ کیے بغیر دھوپ اور گرمی میں اسی طرح چلتے رہے، یہاں تک کہ سامان اور بستر لیے ہوئے پسینہ میں شرابور ایک بجے قیام گاہ پر پہونچ گئے لیکن یہاں ہم نے دروازہ کو مقفل پایا، میرے کمرے کے ساتھی مسجد جا چکے تھے۔ بھاگتے ہوئے ہم نے مسجد کا رُخ کیا، مسجد اس حال میں پہونچے کہ امام منبر پر خطبہ دے رہا تھا، اللہ کا شکر ادا کیا کہ محنت اکارت نہ گئی۔

التمرین (۴۱)

اُردو میں ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:۔

(مباراة فی کرة القدم)

دعت المدرسة البلدیة فرقة مدرستنا للمباراة فی کرة القدم، فاجابوا دعوتها مستبشرین، ففی الوقت الموعود توافـــد

المدعوون إلى الملعب رجالاً وركباناً وخرج جمعنا تحت إشراف حضرات المدرسين، وصلنا إلى الملعب وقد نضدت الكراسي والمقاعد لحضرات المدعوين بنسق وترتيب فجلسوا عليها ووقف التلاميذ جوانب الملعب منتبهين متحمسين.

نزل الفريقان فى الساحة قبل بداية اللعب بخمس دقائق يهرولان ويمرحان ثم تصافحا ووقفا متقابلين ـــ وفى تمام الساعة الخامسة صفر الحكم إيذاناً بالبدء ـــ فتطلعت الأنظار وتطاولت الأعناق وكنا نرى الكرة تعلو وتهبط وترتفع وتنخفض ذاك يقذفها وهذا يصدها. هكذا استمر اللعب بطيئاً. مباراة فاترة ضعيفة تبعث الملل ـــ ثم نشط فريق البلدية والهوا حليفهم بهجوم متواصل يشتد به ضغطهم ورمياتهم على مرمى فريقنا ولكن الحارس البارع يتلقف ويرتمى كلما تاتى اليه الكرة قوية أو غير قوية. ومرة هلل أنصار البلدية حين شاهدوا الكرة تتخبط فى الشباك ظانين أنها هدف ولكن الحكم اليقظ أحتسب فألغى للتسلل. وانتهى الشوط الأول دون أهداف ولم يستطع فريقنا طوال الشوط أن يهاجم هجمة موفقة واحدة غير أن محمود اقذف مرة قذفة محكمة أنها المرمى ولكنها تعرجت قليلاً فاصطدمت بقائمة العارضة فعادت مرتدة

ثم ابتدأ الشوط الثانی والساعة خامسة ونصف ولعب فی هذه المرة محمود دفاعا أيمن، ومسعود ظهيرا أيسر، وحمزة ساعدا أيمن وخالدٌ جناحا أيسر وبذلك استطاع فريقنا أن يهاجم هجمات موفقة. ففی الدقائق الأولى استمر اللعب سجالا يتبادل فيه الهجوم على المرميين. ثم اشتدت الهجمات وتوالت القذائف على مرمى البلدية، حتى كانت رمية مروّعة من خالد رجت قائمة المرمى رجّا وذهبت إلى غرضها توًّا فی شباك الهدف مسجلة "الاصابة الأولى" فتعالت الأصوات واشتد الهتاف.

وحمِىَ وطيسُ اللعب بعد هٰذا الهدف وعز على فريق البلدية أن يخرج مهزوما فحاول أن يظفر بالتعادل ولكن الدفاع القوی اليقظ استطاع أن يحطم هٰذه المحاولات كلها. وانسحب الهجوم مرة أمام مرمى فريقنا وارتبك أفراده حتى أمسك خالدٌ الكرة وهو على خط منطقة الجزاء فاحتسبها الحكم "ضربة جزاء" ضد فريقنا فاستطاع فريق البلدية هٰكذا أن يحرز هدف التعادل ثم مرّت بعد ذٰلك فترة طويلة دون أهداف حتى خيّل للجميع أن المباراة ستنتهی بالتعادل، اذ برز حمزة والكرة تتدحرج بين قدميه بسرعة فما هی إلا كلمح البصر حتى رأينا الكرة متخبطة فی الشباك ثم بدأ التجديد فالتقط خالد الكرة وهيأ لحمزة تلقف حمزة بقدمه وبعد تحويلة وتمريرة يسيرة سجل الهدف الثالث

وقبل نهاية المباراة بدقيقة واحدة انتصر فريقنا باصابة الهدف الرابع، ثم صفر الحكم معلنا بنهاية المباراة فخرج اللاعبون من ساحة الملعب وهم يتصببون عرقا فأسرع إليهم التلاميذ بكئوس يسقونهم إياها وذهبنا إلى جمعنا نهنئهم ونثنى عليهم الخير ثم تصافح الفريقان وافترقا۔

ورجعنا مع جمعنا يملأ السرور قلوبنا والبشر يعلو وجوهنا۔ إذ فاز منتخب مدرستنا بأربعة أهداف .... مقابلة واحد. وقد فاز بثلاثة أهداف مقابلة لاشئ فى المباراة النهائية من قبل فى السنة الماضية وأخيرا فان دفاع البلدية يستحق كل ثناء وتقدير لانه واجه طوال الشوط الأخير هجوما لايهدأ ولاينقطع وبذل كل فرد فيه قصارى جهده۔

التمرين (٤٢)

(الف) مندرجہ ذیل عنوان پر ایک مضمون لکھیے اور اس بات کی کوشش کیجیے کہ زیادہ سے زیادہ حال استعمال کر سکیں۔

العنوان :- مُسابقة فى الخطابة۔

العناصر :- اعلام المدرسة عن اقامة مسابقة خطابية۔ رغبة الطلبة فى المساهمة۔ اعدادهم للخطب وتهيئهم لها۔ وصول النبأ إلى سائر المدارس۔ تهيأ كثير من طلبتها للمسابقة۔ دنو الميعاد۔

يوم المسابقة۔ قدوم المدعوين ۔ الجوائز المعدّة۔ بدالحفلة۔ القاء الخطبات ماكنت ترجو في أثنائها۔ نتائج الفوز۔ توزيع الجوائز الذهاب إلى مأدبة الشاى۔ انتهاء الحفلة۔

الافتتاح :۔ تعودت مدرستنا أن تنظم كل عام حفلة لمسابقة خطابية۔ فلمابدئ التعليم في هٰذا العام أراد رجالها أن يقيموا حفلة حسب دأبهم

الخاتمة :۔ كان من نتيجة هٰذه المسابقة أن رجع إلى الطلاب نشاطهم في التمرّن على الخطابة حتى أن بعضهم قد تفوّق وبرع فيها۔

(ب) عربی میں ترجمہ کیجئے :۔

ایک مرتبہ قریب ہی ایک محلہ میں آگ لگی اور وقت دو بجے رات کا تھا، چیخ و پکار کی آواز پر سارے محلہ والے جاگ گئے، مگر کسی کی سمجھ میں کچھ نہ آتا تھا ایک دوسرے سے لوگ پوچھ رہے تھے قصّہ کیا ہے؟ میں بھی گھبرایا ہوا گھر سے باہر نکلا اور کچھ دیر حیران کھڑا رہا، اتنے میں میرا دوست محمود بھاگتا ہوا آیا اور زور زور سے چیختے ہوئے اُس نے کہا "آگ، آگ" پھر وہ فوراً ہی واپس ہوا۔ میں اور محلّہ کے دوسرے لوگ تیزی کے ساتھ اُس کے پیچھے بھاگے، ابھی تھوڑی ہی دُور گئے تھے کہ دیکھا ایک گھر سے بادل کی طرح دھواں اُٹھ رہا ہے اور آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں ——— اسی محلہ میں ہمارا دوست حامد بھی رہتا تھا، وہ ان دنوں بیمار بھی تھا اور گھر میں تنہا بھی تھا، جب ہم قریب پہنچے تو دیکھا کہ آگ اُسی کے گھر میں لگی ہوئی ہے ہم دونوں مجمع کو چیرتے ہوئے گھر کے

قریب پہونچے کہ کسی طرح اُسے نکالنے کی فکر کریں، اتنے میں حامد ننگے سر، ننگے پاؤں، بدحواس ہمارے سامنے سے ہوکر گزرا، ہم نے بڑھ کر اس کا ہاتھ تھام لیا، اور مجمع سے باہر لے آئے، اسی اثنا میں فائر بریگیڈ والے آگئے، بڑی مشکل سے آگ پر قابو پایا جاسکا، مکان کا اکثر حصّہ جل چکا تھا۔ ہم حامد کو سواری پر بٹھا کر اپنے گھر لے آئے اور محمود وہیں رہ گیا کہ اس کے بچے کھچے سامان کی صبح تک حفاظت کرے۔

الدّرسُ الثامِنُ

(تمیــز)

تمیز ایک ایسا اسم ہے جو اپنے ماقبل کے اسم سے ابہام دور کر کے اس کے معنی مراد کو متعین کرتا ہے جیسے اشتریت رطلاً زیتاً اور عندی عشرۃ أقلامٍ۔

اسمار کیل، وزن، مساحت اور عدد سب کے سب اپنے اندر ابہام رکھتے ہیں مثلاً رطل، ایک وزن کا نام ہے اس سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ ایک رطل کیا چیز ہے، تیل، گھی، شہد یا کچھ اور؟ اسی طرح "عشرۃٌ" ایک عدد کا نام ہے، اس سے مراد دس قلم بھی ہو سکتے ہیں اور دس کوئی دیگر چیز بھی، پس جو اسم بعد میں آکر ان کے معنی مُراد کو متعین کرتا ہے نحویین کی اصطلاح میں اُسے "تمیز" کہتے ہیں جیسے زیتاً اور اقلامٍ اوپر کی دونوں مثالوں میں۔

تمیز کے مقابلہ میں جس اسم کے اندر ابہام پایا جاتا ہے اُسے "مُمیّز" کہتے ہیں۔ ممیّز دو طرح کے ہوتے ہیں، ایک "ممیّز ملفوظ" اور دوسرا "ممیّز ملحوظ"۔

(۱) ممیز ملفوظ وہ ہے جس کا ذکر جملہ کے اندر الفاظ میں موجود ہو جیسے اوپر کی مثالوں میں "رطل" اور "عشرۃ"

(۲) ممیّز ملحوظ سے مُراد یہ ہے کہ جملہ کے اندر ممیز الفاظ میں مذکور تو نہ ہو مگر خود جملہ کا ابہام اس امر کا متقاضی ہو کہ اس کی تمیز لائی جائے جیسے فلان أکثر منی مالاً۔ یہاں اگر مالاً نہ کہا جائے تو یہ بات واضح نہیں ہوتی کہ فلاں شخص آپ سے کس چیز میں یا کس لحاظ سے زیادہ ہے۔

ممیّز ملحوظ کی تمیز ممیز جب ملحوظ ہوتا ہے تو تمیز ہمیشہ منصوب ہوتی ہے جیسے محمودٌ أکبرُ منی سنًا۔ طاب المکان هواءً۔ امتلأ الاناءُ ماءً۔ تهلّل وجهه بشرًا۔

وزن، کیل اور مساحت کی تمیز وزن، کیل اور مساحت کی تمیز میں حسب ذیل صورتیں جائز ہیں۔

(الف) یہ کہ منصوب ہو جیسے :۔ اشتریتُ ذراعًا ثوبًا۔

(ب) یہ کہ مجرور باضافت ہو جیسے:۔ اشتریتُ ذراعَ ثوبٍ۔

(ج) یہ کہ مجرور بحرف جار "من" ہو جیسے :۔ اشتریتُ ذراعًا من ثوبٍ۔

عدد کی تمیز عدد کی تمیز حسب ذیل طریقہ پر لائی جاتی ہے۔

(۱) ثلاثةٌ سے عشرةٌ تک کی تمیز جمع اور مجرور لائی جاتی ہے، جیسے ثلاثةُ أقلامٍ وعشرةُ رجالٍ۔

(۲) أحد عشر سے تسعةٌ وتسعون تک کی تمیز واحد اور منصوب ہوتی ہے جیسے أحد عشر کوکبًا و تسعة وتسعون رجلاً۔

(۳) مائۃ اور الف کی تمیز واحد اور مجرور آتی ہے جیسے مائۃ رجل والف رَجُلٍ.

عدد کا حکم عدد کی تمیز سب سے مشکل ہے اور اس سے زیادہ مشکل عدد کی تذکیر وتانیث کا حکم ہے اس لیے اسے اچھی طرح یاد رکھنا چاہیے۔

(۱) عدد کے الفاظ ثلٰثۃٌ سے تسعۃٌ تک تذکیر وتانیث میں معدود کے برعکس ہوتے ہیں، خواہ عدد مفرد ہو، خواہ مرکب ہو، خواہ معطوف و معطوف علیہ ہو۔

(الف) مفرد کی مثال جیسے ثلاثۃَ أقلامٍ اور ثلاث غرفاتٍ اسی طرح تسعۃ تک۔

(ب) مرکب کی مثال جیسے ثلاثۃ عشرَ قلماً اور ثلث عشرۃَ غرفۃً

(ج) معطوف و معطوف علیہ کی مثال ثلاثۃ وعشرون قلمًا اور ثلث وعشرون غرفۃً۔

(۲) عشرۃ (کی تذکیر وتانیث) کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد ہو تو معدود کے برعکس ہوتا ہے اور مرکب ہو تو معدود کے موافق۔

(الف) مفرد کی مثال جیسے :۔ عشرۃ رجال اور عشر غرفاتٍ (معدود کے برعکس)

(ب) مرکب کی مثال جیسے ثلاثۃ عشر قلمًا اور ثلث عشرۃ غرفۃً (معدود کے مطابق)

(۳) واحد اور اثنان تینوں صورتوں میں معدود کے مطابق رہتے ہیں۔

(الف) مفرد کی مثال جیسے { رجل واحد اور غرفۃ واحدۃ ۔ اثنان اور غرفتان اثنتان } واضح رہے کہ واحد اور اثنان کی تمیز نہیں آتی

(ب) مرکب کی مثال جیسے { احد عشر قلما اور احدی عشرۃ غرفۃً ۔ اثنا عشر قلما اور اثنتا عشرۃ غرفۃً }

(ج) معطوف و معطوف علیہ مثال { احد وعشرون قلماً اور احدی وعشرون غرفۃً ۔ اثنان وعشرون قلماً اور اثنتان وعشرون غرفۃً }

(۴) عشرۃ کے سوا باقی تمام عقود (دہائیاں) عشرون وثلثون وغیرہ تذکیر وتانیث میں یکساں رہتے ہیں۔

(۵) اسی طرح مائۃ اور الف بھی تذکیر وتانیث میں یکساں رہتے ہیں۔

عدد کا اعراب احدَ عشرَ سے تسعۃَ عشرَ تک باستثناء "اثنا عشر" فتحہ پر مبنی ہوتے ہیں، باقی تمام اعداد بہ شمول "اثنا عشر" معرب ہیں، عامل کے مطابق ان کا اعراب پڑھا جاتا ہے۔

کنایات العدد کم، کأین اور کذا کے ذریعہ بھی عدد کا کنایہ کرتے ہیں، اس کے احکام حسب ذیل ہیں:۔

(۱) کم استفہامیہ کی تمیز مفرد اور منصوب ہوتی ہے جیسے کم تلمیذاً فی صفك ؟ (تمہارے درجہ میں کتنے طلبا ہیں؟) لیکن کم پر جب کوئی حرف جار داخل ہو جائے تو تمیز مجرور ہو جاتی ہے بکم دوبیۃٍ (کے روپے ہیں؟) منذ کم یوم ؟ (کتنے دن سے؟) اگرچہ اصل قاعدہ کی رو

سے بکم روبیۃً اور منذ کم یوماً منصوب بھی پڑھ سکتے ہیں۔

(۲) کم خبریہ کی تمیز مفرد اور جمع دونوں لکھ سکتے ہیں مگر ہر حال میں مجرور رہے گی جیسے کم کتبٍ قرأتُ یا کم کتابٍ قرأتُ (میں نے کتنی ہی کتابیں پڑھی ہیں) کبھی کم خبریہ کی تمیز پر مِن حرف جار بھی داخل کر دیتے ہیں جیسے کم مِن کتابٍ قرأتہ (میں نے کتنی ہی کتابیں پڑھی ہیں)

(۳) کأین کی تمیز مِن حرف جار کے ساتھ ہمیشہ مجرور آتی ہے جیسے کأین من طالبٍ لا یجتھد فی القراءۃ (کتنے ہی طالب علم پڑھنے میں محنت نہیں کرتے)

(۴) کذا کی تمیز ہمیشہ مفرد اور منصوب ہوتی ہے جیسے اعطیتہ کذا درھماً (میں نے اسے اتنے درہم دیے)۔

نوٹ:۔ کم خبریہ اور کأین سے صرف کثیر اشیا کی طرف کنایہ کیا جاتا ہے اور کذا سے قلیل وکثیر دونوں کی طرف۔

التمرین (۴۳)

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:۔

۱۔ الأنبیاء أصدق الناس لھجۃ وأکرمھم طینۃ وأعفھم نفسا و أنقاھم عرضا وأشدھم خوفا من اللہ عزوجل۔

۲۔ وکان أصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم أبر الناس قلوبا وأعمقھم

علما واقلهم تكلفا۔

(٣) زرت اليوم مدرسة واجتمعت بأساتذتها وطلابها ولقيت عميد المدرسة وحادثت معه نحو عشرين دقيقة فوجدته أكثرهم علما وأفصحهم حديثا وأوسعهم معرفة ثم قمت وطفت معه فى أنحاء المدرسة فشاهدت أبنيتها۔ فللمدرسة بناية عظيمة شامخة وهى تشتمل على قاعة كبيرة، وخمس وثلثين غرفة، منها عشر غرفات على السطح ولها دار لاقامة الطلبة جميلة، فيها ست عشرة غرفة وفى كل غرفة خمسة شبابيك وأربع نوافذ، وفى الوسط مسجد جميل فيه اثنا عشر عمودا وثلثة عشر شباكا وثلثة ابواب۔ وأرض المسجد فرشت بالرخام ومساحة المدرسة نحو ثلثة آلاف ذراع۔

(٤) غزوة بدر الكبرى وقعت فى السنة الثانية من الهجرة بين ثلث مائة وثلثة عشر مقاتلا من المسلمين وألف مقاتل من قريش ببدر۔ انتصر فيها المسلمون باذن ربهم انتصارا باهرًا فأسروا من قريش سبعين رجلا وقتلوا من مشاهيرهم مثل ذلك ولم يقتل من المسلمين إلّا اثنا عشر رجلا ولهذه الغزوة أهمية كبيرة فى تاريخ الاسلام اذ كانت هى وقعة مشهودة بل الحدّ الفاصل بين الحق والباطل "كم من فئة

قلیلۃ غلبت فئۃ کثیرۃ باذن اللہ واللہ مع الصابرین۔

---

(۵) وتمت کلمۃ ربک صدقا وعدلا لا مبدل لکلمتہ وھو السمیع العلیم۔

(۶) ومن الناس من یتخذ من دون اللہ أندادا یحبونھم کحب اللہ والذین اٰمنوا أشد حبا للہ۔

(۷) وأما ثمود فأھلکوا بالطاغیۃ، وأما عاد فأھلکوا بریح صرصر عاتیۃ سخرھا علیھم سبع لیال وثمانیۃ أیام حسوما فتری القوم فیھا صرعیٰ۔

(۸) إن عدۃ الشھور عند اللہ اثنا عشر شھرا فی کتاب اللہ یوم خلق السمٰوٰت والأرض منھا أربعۃ حرم۔

(۹) واذ استسقیٰ موسیٰ لقومہ فقلنا اضرب بعصاک الحجر فانفجرت منہ اثنتا عشرۃ عینا قد علم کل أناس مشربھم کلوا وشربوا من رزق اللہ ولا تعثوا فی الأرض مفسدین۔

(۱۰) وواعدنا موسیٰ ثلثین لیلۃ وأتممنٰھا بعشر فتم میقات ربہ أربعین لیلۃ۔

(۱۱) إن ھٰذا أخی لہ تسع وتسعون نعجۃ ولی نعجۃ واحدۃ فقال أکفلنیھا وعزنی فی الخطاب۔ قال لقد ظلمک بسؤال نعجتک إلیٰ نعاجہ۔

(۱۲) أوكالّذي مرّعلىٰ قرية وهي خاوية علىٰ عروشها قال أنّىٰ يحيٖ هٰذه الله بعد موتها فأماته الله مائة عامٍ ثمّ بعثه۔

(۱۳) ولقد أرسلنا نوحًا إلىٰ قومه فلبث فيهم ألف سنةٍ إلّا خمسين عاما فأخذهم الطوفان وهم ظالمون۔

(۱۴) وكأيّن من قرية عتت عن أمر ربها ورسله فحاسبنٰها حسابًا شديدًا وعذّبنٰها عذابًا نكرا۔

(۱۵) وكم من قرية أهلكنٰها فجاءها بأسنا بياتا أوهم قائلون فما كان دعواهم إذ جاءهم بأسنا إلّا أن قالوا إنّا كنّا ظٰلمين۔

التمرین (۴۴)

عربی میں ترجمہ کیجیے :۔

(۱) محمود مجھ سے عمر میں چھوٹا ہے لیکن قد و قامت میں وہ مجھ سے بڑا ہے، اس لیے دوڑنے میں وہ مجھ سے تیز ہے مگر تیراکی میں مَیں اس سے اچھّا ہوں۔

(۲) میرے درجہ میں بارہ طلبا ہیں جن میں سے دو تحریر و تقریر کے لحاظ سے بہت اچھے ہیں۔

(۳) اس کا دل خوشی سے اُمنڈ آیا اور چہرہ پر مسرت کی ایک لہر دوڑ گئی جب کہ اس نے سُنا کہ امتحان سالانہ میں اوّل آنے کی وجہ سے پہلا انعام اسی کو دیا گیا۔

(۴) اس وقت میری عمر ۲۲ سال سات ماہ کی ہے اور میرے بڑے بھائی کی ۲۵ سال ۶ ماہ کی، کیوں کہ وہ مجھ سے دو سال گیارہ ماہ بڑے ہیں۔ اور میرا چھوٹا بھائی

مجھ سے گیارہ سال دس ماہ چھوٹا ہے، اس حساب سے اس کی عمر دس سال ۹ ماہ کی ہوئی۔

(۵) میں نے ایک روپیہ نو آنے میں پندرہ کاپیاں اور چار روپے میں تیرہ قلم، گیارہ پنسلیں اور تین نب لئے۔ اب میرے پاس گیارہ روپے بارہ آنے بچتے ہیں، ابھی مجھے فونٹن پن کے لئے ایک دوات روشنائی اور تین درسی کتابیں خریدنی باقی ہیں۔

(۶) پندرہ روپے لے کر میں گھر سے نکلا، جن میں سے تین روپے کا ۶ سیر آٹا، اور تین روپے آٹھ آنے کا نصف سیر گھی اور ایک بوتل تیل خریدا۔ اس کے بعد پھلوں کی دوکان پر گیا، جہاں پانچ روپے گیارہ آنے میں بارہ کیلے، دس انار، سات سیب اور پندرہ سنترے خریدے۔

(۷) مالی نے ایک سو پچیس روپے میں پانچ سو آم فروخت کیے اور ۱۲ روپے میں ایک ہزار لیموں، سو آم میں نے بھی لئے اور پچیس روپے ادا کئے۔

(۸) ہم نے کتنے ہی درخت اپنے باغ میں لگائے مگر سب خشک ہوہو کر رہ گئے، اس سال پھر ہم نے سو پیڑ آم کے، پچیس امرود کے اور اکیس پودے لیموں کے لگائے ہیں۔

(۹) میرا خاندان دس افراد پر مشتمل ہے۔ ہم لوگ سو روپے ماہانہ پر گزر بسر کر لیتے ہیں اور اللہ کا شکر ہے یہاں کتنے ہی گھر ایسے ہیں جس کے افراد میرے خاندان کے افراد سے زیادہ ہیں اور وہ مشکل سے پچاس روپے پاتے ہیں۔

(۱۰) اہم غزوات میں دوسرا غزوہ اُحد کا ہے یہ ۳ھ میں پیش آیا، بدر کے مقتولین

کا بدلہ لینے کے لئے کفار قریش تین ہزار جنگجو لے کر آئے، اُحد پہاڑ کے پاس اُترے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب معلوم ہوا تو ایک ہزار مسلمانوں کے ساتھ آپؐ باہر
نکلے، ان میں سے تین سو آدمی عبداللہ ابن اُبی منافق کے تھے۔ عبداللہ ابن اُبی
انھیں لے کر راستہ سے واپس چلا آیا، اب تین ہزار کے مقابلہ میں صرف سات سو
مسلمان رہ گئے، پہلے وہلہ میں مسلمان غالب آئے مگر ایک غلطی کے ارتکاب
کی وجہ سے آخر میں شکست ہوئی، اس جنگ میں ستر مسلمان شہید ہوئے۔

(۱۱) "خانۂ کعبہ مسجد حرام کے صحن میں واقع ہے، ایک سیاہ رنگ کے غلاف کے
اندر عظیم الشان کمرہ ہے، طول تقریباً ۵، فٹ، عرض ۶ فٹ اور بلندی ۸۰، ۸۱
فٹ، اس کے چاروں طرف چکر لگانے کے لیے ایک گول راستہ بنا ہوا ہے، اسی
حلقہ کو مطاف کہتے ہیں ـــــ دنیا نے کتنے انقلابات دیکھے، کتنے عبادت خانے
بنے اور بگڑے، کتنے مندر تعمیر ہوئے اور کھدے، کتنے گرجے آباد ہوئے اور اُجڑے
ہزار ہا طوفان آئے اور گزر گئے، مگر یہ سیاہ چوکور گھر جسے نہ کسی انجینئر نے بنایا اور
نہ کسی مہندس نے، آدمؑ سے لے کر ایں دم جوں کا توں کھڑا ہے۔"

(سفر نامہ حجاز)

الدّرسُ التّاسِع

(عدد وصفی اور سنین)

عدد وصفی عدد وصفی جس سے اعداد کی ترکیب معلوم ہوتی ہے، اسم فاعل کے وزن پر حسب ذیل طریقہ سے لکھتے ہیں:-

الدرس الأول الدرس العاشر — القصة الأولی القصة العاشرة

الدرس الحادی عشر الدرس التاسع عشر — القصة الحادیة عشرة۔ القصة التاسعة عشرة

الدرس العشرون والثلثون والتسعون الخ — القصة العشرون۔ والثلثون والتسعون الخ

الدرس الحادی والعشرون۔ والتاسع والتسعون۔ — القصة الحادیة والعشرون والتاسعة والتسعون۔

الدرس المائة والدرس الألف — القصة المائة والقصة الألف

بیچ کے اعداد اختصار کی غرض سے حذف کر دیے گئے ہیں، ان مثالوں پر غور کرنے سے حسب ذیل باتیں معلوم ہوتی ہیں۔

(۱) تذکیر وتانیث اور تعریف وتنکیر میں عدد اپنے موصوف کے مطابق ہے

(۲) عدد مرکب (یعنی ۱۱ سے ۱۹ تک) اور عدد معطوف ومعطوف علیہ (یعنی ۲۱، ۲۲ و ۲۳ وغیرہ) میں صرف پہلا ہی جز اسم فاعل کے وزن پر رہے دوسرا جز اپنے حال پر باقی ہے۔

(۳) عدد مرکب میں ''ال'' صرف پہلے ہی جز پر ہے مگر عدد معطوف و

معطوف علیہ میں دونوں جز پر۔

(۴) العاشر کے سوا باقی دہائیوں پر صرف "ال"، ہی داخل کر دینا کافی ہوتا ہے انھیں اسم فاعل کے وزن پر نہیں ڈھالا جا سکتا، اسی طرح تذکیر وتانیث میں بھی وہ یکساں رہتے ہیں۔

نوٹ: اوپر کے نقشہ میں اسم فاعل کے وزن پر جو اعداد لکھے گئے ہیں ان کا ترجمہ پہلا، دوسرا، پانچواں وغیرہ سے کیا جاتا ہے، لیکن آپ اگر تینوں چاروں، پانچوں وغیرہ جیسے معانی کو ادا کرنا چاہیں تو اس کے لئے عدد اسم فاعل کے وزن پر نہیں لکھا جاتا بلکہ اصلی صورت میں باقی رکھتے ہوئے صرف "ال" داخل کر دینا کافی ہوتا ہے جیسے: تینوں بھائیوں نے اپنے باپ سے کہا قال الاخوان الثلاثة لأبيهم۔

سنین تاریخ وسنین حسب ذیل طریقہ پر لکھتے پڑھتے ہیں:-

(۱) ولد فلان في التاسع عشر من شهر شوال سنة سبع وخمسين وسبع مائةٍ من الهجرة۔

(۲) توفي فلان في الخامس والعشرين من شهر ربيع الأول سنة إحدى وستين وثلث مائةٍ وألفٍ من الهجرة۔

(۳) استقلت الهند من أيدي الانكليز سنة سبعٍ وأربعين وتسع مائةٍ بعد الألف من الميلاد۔

نوٹ: سنة چوں کہ مؤنث ہے اس لئے اس کے بعد واحد اور اثنان مؤنث لکھے جاتے ہیں جیسے اوپر کی دوسری مثال میں اور ثلث سے

تسع تک نذکر۔

(۲) عرب مؤرخین حسب ذیل طریقہ پر تاریخیں لکھتے ہیں:۔

پہلی تاریخ کے لئے لِلَیلَۃٍ خلتْ من شھر کذا۔ اسی طرح چودہ تاریخ تک جیسے لاربعَ عشرۃَ خلون من شھر کذا۔ پندرہویں تاریخ کو لنصف شھر کذا۔ اور سولہویں کو لأربعَ عشرۃ لیلۃً بَقِین من شھر کذا۔ اسی طرح اٹھائیسویں تک ــــ اُنتیسویں تاریخ کو للیلۃٍ بقیت من شھر کذا۔ اور تیسویں کو لاٰخرِ یوم من شھر کذا لکھتے ہیں۔

(۳) اعداد دونوں طرف سے پڑھے جاتے ہیں مگر زیادہ فصیح یہ ہے کہ دائیں طرف سے پڑھا جائے جیسے "۱۵۹۷" سال کو سبع وتسعون وخمس مائۃ وألف سنۃٍ۔ اگرچہ ألفُ وخمس مائۃ وسبع وتسعون سنۃً بھی لکھ پڑھ سکتے ہیں۔

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:۔

الشیخ الامام ابن تیمیۃ

ولد العلامۃ الامام أحمد تقی الدین بن تیمیۃ فی العاشر من شھر ربیع الأول سنۃ إحدی وستین وست مائۃ من الھجرۃ النبویۃ "بحرّان" ونشأ بھا النشأۃ الأولی، إلی أن بلغ السابعۃ من عمرہ فاغاربھا

التتار فيها جرمع اسرته إلى دمشق - وقد حفظ القرآن منذ حداثة سنه ثم ثقف العربية وبرع فى الفقه والحديث وتبحر فى تفسير القرآن حتى صار إماما فيه -

وكان أبوه عالما جليلا، له كرسيّ للدراسة فى الجامع الكبير فى دمشق ومشيخة الحديث فى بعض المدارس، فلما بلغ ابن تيمية الحادية و العشرين من عمره توفى أبوه سنة اثنتين وثمانين وست مائة فتولى الدراسة بعد وفاة أبيه بسنة- فجلس مجلسه وحل محله- فكان يلقى الدروس فى الجامع الكبير بلسان عربى مبين فاتجهت إليه الأنظار واستمعت اليه الأفئدة وكثر التحدث باسمه فى المجالس العلمية ولم يكد يبلغ الثلاثين من عمره حتى ذاع صيته وأصبح مقصداً العلماء الطلاب -

وكان ابن تيمية يودّ إحياء ماكان عليه الصحابة وأهل القرن الأول من اتباع السنة المحضة كما كان يحاول ازالة بعض ما علق بها من غبار- فانتقد على العلماء والصوفية والفقهاء فأثاروا حوله الخلاف والفتن- فحبس ثم لم يزل يقع فى محنة بعد محنة وينقل من مجلس الى آخر حتى وافته المنية بقلعة دمشق (حيث كان هو محبوساً) فى الثانى والعشرين من شهر ذى القعدة سنة ثمان وعشرين وسبع مائة رحمه الله -

التمرين (۴۶)

عربی میں ترجمہ کیجئے :۔

ابن بطوطہ

مسلمانوں میں کتنے ہی سیّاح گزرے ہیں، مگران میں سب سے زیادہ شہرت کے لحاظ سے بڑا ھا ہوا ابن بطوطہ ہے، اس نے اپنی زندگی کے تیس سال سیاحت میں گزارے، اس عرصہ میں اس نے تقریبًا ۷۵۰۰۰ میل کا سفر طے کیا۔ یہ ۱۷ر رجب ۷۰۳ھ مطابق ۱۳۰۴ء کو شمالی افریقہ کے شہر طنجہ میں پیدا ہوا، اور وہیں پرورش پائی، یہانتک کہ جب اکیس سال کا ہوا تو طنجہ سے ۷۲۵ھ میں حج کے ارادے سے نکلا اور یہیں سے اس کی سیاحت کا آغاز ہوتا ہے۔

ایک مرتبہ گھومتا پھرتا خشکی کے راستے سے ۷۳۴ھ میں ہندوستان آپہونچا، اس وقت یہاں محمد تغلق شاہ کی حکومت تھی، اس نے بڑی آؤ بھگت کی، پھر بارہ ہزار روپے ماہوار پر اُسے دہلی کا قاضی مقرر کردیا، آٹھ دس سال ابن بطوطہ یہاں مقیم رہا، پھر ایک وفد میں چین کے لیے روانہ ہوا، چین سے واپسی میں جزائر شرق الہند، سرندیپ وغیرہ سے گزرا، پھر ۷۴۸ھ میں سومطرا کی راہ سے عراق، شام، فلسطین وغیرہ کی سیاحت کرتا ہوا مکہ معظمہ پہونچا، جہاں اس نے اپنا چوتھا حج کیا، پھر اسے وطن کی یاد آئی، چنانچہ مکّہ سے چلا تو مصر، تونس، الجزائر اور مراکش ہوتا ہوا ۷۵۰ھ میں گھر پہونچا۔۔۔۔ گھر پر بمشکل پانچ چھ سال قیام رہا کہ پھر اندلس گیا، وہاں سے واپس ہوا تو پھر صحرائے افریقہ کی سیر کرتا ہوا ۷۵۴ھ میں تمبکتو پہونچا مگر وہاں سے جلد ہی وطن لوٹ

آیا، اس کے بعد اس نے وہ اپنا مشہور سفر نامہ مرتب کیا جو سفر نامہ ابن بطوطہ کے نام سے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ اس کی ترتیب وتسوید سے ۷۵۶ھ میں فارغ ہوا۔ اس کے بعد ۷۷۹ھ مطابق ۱۳۷۷ء میں انتقال کیا۔

(ہماری کتاب مرتبہ افضل صاحب ایم، اے)

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:۔

سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ولد سیدنا محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم صباح اليوم الثاني عشر من شهر ربيع الأول لعام الفيل أو اليوم العشرين من شهر إبريل سنة إحدى وسبعين وخمس مائة للميلاد بمكة ونشأ يتيما. فقد توفى أبوه حين كان هو جنينا، ثم لم يكد يبلغ السادسة من عمره حتى استأثر الله بامه فحضنه جده عبد المطلب سنتين ولما توفى هو كفله عمه ابو طالب نشأ النبى صلى الله عليه وسلم يتيما ولكن الله تولى تاديبه فشب على سجاحة خلق ورجاحة عقل وحلم ووقار وحياء وعفة ونفس رضية ولسان صادق ثم طهره الله من الدنس والأرجاس فلم يشرب الخمر قط ولم يأكل مما ذبح على النصب ولم يشهد للأوثان عيداً ولا حفلا۔

ترعرع رسول الله صلى الله عليه وسلم في حجر عمه، فلما بلغ

الثالثة عشرة من عمره، سافر معه الى الشام ثم سافر إليها للمرة الثانية وهو فى الخامسة والعشرين من عمره. متاجرا ببضاعة خديجة بنت خويلد ومعه غلامها ميسرة فعاد وربح مالاكثيرا فرده إلى خديجة بكل أمانة فلما رأت خديجة من الربح الكثير وأمانته صلى الله عليه وسلم عرضت عليه أن يتزوجها وكانت سنها اربعين سنة فرضى رسول الله صلى الله عليه وسلم وخطبها عمه إلى عمها وتم الزواج وكانت خديجة من أفضل نساء قومها نسبا وثروة وعقلا ودراية، ولها أجمل ذكر فى تاريخ الاسلام.

هذه هى حياته قبل البعثة فلما بلغ الأربعين من سنه ابتعثه الله وجعله نبيا فقام رسول الله صلى الله عليه وسلم بأعباء الرسالة وجعل يدعو إلى الله كل من توسّم فيه خيرًا أو كان من الحكمة أن تكون دعوته سرية فدعا ثلاث حجج سرًّا ثم أمر أن يصدع بما يؤمر فأعلن بها فى قومه فحميت القبائل وأنفت قريش وجعلوا يؤذونه واشتد منهم الايذاء يوما فيوما حتى إذا تعدى الأذى أتباعه أمرهم بالهجرة الى الحبشة فهاجر إليها عشرة رجال وخمس نسوة. ثم تبعهم بعد ذلك جماعة من المسلمين حتى كانت عدتهم ثلاثة وثمانين رجلا وسبع عشرة امرأة، رجع بعضهم إلى مكة قبل الهجرة إلى المدينة وأقام بها آخرون إلى السنة السابعة من الهجرة، وأما النبى صلى الله عليه وسلم فمازال بمكة صابرًا على الأذى، محتملًا للكره،

مثابراً على دعوته يدعو قومه إلى الهدى ودين الحق، وقريش تقادمه وتؤذيه حتى انسلخ على هذه الحال الشديدة عشر سنوات، فلما كانت السنة العاشرة من النبوة فجع بموت عمه النبيل وزوجته الكريمة فى يومين متقاربين فاشتد به الأذى من قريش ونصبوا له الحبائل وتربصوا به الدوائر۔

وكان النبى صلى الله عليه وسلم خلال تلك السنين لا يسمع بقادم يقدم من العرب له اسم وشرف إلا تصدى له ودعاه إلى الله ودين الهدى حتى إذا كانت السنة الحادية عشرة خرج الى القبائل فى موسم الحج فآمن به ستة من اهل يثرب كانوا سبب انتشار الاسلام فى المدينة ثم جاء منهم اثنا عشر رجلا فى السنة الثانية عشرة دبايعوه ورجعوا إلى المدينة فلم تبق دار من دور المدينة إلا وفيها ذكر رسول الله صلى الله عليه وسلم ولما كانت السنة الثالثة عشرة من البعثة جاء منها ثلثة وسبعون رجلا وامرأتان فاسلموا على يد رسول الله صلى الله عليه وسلم وبايعوه فازداد الاسلام انتشارا فى المدينة۔ فأمر النبى صلى الله عليه وسلم اصحابه بالهجرة إليها۔ فجعل المسلمون يهاجرون ويلحقون باخوانهم الأنصار فى المدينة بعد ما اضطهدوا كثيرا وقاسوا الشدائد والمحن فما أن أحس المشركون بهجرتهم حتى اجتمعوا وائتمروا بقتل رسول الله صلى الله عليه وسلم ولكنه خرج منها مع صاحبه أبى بكر الصديق فى حفظ من

ليس يغفل وتوجّها إلى المدينة حتى وصلا إليها يوم الجمعة الثاني عشر من شهر ربيع الأول سنة ثلاث وخمسين من مولده وهو يوافق لأربع و عشرين من شهر ستمبر سنة اثنتين وعشرين وست مائة من الميلاد فاقام بها عشر سنين يجاهد المشركين ويجادلهم بالسيف ويقنعهم ويجادلهم بالبراهين وآيات القرآن حتى فبهرت البينات ألبابهم وبهرت الآيات أبصارهم ولم يجدوا سبيلا للانكار فانحسر العمى وانجاب الشرك بنور الحق وجعل الناس يدخلون في دين الله أفواجا. فلما كان في الثالثة والستين من عمره جاءه اليقين، فلحق صلى الله عليه وسلم بالرفيق الأعلى يوم الاثنين الثالث عشر من شهر ربيع الأول سنة احدى عشرة من الهجرة الموافق للثامن يونيو سنة اثنتين وثلاثين وست مائة من الميلاد.

وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم أفصح العالمين لسانا وأبلغهم بيانا، مثقف اللسان، فياض الخاطر، سهل اللفظ إماما مجتهد أصحاب معجزات وآيات في اللسان العربي المبين، وكان كلامه كما وصفه الجاحظ "الكلام الذي قل عدد حروفه وكثر عدد معانيه وجل من الصناعة ونزه عن التكلف ثم لم يسمع الناس بكلام قط أعم نفعا ولا أصدق لفظا ولا أعدل وزنا ولا أجمل مذهبا وأكرم مطلبا ولا أحسن موقعا ولا أسهل مخرجا ولا أبين من فحواه من كلامه صلى الله عليه وسلم".

وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم "دائم البشر سهل الخلق، لين الجانب، ليس بفظ ولا غليظ أجود الناس صدرا وأصدق الناس لهجة وألينهم عريكة، وأكرمهم عشيرة، من رآه بديهة هابه ومن خالطه معرفة أحبه- يقول ناعته لم أر قبله ولا بعده مثله صلى الله عليه وسلم"

عربی میں ترجمہ کیجئے :-

مجدد الالف الثانیؒ

دسویں صدی کے اواخر کا زمانہ تھا کہ ۹۶۴ھ میں اکبر ہندوستان کے تخت و تاج کا مالک ہوا اور پورے پچاس برس اس نے حکومت کی، یہ ایک نہایت ہی جاہل اور اَن پڑھ بادشاہ تھا، اسے کسی نے یہ پڑھا دیا کہ اب نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کو ہزار سال ہو رہے ہیں، دوسرے ہزار میں نئے دین اور نئے مذہب کی ضرورت ہے، چنانچہ ۹۸۳ھ سے یہاں اکبری الحاد کا دور شروع ہوا۔ ۹۸۷ھ میں ایک محضر نامہ تیار کیا گیا جس کا مضمون تھا کہ بادشاہ ظل اللہ ہے، امام عادل ہے مجتہد العصر ہے، کسی کا پابند نہیں، اس کا حکم سب پر بالا ہے" یہ محضر نامہ نئے مذہب کے اعلان کی تمہید تھی، آخر ۹۹۰ھ میں "دین الٰہی" کی تاسیس کا اعلان بھی ہو گیا اس نئے دین کا کلمہ" لاالٰہ الا اللہ اکبر خلیفۃ اللہ" تجویز کیا گیا۔ اب ہر قسم کی گمراہیاں اس کے دور میں رواج پانے لگیں، وحی و رسالت، حشر و نشر، جنت و دوزخ، ہر چیز کا مذاق اڑایا جانے لگا، نماز و روزہ، حج اور دوسرے شعائر دینی پر اعتراضات

کئے جانے لگے، اس کے برعکس ہندوانہ رسم ورواج فروغ پانے لگیں، ہندو تہواروں کے موقع پر عام عید منائی جاتی، بتوں کی پوجا کا انتظام ہوا، دوسری طرف مسجدیں منہدم کی جانے لگیں، جوئے اور شراب کو حلال کیا گیا۔

یہی حالات تھے کہ ۹۷۱ھ میں حضرت مجدد الف ثانی پیدا ہوئے، آپ سن رشد کو پہونچتے ہی اس فتنہ کو بھانپ گئے، چنانچہ آپ اس کے مقابلہ کے لئے تیار ہو گئے، حکومت کے افسروں اور فوج کے سپہ سالاروں پر تبلیغ شروع کر دی اور ہر طرف اپنے مریدوں کے جال بچھا دیے۔ ۱۰۱۴ھ میں اکبر کا انتقال ہو گیا، اور اس کی جگہ اس کا بیٹا جہانگیر تخت و تاج کا وارث ہوا، حضرت مجدد صاحب نے اپنا کام جاری رکھا اور اب کھل کر میدان میں آ گئے۔ بالآخر آپ کی دعوت کے اثرات ظاہر ہونے شروع ہوئے، شروع شروع میں جہاں گیر کی حکومت نے ان پر کوئی سختی نہ کی، مگر ردّ شیعیت میں آپ نے صاف صاف زبان کھولی تو حکومت کے درباری بگڑ گئے اور طرح طرح سے بادشاہ کو اکسایا، بالآخر دربار میں طلبی ہوئی، آپ تشریف لے گئے، سلام مسنون پر اکتفا کی اور رواج کے مطابق زمین بوس نہ ہوئے، یہ دیکھ کر درباری بہت برہم ہوئے، آپ نے اس کی پروا نہ کی اور سرِ دربار منکرات کی مذمت شروع کر دی، نتیجہ یہ ہوا کہ گوالیار کے قلعہ میں آپ قید کر دیے گئے، حضرت مجدد صاحب نے وہاں بھی اپنا کام جاری رکھا، دیکھتے دیکھتے قید خانہ کی کایا پلٹ ہو گئی، بادشاہ کو اطلاع دی گئی کہ اس قیدی نے حیوانوں کو انسان، اور انسانوں کو فرشتہ بنا ڈالا بادشاہ کو اپنی غلطی کا احساس ہوا، اُس نے پایۂ تخت پر آنے کی آپ کو دعوت دی، اور اپنے بیٹے شاہ جہاں کو استقبال کے لئے بھیجا، حضرت مجدد صاحبؒ تشریف لے آئے،

بادشاہ نے معذرت چاہی۔ حضرت مجدد صاحبؒ نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا، دور اکبری کے منکرات و بدعات کی منسوخی کا مطالبہ کیا، بادشاہ نے ان کے منسوخ کئے جانے کا فرمان جاری کیا، اس طرح نصف صدی کی گھٹاٹوپ تاریکی کے بعد ایک مرتبہ پھر اسلام کو اس ملک میں سربلندی حاصل ہوئی۔

حضرت مجدد صاحبؒ کا پورا نام احمد بن عبدالاحد فاروقی ہے، ۱۰۳۴ھ میں آپ نے وفات پائی رحمہ اللہ ونضر وجہہ یوم القیمۃ (ماخوذ ملخص)

الدَّرسُ العَاشِرُ

(فعل تعجُّب اور نعم و بئس)

کسی شے کے حُسن یا قبح پر اظہار تعجب کے لئے عربی میں مَا اَفعَلَہٗ اور اَفعِل بِہٖ کے دو صیغے مستعمل ہوتے ہیں جیسے مَا اَجمَلَ المَنظَرَ اور اَجمِل بِالمَنظَرِ (کیا ہی خوب منظر ہے)

کسی فعل سے مذکورہ بالا وزن پر تعجب کے صیغے لانے کی شرط یہ ہے کہ وہ فعل ثلاثی ہو، تام ہو[1]، مثبت ہو، معروف ہو، عسیٰ وغیرہ کی طرح سے فعل جامد نہ ہو، اس کا اسم صفت افعل کے وزن پر نہ آتا ہو (جیسے اَحمَرُ، اَبکَمُ وغیرہ) اس کے اندر تفاوت ممکن ہو جیسے حُسن و جمال علم وغیرہ، بخلاف فنا اور موت وغیرہ کہ ان کے اندر تفاوت ممکن نہیں ہے، اس لیے ان سے تعجب کے صیغے نہیں لائے جاتے۔

جو افعال مذکورہ بالا شرائط پر پورے نہ اُتریں مثلاً غیر ثلاثی ہوں یا ناقص ہوں یا منفی ہوں یا اس کا اسم صفت افعل کے وزن پر آتا ہو تو ایسی صورت میں ما اشدّ یا اس کے ہم معنی لفظ لکھ کر اس کے بعد اس فعل کا مصدر صریح یا مصدر مؤوّل بأن لے آتے ہیں جیسے

---

[1] تام ہو یعنی کان صار وغیرہ جیسے افعال ناقصہ نہ ہوں۔

مَا أَشَدَّ الحُمْرَةَ۔ مَا أَشَدَّ كَوْنَ الدَّوَاءِ مُرًّا۔ ما اقبح ان يُعاقَبَ البَرِئُ۔ ما أعظم الازدحامَ على المحطة۔ ما اضرّان لايصدُقَ التاجرُ وغیرہ۔

فعل تعجب کے بعد جو اسم آتا ہے وہ منصوب ہوتا ہے جیسے ما أطيب الطعامَ اس کے برعکس ما اطيب طعامًا کہنا صحیح نہیں ہے اور نہ الطعام کو مقدم کرنا ہی جائز ہے۔

افعال مدح وذم (نعم وبئس) نعم اور بئس فعل جامد ہیں ان سے مضارع اور امر نہیں آتے نعمَ مدح کے لئے اور بئس ذم کے لئے آتا ہے جیسے نعمَ التلميذُ المجتهدُ (محنتی طالب علم خوب ہے)، بئس التلميذُ الكسلانُ (سست اور کاہل طالب علم بُرا ہے)

نعم اور بئس کے فاعل ہمیشہ معرف باللام کی طرف مضاف ہوتے ہیں، یا پھر ضمیر مستتر ہوتی ہے جس کی تفسیر بعد میں کوئی اسم نکرہ (تمیز کی صورت میں کرتا ہے یا پھر وہ لفظ ما ہوتا ہے، جیسے: نعمَ التلميذُ محمودٌ نعمَ خلقُ التلميذِ الصدقُ۔ نعم صديقًا الكتابُ۔ نعم ما تجتهدُ في القرأة۔

نعم وبئس کے فاعل کے بعد جو اسم آتا ہے وہ مخصوص بالمدح و مخصوص بالذم کہلاتا ہے اور وہ بھی مرفوع ہی ہوتا ہے مگر اس کو جو رفع ہوتا ہے وہ خبر کی بنا پر دیا جاتا ہے اور اس کا مبتدا وجوبًا محذوف مانا

جاتا ہے۔ نعم التلمیذ المجتہد کی ترکیب یہ ہوگی کہ نعم فعل مدح التلمیذ فاعل المجتہد خبر مبتدا محذوف کی (مبتدا محذوف الممدوح ہوگا) ـــــ اس کی دوسری ترکیب یوں بھی کی جاتی ہے کہ المجتہد کو خبر ماننے کے بجائے مبتدا مانیں اور ماقبل کو خبر۔

کبھی مخصوص بالمدح ومخصوص بالذم کو فعل پر مقدم بھی کر دیتے ہیں جیسے المجتہدُ نعمَ التلمیذُ اس وقت المجتہد صرف مبتدا ہی ہو سکتا ہے اور بعد کا جملہ خبر ہوگا۔

نعم وبئس کی طرح حبذا ولا حبذا بھی مدح وذم کے لئے آتے ہیں حبذا، نعم کے معنی میں اور لاحبذا، بئس کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے: حبذا القناعةُ مع الجِدِّ اور لا حبذا یومٌ لا تعمل فیہ خیرا۔ ان میں "ذا" اسم اشارہ فاعل ہوتا ہے اور مابعد مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم بنتا ہے۔

التمرین (۴۹)

ترجمہ کیجئے اور اعراب لگائیے:۔

(۱) ما أعظم السماء لقد رفعها الله القدیر بغیر عمد ترونها۔

(۲) ما أشد ابتهاج الفقیر یعطى فی الشتاء ثوبا فیلبسه ویقی به غوائل البرد۔

(۳) ما أشدّ الحرّ يا لطيف: لقد ارتفعت درجة الحرارة إلى مائة وثمانى عشرة نقطة فَعِيلَ صبرُ الناس۔

(۴) قيل لاعرابية مات ابنها "ما أحسن عزاءك عن ابنك" فقالت إن مصيبته أمنتنى من المصائب بعده،

(۵) "ما أسمج وجه الحياة من بعدك يا بُنَىّ، وما اقبح صورة هذه الكائنات فى نظرى وما أشد ظلمة البيت الذى أسكنه بعد فراقك إياه فلقد كنت تطلع فى أرجائه شمسا مشرقة تضيئ لى كل شئ فيهٖ أما اليوم فلا ترى عينى مما حولى أكثر مما ترى عينك الان فى ظلمات قبرك" (النظرات)

(۶) بنفسى تلك الأرض ما أطيب الرّبا
وما أحسن المصطاف والمتربعا

(۷) ما أنضر الروض إبّان الربيع وقد
سقاه ماء الغوادى فهو ريّان

(۸) وقاتلوهم حتىٰ لا تكون فتنة ويكون الدين كله لله فان انتهوا فان الله بما يعملون بصير۔ وإن تولوا فاعلموا أنّ الله مولٰكم نعم المولىٰ ونعم النصير۔

(۹) وقالوا الحمد لله الذى صدقنا وعده وأورثنا الأرض نتبوأ من الجنّة حيث نشاء فنعم أجر العاملين۔

(۱۰) الّذين قال لهم الناس انّ الناس قد جمعوا لكم فاخشوهم فزادهم

ایمانا و قالوا حسبنا الله ونعم الوکیل ۔

(۱۱) ولقد أرسلنا موسیٰ بآیٰتنا و سلطٰن مّبین فاتبعوا أمر فرعون وما أمر فرعون برشید ۔ یقدم قومہ یوم القیٰمۃ فأوردھم النار وبئس الورد المورود ۔ واُتبعوا فی ھٰذہ لعنۃ ویوم القیٰمۃ بئس الرفد المرفود ۔

(۱۲) ذٰلکم بما کنتم تفرحون فی الأرض بغیر الحق وبما کنتم تمرحون ۔ أدخلوا أبواب جہنّم خالدین فیہا فبئس مثوی المتکبرین ۔

التمرین (۵۰)

عربی میں ترجمہ کیجئے :۔

صبح کا کیسا سہانا وقت ہے، صاف اور ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے، ابھی کچھ کچھ اندھیرا ہے، ستارے جھلملا رہے ہیں، کتنے حسین ہیں یہ تارے اور کتنا دل فریب ہے اس وقت ان کا منظر ۔ اب کچھ دیر بعد اُجالا ہو جائے گا، سورج کی روشنی اُن سب پر غالب آجائے گی، آؤ کسی اونچے ٹیلے پر چڑھ کر سورج کے طلوع ہونے کا تماشا دیکھیں، لو دیکھو، اب سورج طلوع ہو رہا ہے، اس کی ہلکی اور دھیمی شعاعیں درختوں کی پھنگیوں پر نظر آنے لگیں، کیسا دل چسپ منظر ہے اور ذرا شبنم کے ان قطروں کو دیکھو جیسے بکھرے ہوئے موتی کے دانے ہوں، شعاعیں ان پر کیا پڑیں کہ سچّے موتی کی طرح چمکنے لگے، نیلے پیلے اودے، سُرخ، سبز اور بنفشی رنگوں کی آمیزش سے کس قدر خوب صورت معلوم ہو

رہے ہیں یہ قطرے کتنی عجیب ہے قدرت کی کاریگری۔ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ۔

"اب ہم حجاز سے قریب ہو رہے ہیں اور مدت کی سوئی ہوئی تمنائیں جاگ رہی ہیں، یاالٰہی وہ کیا ساعت ہوگی جب ہم تیرے گھر کے سامنے کھڑے ہوں گے اور وہ کیا آن ہوگی جب ہمیں طواف کی سعادت حاصل ہوگی، یہ مشت خاک اور دیارِ حرم کی آبلہ پائی، یہ سب اُس کے فضل سے ہے، جو کچھ ہے اسی کا ہے، جو کچھ ہے اُسی کی طرف سے ہے"

دیار عرب میں چند ماہ مولانا مسعود عالم ندوی

الباب الثانی

فی تمرینات عامۃ

اب تک آپ کسی نہ کسی قاعدہ کے تحت عربی ترجمہ کی مشق کر رہے تھے اس لئے بڑی حد تک لفظی ترجمہ کے پابند تھے، خصوصًا ہر درس میں دیے ہوئے قاعدہ کے مطابق مخصوص ترکیبوں کی پابندی آپ کے لئے ضروری تھی مگر اب ہم آپ سے یہ پابندی ہٹا کر چند تمرینات ایسے لکھ رہے ہیں کہ ان میں کسی مخصوص و متعین قاعدہ کی مشق نہیں بلکہ صرف ترجمہ مقصود ہے۔

ترجمہ میں جملہ اسمیہ کے بجائے جملہ فعلیہ، اور جملہ فعلیہ کی جگہ جملہ اسمیہ اور دوسری ترکیبیں بھی بدلی جا سکتی ہیں اور اسی طرح الفاظ کی نشست اور جملوں کی ترتیب میں بھی ردوبدل کیا جا سکتا ہے بلکہ بسا اوقات مترادف جملوں کا حذف اور بعض دوسرے جملوں کا اضافہ بھی صحیح ہوتا ہے مگر ان تمام تصرفات میں شرط یہ ہے کہ معنی مراد میں کوئی تغیّر نہ ہو۔ اصل یہ ہے کہ ہر زبان کا اپنا ایک طرز تعبیر اور طریق ادا ہوتا ہے جس کی پابندی دوسری زبان میں نہیں کی جا سکتی، مگر اس کے یہ معنی بھی نہیں کہ الفاظ اور جملوں کی کوئی رعایت نہ کی جائے، اور ترجمہ کے بجائے معنی و مفہوم کی ترجمانی کی جانے لگے، بلکہ اس کی صحیح

صورت یہ ہے کہ حتی الامکان پہلے اس بات کی کوشش کرنی چاہیے کہ لفظ و معنی دونوں کی رعایت باقی رہے لیکن جہاں دونوں کی رعایت ممکن نہ ہو، وہاں صرف معنی کی ادائیگی پر اکتفا کیا جائے، ذیل میں ایک ترجمہ مع اصل کے درج کرتے ہیں تاکہ آپ کو سمجھنے میں مزید سہولت ہو۔

ایک حیثیت سے اور غور فرمائیے، آں حضرت صلعم ہمیشہ صرف اپنے معتقدوں ہی میں نہ رہے بلکہ مکہ میں قریش کے مجمع میں رہے ، نبوت سے پہلے چالیس برس آپ کی زندگی انہی کے ساتھ گزری اور پھر تاجرانہ زندگی، لین دین کی زندگی، معاملہ اور کاروبار کی زندگی، جس میں قدم قدم پر بد معاملگی، بدنیتی، خلاف وعدگی اور خیانت کاری کے عمیق غار آتے ہیں، مگر آپ اس طرح بے خطر اس راستہ سے گزر گئے کہ آپ کو ان سے امین کا خطاب حاصل ہوا، نبوت کے بعد بھی لوگوں کو آپ پر یہ اعتماد تھا کہ اپنی امانتیں آپ ہی کے پاس رکھواتے تھے، چنانچہ ہجرت کے موقع پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اسی لئے مکہ میں چھوڑا تاکہ آپ کے بعد وہ لوگوں کی امانتیں واپس کر سکیں، آپ کے دعوائے نبوت پر تمام قریش نے برہمی ظاہر کی، مقاطعہ کیا، دشمنیاں ظاہر کیں، گالیاں دیں، راستے روکے، نجاستیں ڈالیں، پتھر پھینکے، قتل کی سازشیں کیں، آپ کو ساحر کہا، شاعر کہا، مجنوں کہا مگر کسی نے یہ جرأت نہ کی کہ آپ کے اخلاق و اعمال کے

خلاف ایک حرف بھی زبان سے نکال سکے، حالاں کہ نبوت و پیغمبری کے دعوے ہی کے یہ معنی ہیں کہ مدعی اپنی بے گناہی اور معصومیت کا دعویٰ کررہا ہے اس دعوے کے ابطال کے لئے، آپ کے اخلاق و اعمال کے متعلق چند مخالفانہ شہادتیں بھی کافی تھیں، تاہم اس دعوے کو توڑنے کے لئے انھوں نے اپنی دولت لٹائی، اپنی اولاد کو قربان کیا، اپنی جانیں دیں لیکن یہ ممکن نہ ہوا کہ وہ آپ کی ذات پر معمولی خردہ گیری کر کے بھی اس کو باطل کرسکیں ۔

(خطبات مدراس)

ترجمہ :-

